علمی و تحقیقی مجلّہ

معارفِ اسلامی

ISSN:1992-8556

جلد: ۱۶ شمارہ: ۲

جولائی ۲۰۱۷ء تا دسمبر ۲۰۱۷ء

سرپرست اعلیٰ

شاہد صدیقی

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

سرپرست

محی الدین ہاشمی

ڈین، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مدیر

عبدالحمید خان عباسی

چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

نائب مدیران

محمد سجاد

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

محمد رفیق صادق

لیکچرار، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ظفر اقبال

لیکچرار، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

طاہرہ افراق

لیکچرار، شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلّہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق اُصول

مجلّہ معارفِ اسلامی میں مقالہ نگار حضرات درج ذیل اُصول وضوابط کو پیش نظر رکھیں:

- ✓ مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔
- ✓ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔
- ✓ مقالہ کی ضخامت 20 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
- ✓ مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے (www.*mei.aiou.edu.pk*)
- ✓ مقالہ کا عنوان اُردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں شامل ہو۔
- ✓ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔
- ✓ مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔
- ✓ مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔
- ✓ ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔
- ✓ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہو گی تو اس کے لیے مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔
- ✓ مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں، نیز حوالہ جات مقالہ کے آخر میں دیئے ہوں۔
- ✓ مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلّہ کی 2 کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔
- ✓ مقالہ کے حوالہ جات کے لیے درج ذیل فارمیٹ اختیار کیا جائے۔
- ✓ **قرآن کریم کی آیات کے حوالہ کے لیے:** البقرہ ۲: ۱۲۲۔ **حدیث کے حوالہ کے لیے:** محمد بن اسماعیل البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الذبائح والصید، باب أکل کل ذی ناب من السباع (ریاض: دارالسلام ۱۴۱۷ھ)، حدیث: ۵۵۳۰۔ **کتب فقہ و دیگر کتب کے لیے:** ابو بکر محمد بن احمد السرخسی، اُصول السرخسی، (بیروت: دار المعرفۃ، ۱۹۹۷ء)، ۱: ۳۵۰۔

ضروری نوٹ: مجلّہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلّہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار و خیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔

قیمت فی شمارہ -/100 روپے　　　سالانہ بدل اشتراک -/350 روپے

پتہ برائے رابطہ: مدیر مجلّہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ
بلاک نمبر 12، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

فون نمبر: 051-9057870　　　ای میل: maarifeislami@aiou.edu.pk

کمپوزنگ وڈیزائننگ: **عرفان قیصر، محمد یوسف**

طباعت: ....　　ناشر: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

مجلس ادارت

قومی	بین الاقوامی
قبلہ ایاز، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	**عطاء اللہ صدیقی**، انسٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر، یو۔ کے
علی اصغر چشتی، پروفیسر/ چیئرمین شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**عز الدین بن زغیبہ**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ دراسات و اشاعت واُمور خارجہ، جمعۃ الماجد، دبئ
معراج الاسلام ضیاء، صدر شعبہ علوم اسلامیہ ودراسات علوم شرقیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور	**اشرف عبدالرافع**، رسائل النور فاؤنڈیشن، الازہر یونیورسٹی، قاہرہ ، مصر
محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**محمد صالح سکری**، دائریکٹر سینٹر آف اسلامک ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ (ISDEV) یونیورسٹی آف سائنس، ملائیشیا
نور احمد شاہتاز، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	**سعود عالم قاسمی**، سنی دینیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا
فضل اللہ، پروفیسر، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**نور محمد عثمانی**، شعبہ قرآن و سنت ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی ، ملائیشیا
غلام یوسف، پروفیسر/ چیئرمین شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**خالد محمود شیخ**، کنسلٹنٹ اقراء انٹرنیشنل ایجوکیشن، امریکہ
اذکیا ہاشمی، چیئرمین شعبہ اسلامیات وعلوم دینیہ، جامعہ ہری پور	**مستنصر میر**، پروفیسر شعبہ فلسفہ و مذہبی مطالعات، ینگسٹاؤن سٹیٹ یونیورسٹی، ینگسٹاؤن، امریکہ
شاہ معین الدین ہاشمی، ایسوسی پروفیسر، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**عبدالحمید بریشک**، شعبہ تفسیر و قرآنی علوم ، فیکلٹی آف تھیالوجی، مارمرہ یونیورسٹی، استنبول، ترکی
عبدالغفار بخاری، ایسوسیی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد	**مصباح اللہ عبدالباقی**، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف کابل، افغانستان

مجلس مشاورت

قومی	بین الاقوامی
محمد الغزالی، مدیر الدرسات الاسلامیہ، ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**ظفر الاسلام اصلاحی**، پروفیسر وسابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ ، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ ، انڈیا
انیس احمد، وائس چانسلر، رفاہ بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**مہدی زہرا**، ریڈر آف لاء، شعبہ بین الاقوامی قانون، سکاٹ لینڈ

سعد صدیقی، ڈائریکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور	**عبدالرشید متین**، پروفیسر آف سیاسیات، سنٹر فار اسلامائزیشن، ملائیشیا
ہمایوں عباس شمس، پروفیسر و ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد	**عبدالغفار**، یونیورسٹی آف لندن، یو کے
عبدالعلی اچکزئی، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ	**محمد تھانوی جبریل**، شعبہ علوم اسلامیہ (خواتین)، اسکندریہ، مصر
عبداللہ عابد، پروفیسر شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، گومل یونیورسٹی، خیبر پختونخواہ	**عبداللہ سعید**، پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ایشیا انسٹیوٹ، یونیورسٹی آف ملبرن، آسٹریلیا
ارشد قیوم، سابق پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج غازی، ہری پور	**ہدایت حیدر، یونیورسٹی آف استنبول**
عبدالمہیمن، اسسٹنٹ پروفیسر وانچارج شعبہ علوم اسلامیہ ودینیہ، یونیورسٹی آف ہری پور	**عبدالوحید**، پروفیسر، شعبہ فلسفہ و مذہبی مطالعات، ینگسٹاؤن سٹیٹ یونیورسٹی، ینگسٹاؤن، امریکہ
سمیع الحق، سابق پروفیسر، شعبہ تفسیر و قرآنی علوم، ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**شبیر احمد**، پروفیسر، شعبہ تفسیر و قرآنی علوم ، فیکلٹی آف تھیالوجی، مارمرہ یونیورسٹی، استنبول، ترکی

معاون مدیران

خورشید احمد سعیدی، لیکچرار، شعبہ تقابل ادیان، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
محمد طیب، لیکچرار، گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج، باغ آزاد کشمیر
محمد لطیف، سبجیکٹ سپیشلسٹ/پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
محمد عمران خان، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
دلاور خان، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، اسلام آباد
محمد یوسف یعقوب، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
محبوب الرحمٰن، ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
احتشام الحق، لیکچرار/ایم فل سکالر، شعبہ شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
عطاء اللہ علوی، لیکچرار/ایم فل سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
عرفان قیصر، ایم فل سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شرکاء کا تعارف

- محمد نجیب، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد سجاد، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی فکر، تاریخ و ثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد شہباز منج، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف سرگودھا
- صائمہ شہباز منج، پی ایچ ڈی سکالر، یونیورسٹی آف سرگودھا
- ڈاکٹر سلیم الرحمٰن، چیئرمین شعبہ اسلامک تھیالوجی، اسلامیہ کالج پشاور
- ڈاکٹر محمد ریاض خان الازہری، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامک اینڈ ریلجس سٹڈیز، یونیورسٹی آف ہزارہ
- حافظ محمد ارشد اقبال، پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- حافظ شوکت علی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، پروفیسر/ چیئرمین، شعبہ فکر اسلامی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- نور احمد ڈھڈی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر علی اصغر چشتی، پروفیسر/ چیئرمین، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- ڈاکٹر احمد رضا، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- حافظ امین سعیدی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، جامعہ اسلامیہ بہاولپور
- ڈاکٹر محمد اسماعیل بن عبد السلام، لیکچرار شعبہ عربی، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر نور حیات خان، لیکچرار شعبہ عربی، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبد القادر جوندل، اسسٹنٹ پروفیسر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- محمد الطاف حسین الازہری، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ شریعہ و قانون، بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد ابراھیم سعد النادی، پروفیسر، شعبہ شریعہ و قانون، بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- شاہد الرحمٰن پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی، پروفیسر/ چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد شہزاد آزاد، لیکچرار، کالج فار بوائز، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبد الرؤف ظفر، چیئرمین شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف سرگودھا، لاہور کیمپس
- ثناکشور، ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، فاطمہ جناح یونیورسٹی، راولپنڈی
- ڈاکٹر عائشہ رفیق، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، فاطمہ جناح یونیورسٹی، راولپنڈی
- ڈاکٹر شیر علی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد
- محمد عارف متین، بوسٹن اسلامک سنٹر، یو کے

فہرست مضامین

اُردو مضامین

صفحہ	مقالہ نگار	مضمون	نمبر شمار
1	محمد نجیب ڈاکٹر حافظ محمد سجاد	فوز وفلاح کا قرآنی تصور: معاصر تفاسیر کی روشنی میں تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ	1
27	ڈاکٹر محمد شہباز منج صائمہ شہباز منج	ماخذِ قرآن پر استشراقی نظریات کا ناقدانہ جائزہ	2
47	ڈاکٹر سلیم الرحمٰن ڈاکٹر محمد ریاض خان الازہری	نسخ پر استشراقی اعتراضات کا ناقدانہ جائزہ	3
71	حافظ محمد ارشد اقبال	معاشرتی معاملات میں کفارہ کا اسلامی تصور: فقہاء مفسرین کی آراء کا تجزیاتی مطالعہ	4
97	حافظ شوکت علی ڈاکٹر محی الدین ہاشمی	حقِ مریض اور اس کے اسرار و رموز کی حفاظت: اسلامی احکامات و تعلیمات	5
117	نور احمد خان ڈھڈی ڈاکٹر علی اصغر چشتی	بینکاری کا تعارف، اسلامی بینکاری کی ضرورت واہمیت اور پاکستان میں اس کا مستقبل	6

عربی مضامین

141	الدکتور احمد رضا حافظ محمد امین سعیدی	آراء المستشرقین فی الوحی: دراسة تحلیلة	7
153	الدکتور محمد اسماعیل بن عبد السلام الدکتور نور حیات خان	الاستعارة والکنایة وشواهدهما فی آیات الجهاد (دراسة وتحلیل)	8
161	الدکتور طاہر حکیم	من أسباب الإرهاب: التعصب المذهبي والتحزب الطائفي	9
177	الدکتور عبد القادر جوندل	منصب النبی صلی الله علیه وسلم کإمام وقائد وأبعاده ودلالاته فی فقه الدین وفی التعامل مع الأحادیث النبویة	10
191	محمد الطاف حسین الأزہری الدکتور محمد إبراہیم سعد النادی	الخدمة المصرفیة فی المصارف التقلیدیة الإسلامیة فی باکستان	11

انگریزی مضامین

1	شاہد الرحمٰن ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی	Impediments in translating the Qur'an and guiding principles for translation	12
21	ڈاکٹر محمد شہزاد آزاد ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر	Contrast Opinions of Orientalists on the Spread of Islam; A Critical Analysis	13
39	ثناء کشور ڈاکٹر عائشہ رفیق	Women and Entrepreneurship: A Study in the Light of Islamic Teachings	14
65	ڈاکٹر شیر علی محمد عارف متین	Changing Japanese Society and religions (an overview of feminism in Japan)	15

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

فوز وفلاح کا قرآنی تصور: معاصر تفاسیر کی روشنی میں تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

(Concept of Quranic '*Fauzu o Falah*' in the light of contemporary *tafaseers*)

محمد نجیب
پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
ڈاکٹر حافظ محمد سجاد
ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ و ثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

The word fauz-o-flah (فوزوفلاح) is an Arabic word used frequently in the Holy Quran ,giving the meanings of real success and achiements those who are successful indeed will got Fauz-o- falah as Almighty Allah says in the Holy Quran:
"Not equal are the inhabitants of the fire and the inhabitants of paradise.it is the inhabitants of paradise who are the successful" (59:20).
The wordly life is short, a test and the life here-after is its reward, either in the form of fire of hell or the paradise. Those who obey the commandments of Almighty Allah and lead their lives accordingly, are successful and are known as Muflihūn (مفلحون) . The others who pass their lives in their own ways (other than Quranic guidance), they are the inmates of the fire of the hell. Their capacities will be rendered inert, wasted and nulified and their wishes will end in futility. They are in loss and are known as khasreen (خاسرین).
In this article endeavour has been made to explain, how Holy Quran guides the human, characteristics of righteous and God fearing people who lead there lives with in the parameters of Holy Quran, are successful in this world as well as in the life here after.

تعارف

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے بنی نوع انسان کی راہنمائی کے لئے آخری الہامی کتاب ہے جو آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی ہے۔ یہ کتاب علوم وآگہی کا مجموعہ ہے۔زندگی کے ہر گوشہ کے لئے بلا مبالغہ اس میں مکمل راہنمائی موجود ہے۔ جو شخص بھی قرآن مجید سے مکمل راہنمائی حاصل کرے گا۔ وہ

یقینی طور پر کبھی گمراہ نہیں ہوگا۔ یہ وہ کتاب ہے جو انسان کو صراط مستقیم کی طرف راہنمائی فراہم کرتی ہے اور انسان کامیابی کی منازل طے کرتا ہوا اپنی اس چند روزہ زندگی کا اختتام کرتا ہے۔

یہ زندگی دو رُخ رکھتی ہے ایک رُخ جسے کامیابی کہا جاتا ہے اور دوسرا رُخ ناکامی کہلاتا ہے۔ اس الہامی کتاب پر ایمان رکھنے والے اور صدقِ دل سے عمل کرنے والے اس دنیا میں بھی کامیاب ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی انہیں جنت الفردوس اور اللہ کی نعمتوں کی شکل میں کامیابی ملتی ہے۔ دراصل یہی وہ کامیابی ہے جسے قرآن مجید نے جگہ جگہ فوز وفلاح قرار دیا ہے۔ یہی دراصل حقیقی کامیابی ہے، یہی کامیابی اصل میں فوز وفلاح ہے۔ مختلف ماہرین لغت نے فوز وفلاح کی لغوی واصطلاحی تعریفیں کی ہیں۔

فوز وفلاح کی لغوی واصطلاحی تعریف

الف۔ فوز لغوی مفہوم

فوز: لسان العرب میں فوز وفلاح کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

"(فوز) الفَوْزُ النَّجاءُ والظَّفَرُ بالأُمْنِيَّةِ والخيرِ فازَ به فَوْزاً ومَفازاً ومَفازَةً وقوله عز وجل إِن للمتقين مَفازاً حَدائِقَ وأَعْناباً۔ (فلح) الفَلَح والفَلاحُ الفوز والنجاة والبقاء في النعيم والخير وفي حديث أَبي الدَّحْداحِ بَشَّرَكَ الله بخير وفَلَحٍ أَي بَقاءٍ وفَوْز وهو مقصور من الفلاح وقد أَفلح قال الله عَزَّ من قائل قد أَفْلَحَ المؤمنون أَي أُصِيرُوا إِلى الفلاح"[1]

("فوز" کے معنی نجات پانا اور خواہش، تمنا اور بھلائی حاصل کرنا، اس کا مقصد "فوزاً" مفازاً" اور "مفازةً" ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری ہے: بے شک نیکو کاروں کے لئے کامیابی ہے، باغات ہیں اور انگور ہیں۔ فَلَح ، الفلح، الفلاح کے معنی ہیں۔ کامیاب ہونا، نجات حاصل کرنا، اور نعمتوں اور بھلائیوں میں باقی رہنا۔ حضرت ابو الدحداح کی حدیث ہے: "اللہ نے آپ کو خیر اور کامیابی کی خوشخبری دی ہے۔" یعنی بقاء اور کامیابی کی خوشخبری ہے۔ قرآن میں ہے: (قد أَفْلَحَ المؤمنون) "مؤمن لوگ کامیاب ہوگئے" یعنی فلاح تک پہنچ گئے)

امام راغب اصفہانی نے الفوز کے معنی سلامتی کے ساتھ خیر حاصل کرلینے بیان کئے ہیں۔ قرآن میں ہے: ﴿ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ﴾[2] یہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا﴾[3] تو بے شک بڑی مراد پائے گا۔ (تو بے شک بڑی مراد پانے کے معنی یہ ہیں کہ وہ دنیوی ساز وسامان کی حرص کرتے ہیں اور غنیمت وغیر حاصل کرلینے کو ہی بڑی کامیابی سمجھتے ہیں۔[4]

ب۔فلاح کا مفہوم

اَلْفَلْحُ کے معنی پھاڑنا کے ہیں مثل مشہور ہے "اَلْحَدِیْدُ بِالْحَدِیْدِ یُفْلَحُ"۔ (لوہا، لوہے کو کاٹتا ہے)۔اس لئے فَلاَّحٌ کسان کو کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ زمین کو پھاڑتا ہے اور فَلَاحٌ کے معنی کامیابی اور مطلب وری کے ہیں یہ دو قسم پر مشتمل ہے دنیوی اور اخروی۔ فلاح دنیوی ان سعادتوں کو حاصل کر لینے کا نام ہے جن سے دنیوی زندگی خوشگوار بنتی ہو یعنی بقاء المال اور عزت ودولت۔

فلاح اخروی چار چیزوں کے حاصل ہو جانے کا نام ہے: بقا بلا فناء, غنا بلا فقر، عزت بلا ذلت، علم بلا جہل۔اسی لئے کہا گیا ہے "لَاعَیْشَ اِلَّا عَیْشَ الْاٰخِرَۃِ" (کہ آخرت کی زندگی ہی حقیقی زندگی ہے)۔اور اسی فلاح کے متعلق فرمایا: ﴿وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ﴾[5] (اور زندگی کا مقام تو آخرت کا گھر ہے)۔﴿اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾[6] اور یاد رکھو کہ خدا ہی کا لشکر مراد حاصل کرنے والا ہے۔

فلاح کے اصطلاحی معانی

فلاح یافتہ وہ لوگ ہیں جو قیامت کے دن دوزخ کے عذاب سے بچ گئے اور اللہ کی جنتوں میں داخل کئے گئے۔وہ بامراد اور کامیاب قرار پائے۔

فوز وفلاح کا قرآنی تصوّر

قرآن پاک کی ابتدا ہی سے یہ تعلیم دی گئی ہے اور مومن اللہ کی بارگاہ میں یہ دعا مانگتا ہے: یا اللہ ! ہمیں صراطِ مستقیم کی ہدایت فرما۔ دنیا میں صراطِ مستقیم کا پہچاننا ہی سب سے بڑا علم اور کامیابی ہے، اور اسی کی پہچان میں غلطی ہونے سے اقوام عالم تباہ ہوتی ہیں۔ ورنہ خدا طلبی اور اس کے لئے مجاہدات کی تو بہت سے کفار میں بھی کوئی کمی نہیں، اسی لئے قرآن نے صراطِ مستقیم کو پوری توضیح کے ساتھ ایجابی اور سلبی دونوں پہلوں سے واضح فرمایا ہے۔

مفتی محمد شفیع لکھتے ہیں: "صراطِ مستقیم کی ہدایت صرف آخرت اور دین کے کاموں کے ساتھ مخصوص نہیں، دنیا کے سب کاموں کی درستی اور کامیابی بھی اسی پر موقوف ہے: اس لئے یہ دعا ایسی ہے کہ مومن کو ہر وقت حرز جان بنانے کے قابل ہے: شرط یہ ہے کہ استحضار اور نیت کے ساتھ کی جائے صرف الفاظ پڑھ لینا کافی نہیں"[7]

فلاح کیا چیز ہے، کہاں اور کیسے ملتی ہے؟

سورۃ المؤمنون کی ابتداء ان آیات مبارکہ سے ہوتی ہے ﴿قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾[8]۔ لفظ فلاح قرآن وسنت میں بکثرت استعمال ہوا ہے۔ اذان واقامت میں پانچ وقت ہر مسلمان کو فلاح کی طرف دعوت دی جاتی ہے۔فلاح

کے معنی یہ ہیں کہ ہر مراد حاصل ہو اور ہر تکلیف دور ہو۔ یہ لفظ جتنا مختصر ہے اتنا ہی جامع کہ کوئی انسان اس سے زیادہ کسی چیز کی خواہش کر ہی نہیں سکتا اور یہ ظاہر ہے کہ مکمل فلاح، کہ ایک مراد بھی ایسی نہ رہے جو پوری نہ ہو۔ ایک تکلیف بھی ایسی نہ رہے جو دور نہ ہو۔ یہ دنیا میں کسی بڑے سے بڑے انسان کے بس میں نہیں ہے۔۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ فلاح کامل تو ایسی چیز ہے جو اس دنیا میں دستیاب ہی نہیں ہو سکتی کیونکہ دنیا تو دار التکلیف، دار المحنت بھی ہے اور اس کی کسی چیز کو بقاء وقرار بھی نہیں۔ یہ متاع گراں مایہ ایک دوسرے عالم میں ملتی ہے جس کا نام جنت ہے۔ وہ ہے ہی ایسا مقام جس میں انسان کی ہر مراد، ہر وقت، بلا انتظار پوری ہو گی۔ ولھم مایدعون (یعنی ان کو ملے گی ہر چیز جو چاہیں گے) اور وہاں کسی ادنیٰ رنج و تکلیف کا گزر بھی نہ ہو گا۔

مولانا محمد شفیعؒ لکھتے ہیں: "کامل "فلاح" کی اصل آخرت ہے۔ صرف دنیا سے دل لگانا طالب فلاح کا کام نہیں ﴿بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا * وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ﴾ (یعنی تم لوگ دنیا ہی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت بہتر بھی ہے کہ اس میں ہر مراد حاصل ہوتی ہے اور ہر تکلیف دور ہو سکتی ہے اور وہ باقی رہنے والی بھی ہے)۔

مزید لکھتے ہیں: "کامل و مکمل فلاح تو صرف جنت ہی میں مل سکتی ہے دنیا میں اس کی جگہ نہیں ہے"[9]

مولانا مودودیؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: "ایمان لانے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ کی دعوت قبول کر لی۔ آپ ﷺ کو پنا ہادی ورہبر مان لیا، اور اس طریق زندگی کی پیروی پر راضی ہو گئے جسے آپ ﷺ نے پیش کیا ہے"

مزید لکھتے ہیں: "فلاح کے معنی کامیابی وخوشحالی ہے۔ یہ لفظ "خسران" کی ضد ہے جو ٹوٹے اور گھاٹے اور نامرادی دو معنوں میں بولا جاتا ہے۔ أَفْلَحَ الرَّجُلُ کے معنی ہیں فلاں شخص کامیاب ہوا۔ اپنی مراد کو پہنچا، آسودہ خوشحال ہو گیا، اس کی کوشش بارآور ہوئی۔ اس کی حالت اچھی ہوئی"[10]

ہدایت یافتہ اور فلاح پانے والے

قرآن حکیم میں ارشاد ربانی ہے:

﴿الم * ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ * الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ * وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[11] (الم یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں۔ ہدایت ہے پرہیزگاہوں کے لئے جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو کتاب

(اے محمد) تم پر نازل کی گئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروں) پر نازل کی گئیں وہ ان سب پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے سیدھی راہ پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں)۔

مؤمن اللہ سے صراط مستقیم طلب کرتا ہے تو اس کے جواب میں پورا قرآن ہے کہ جو صراط مستقیم کا طلب گار، ہدایت کا طلب گار ہے، روشنی کا طلب گار ہے۔ فوز وفلاح کا طلب گار ہے، تو وہ سب تمہارے لئے اس قرآن کی شکل میں حاضر ہے۔ جو شخص ہدایت چاہتا ہے وہ اس کو پڑھے سمجھے اور اس کے مقتضیٰ پر عمل کرے۔ قرآن مجید نے فلاح پانے والوں کی چند ایک صفات بیان فرمائی ہیں کہ بیشک یہ اللہ کی طرف بھیجی ہوئی کتاب ہے اور ایسی کتاب جس میں شک کی کوئی بات نہیں، یہ کتاب سراسر حقیقت پر مبنی ہے اور اگر کوئی انسان اس پر شک کرے تو وہ اس کی کم عقلی اور نادانی ہے۔ یہ کتاب سراسر ہدایت اور رہنمائی کا سرچشمہ ہے مگر اس سے فائدہ اٹھانے کے لیے ضروری ہے کہ آدمی کے اندر یہ صفات پائی جائیں وہ صفات یہ ہیں: المتقین، الایمان بالغیب، اقامت الصلوۃ، الانفاق فی سبیل اللہ، الایمان بالکتب اور ایمان باآخرۃ۔

مولانا مودودیؒ ان عقائد کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

الف۔ یہ کہ انسان دنیا میں غیر ذمہ دار نہیں ہے بلکہ اپنے تمام اعمال کے لئے اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہے۔

ب۔ یہ کہ دنیا کا موجودہ نظام ابدی نہیں ہے بلکہ ایک وقت پر جسے صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اس کا خاتمہ ہو گا۔

ج۔ یہ کہ اس عالم کے خاتمے کے بعد اللہ تعالیٰ دوسرا عالم قائم کرے گا اور اس میں پوری نوع انسانی کو جو ابتدائے آفرینش سے قیامت تک زمین پر پیدا ہوئی تھی۔ بیک وقت دوبارہ پیدا کرے گا اور سب کو جمع کر کے ان کے اعمال کا حساب لے گا اور ہر ایک کو اس کے کئے کا پورا پورا بدلہ دے گا۔

د۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے اس فیصلے کی رُو سے جو لوگ نیک قرار پائیں گے وہ جنت میں جائیں گے اور جو لوگ بد ٹھہریں گے وہ دوزخ میں ڈالیں جائیں گے۔

و۔ یہ کہ کامیابی و ناکامی کا اصلی معیار موجودہ زندگی کی خوشحالی و بدحالی نہیں ہے۔ بلکہ درحقیقت کامیاب انسان وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے آخری فیصلے میں کامیاب ٹھہرے اور ناکام وہ ہے جو وہاں ناکام ہو۔[12]

جن لوگوں میں یہ چھ خصوصیات ہوں گی ان کے لئے قرآن نے فرمایا: ﴿أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾ انہی کیلئے ہدایت ہے اور یہی لوگ کامیاب ہیں یعنی "مفلحون" ہیں۔"[13]

مولانا امین احسن اصلاحیؒ فرماتے ہیں: " یہی لوگ اس دنیا میں اپنے رب کی "صراط مستقیم" پر ہیں اور یہی لوگ آخرت میں فلاح پانے والے بنیں گے۔ باقی سارے لوگ گمراہ ہیں اور وہ آخرت میں جہنم میں جھونک دیئے جائیں گے"۔[14]

مفلحین کے خصائص وصفات

سورۃ المؤمنون میں فلاح پانے والوں کی صفات بیان کی گئی ہیں یہ فلاح ہے جس میں آخرت کی کامل مکمل فلاح بھی داخل ہے۔﴿الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ﴾[15] وہ جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔

پیر کرم شاہؒ خشوع کا مطلب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"نماز میں خشوع کا مطلب ہے کہ انسان اپنی ساری توجہ نماز میں مرکوز رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے منہ پھیرے اور وہ اپنی زبان سے جو تلاوت کرتا ہے اس کے معنی میں غور وتدبّر کرے۔ اس کے علاوہ اس کے ظاہری آداب بھی ہیں۔ کہ نگاہ سجدہ گاہ پر مرکوز ہو۔ دائیں بائیں، آگے پیچھے جسم کو حرکت نہ دے۔ آگے پیچھے جسم کو حرکت نہ دے یعنی ہر قسم کے مکروہات صلاۃ سے بچے تو یہ اس کا خشوع ہوگا اور قبولیّت نماز کا باعث ہوگا"[16]

﴿وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ﴾[17] (اور وہ ہر بے ہودہ امر سے منہ پھرتے ہیں)۔

مفتی محمد شفیعؒ، لغو کے سلسلے میں فرماتے ہیں: " مومن کا دوسرا وصف لغو سے پرہیز کرنا، لغو کے معنی فضول کلام یا کام جس میں کوئی دینی فائدہ نہ ہو۔ لغو کا اعلٰے درجہ مصیبت اور گناہ ہے۔ جس میں فائدہ دینی ہونے کے ساتھ دینی ضرر و نقصان ہے اس سے پرہیز واجب ہے اور ادنٰی درجہ یہ ہے کہ نہ مفید ہو نہ مضر۔ اس کا ترک کم از کم ادنٰی اور موجب مدح ہے"[18]

حدیث میں رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ"[19] (یعنی انسان کا اسلام تب اچھا ہو سکتا ہے جب کہ وہ بے فائدہ چیز کو چھوڑ دے)۔ اسی لئے آیت میں اس کو مومن کامل کی خاص صفت قرار دیا ہے۔[20] ﴿وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ﴾[21] (اور جو زکوۃ ادا کرتے ہیں)۔

تیسرا وصف زکوۃ ہے۔ مولانا مودودیؒ لکھتے ہیں: " زکوۃ دینے اور زکوۃ کے طریقے پر عامل ہونے میں معنی کے اعتبار سے بڑا فرق ہے۔ یہاں ﴿يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ﴾ کا معروف انداز چھوڑ کر ﴿لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ﴾ کا غیر معمولی طرز بیان اختیار کیا گیا ہے۔ عربی زبان میں زکوۃ کا مفہوم دو معنوں سے مرکب ہے: ایک "پاکیزگی" دوسرے "نشوونما"۔ کسی چیز کی ترقی میں جو چیز مانع ہو اس کو دور کرنا اور اس کے اصل جوہر کو پروان چڑھانا۔ یہ دو تصورات مل کر زکوۃ کا پورا تصور بناتے ہیں۔ پھر یہ لفظ جب اسلامی اصطلاح بنتا ہے تو اس کا اطلاق دو معنوں پر ہوتا ہے: ایک وہ مال جو مقصد تزکیہ کے لئے

بولا جائے دوسرے بجائے خود تزکیہ کا فعل۔ اگر یؤتون الزکوۃ کہیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ تزکیہ کی غرض سے اپنے مال کا ایک حصہ دیتے یا ادا کرتے ہیں۔ اس طرح بات مال دینے تک محدود ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر ﴿لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ﴾ کہا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ تزکیہ کا فعل کرتے ہیں۔ اور اس صورت میں بات صرف مالی زکوۃ ادا کرنے تک محدود نہ رہے گی بلکہ تزکیہ نفس، تزکیہ اخلاق، تزکیہ زندگی، تزکیہ مال، غرض ہر پہلو کے تزکیے تک وسیع ہو جائے گی۔ لہٰذا اس آیت کا ترجمہ یوں ہوگا کہ وہ تزکیے کا کام کرنے والے لوگ ہیں یعنی اپنے آپ کو بھی پاک کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی پاک کرتے ہیں"[22]

سورۃ لقمان میں بھی ایسی صفات بیان ہوئیں ہیں: ﴿الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ * أولَئِكَ عَلَى هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[23] (جو نماز قائم کرتے ہیں، زکوۃ دیتے ہیں، آخرت پر یقین رکھتے ہیں یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے راہ راست پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں)۔

مولانا مودودیؒ مفلحین کی صفات کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "تمام نیکیوں کا دارمدار تین چیزوں پر ہے کہ وہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں جس سے خداپرستی اور خداترسی ان کی مستقل عادت بن جاتی ہے۔ وہ زکوۃ دیتے ہیں جس سے ایثار وقربانی کا جذبہ ان کے اندر مستحکم ہوتا ہے، متاع دنیا کی محبت دبتی ہے اور رضائے الٰہی ابھرتی ہے اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں جس سے ان کے اندر ذمہ داری اور جواب دہی کا احساس ابھرتا ہے جس کی بدولت وہ اس جانور کی طرح نہیں رہتے جو چراگاہ میں چھوڑا ہوا چر رہا ہو بلکہ اس انسان کی طرح ہو جاتے ہیں جسے یہ شعور حاصل ہو کہ میں خود مختار نہیں ہوں۔ کسی آقاء کا بندہ ہوں اور اپنی ساری کارگزاریوں پر اپنے آقاء کے سامنے جواب دہی کرنی ہے۔ ان خصوصیات کی وجہ سے یہ نیکوکار اس طرح کے نیکوکار نہیں رہے جن سے اتفاقاً نیکی سرزد ہو جاتی ہے اور بدی بھی اس شان سے سرزد ہو سکتی ہے جس شان سے نیکی سرزد ہوتی ہے اس کے برعکس یہ خصوصیات ان کے نفس میں ایک مستقل نظام فکر واخلاق پیدا کر دیتی ہیں جس کے باعث ان سے نیکی کا صدور باقاعدہ ایک ضابطہ کے مطابق ہوتا ہے اور بدی اگر سرزد ہوتی ہے تو محض ایک حادثہ کے طور پر ہوتی ہے، کوئی گہرے محرکات ایسے نہیں ہوتے جو ان کے نظام اور فکر واخلاق سے ابھرتے اور اپنے اقتضائے طبع سے بدی کی راہ پر لے جاتے ہیں"[24]

﴿وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ * وَالَّذِينَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ * وَالَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ * أُولَئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُكْرَمُونَ﴾[25] (وہ لوگ جو اپنی امانتوں کی حفاظت اور اپنے عہد کا پاس رکھتے ہیں اور جو اپنی گواہیوں پر راست بازی سے قائم رہتے ہیں جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ لوگ عزت کے ساتھ جنت کے باغوں میں رہیں گے)

ان آیات میں فلاح پانے والے جنتیوں کی یہ خصوصیات بیان کی گئی ہیں: وہ اپنی امانتوں کا پاس کرتے

ہیں، اپنے قول وقرار کا پاس کرتے ہیں، جو سچی گواہی پر قائم رہتے ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ ہیں وہ کامیاب لوگ جو جنت کے باغوں کے مالک ہیں۔

مولانا مودودیؒ نے توضیح کرتے ہوے لکھاہے: "امانتوں سے مراد وہ امانتیں بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کے سپرد کی ہیں اور وہ امانتیں بھی جو انسان کسی دوسرے انسان پر اعتماد کر کے اس کے حوالے کرتا ہے۔ اس طرح عہد سے مراد وہ عہد بھی ہے جو بندہ اپنے رب سے کرتا ہے اور وہ عہد بھی جو بندے ایک دوسرے سے کرتے ہیں۔ ان دونوں قسم کی امانتوں اور دونوں قسم کی عہد وپیان کا پاس ولحاظ ایک مومن کی سیرت کے لازمی خصائص میں سے ہیں" یہاں پر ایک حدیث مبارک کا ذکر بھی کرتے ہیں۔

﴿لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ﴾[26] (خبردار رہو جس میں امانت نہیں اس کا کوئی ایمان نہیں اور جو عہد کا پابند نہیں اس کا کوئی دین نہیں)

وہ لوگ نہ تو شہادت چھپاتے ہیں، نہ اس میں کمی پیشی کرتے ہیں وہ اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں جس بلند سیرت وکردار کے لوگ اللہ تعالیٰ کی جنت کے مستحق قرار دیئے گئے ہیں۔ ان کی صفات کا ذکر نمازی سے شروع ہوا اور اس پر ختم کیا گیا ہے۔ نمازی ہونا ان کی پہلی صفت ہے نماز کا ہمیشہ پابند رہنا ان کی دوسری صفت اور نماز کی حفاظت کرنا ان کی آخری صفت ہے۔ نماز کی حفاظت سے بہت سے چیزیں مراد ہیں: وقت پر نماز ادا کرنا نماز سے پہلے یہ اطمینان کرلینا کہ جسم اور کپڑے پاک ہیں، باوضو ہونا، اور وضو میں اعضاء کو اچھی طرح دھونا، ارکان اور واجبات اور مستحباتِ نماز کو ٹھیک ٹھیک ادا کرنا، نماز کے آداب کو پوری طرح ملحوظ رکھنا، اللہ تعالیٰ کی نافرمانیاں کر کے اپنی نمازوں کو ضائع نہ کرنا یہ سب چیزیں نماز کی حفاظت میں شامل ہیں۔[27]

پیر محمد کرم شاہؒ لکھتے ہیں کہ: "ان خوبیوں سے جو لوگ آراستہ ہیں ان میں فطری کمزوریاں باقی نہیں رہتیں، ان کا وجود سب کے لئے باعث رحمت وبرکت بن جاتا ہے۔ ان ہی خصال حمیدہ کے باعث وہ جنت میں داخل ہوں گے اور وہاں ان کو بڑی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا"[28]

مفلحین وہ ہیں جو پیغمبر پر ایمان لائے اس کو تقویت دی، اس کی مدد کی اور اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے نور کی پیروی کی۔

﴿فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[29] (لہٰذا جو لوگ اس پر ایمان لائیں اور اس کی حمایت ونصرت کریں اور اس روشنی کی پیروی اختیار کریں جو اس کے ساتھ نازل کی گئی ہے۔ وہی فلاح پانے والے ہوں گے)

فوز وفلاح کے اصول

فوز وفلاح پانے والے اور حقیقی کامیابی حاصل کرنے والوں کی خصوصیات وصفات کا ذکر سورۃ المؤمنون میں اس طرح ہوا ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ هُمْ مِنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُونَ * وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ * وَالَّذِينَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُونَ * وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ * أُولَئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ﴾[30] (یقیناً وہ لوگ جو اپنے رب کے خوف سے ڈرتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کے احکام پر ایمان لاتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے ہیں اور وہ لوگ جو کچھ دے سکتے ہیں دیتے رہتے ہیں اور ان کے دل اس بات سے ڈرتے ہیں کہ انہیں ایک دن اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے یہی لوگ نیکی کی طرف دوڑتے ہیں اور یہی اس میں سبقت لے جانے والے ہیں)

ان آیات میں بھی اللہ کے نیک بندوں کی خصلتیں بیان ہوئیں ہیں: ا۔ یہ لوگ اللہ کے خوف سے ڈرتے ہیں۔ ۲۔ وہ اپنی رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں۔ ۳۔ وہ اپنے رب کی ساتھ کسی شریک نہیں ٹھراتے ہیں۔ ۴۔ وہ اس کی راہ میں زکوۃ صدقات دیتے ہیں سمجھتے ہیں کہ انہیں اپنے رب کی پاس لوٹ کر جانا ہے۔ ۵۔ نیکی کے کاموں میں تیزی کرتے ہیں اور آگے بڑھ جانا چاہتے ہیں۔

مولانا عبدالماجد دریابادیؒ ان آیات کے حوالے سے لکھتے ہیں: "اہل ایمان اہل تقویٰ ان خصوصیات کی بنیاد پر نفع حاصل کرسکتے ہیں نہ کہ وہ کافر بے دین جو اپنی دنیاوی کامیابیوں اور کامرانیوں پر مغرور اپنے آپ کو حق پر سمجھتے ہیں"[31]

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ، وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ﴾[32] (جن کے (ترازو کا) پلہ بھاری ہوگا وہ کامیاب ہوں گے۔ اور جن کا پلہ ہلکہ ہوگا وہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان میں رکھا وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے)

مفتی محمد شفیعؒ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "میزان عمل میں جس شخص کا نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا وہ فلاح پانے والا ہوگا اور جس کا نیکیوں کا پلہ ہلکا رہے گا تو یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں خود اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کیا۔ اور اب وہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنے والے ہیں۔ اس آیت میں مقابلہ صرف مومنین کاملین اور کفار کا ہے اور انہی کے وزن اعمال کا اور اُن میں سے ہر ایک کے انجام کا ذکر کیا گیا کہ مومنین وکاملین کا پلہ بھاری ہوگا ان کو فلاح حاصل ہوگی، کفّار کا پلہ ہلکا رہے گا ان کو ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنا پڑے گا"[33]

اس آیت کی تفسیر میں عبد الماجد دریا بادیؒ لکھتے ہیں: "اس روز کام آنے والی چیز صرف ایمان ہوگی اور دراصل ایمان کی شناخت یہ ہوگی کہ ان کے عقائد واعمال کا پلڑا میزانِ عدل میں بھاری ہوگا"[34]

مولانا مودودیؒ اس آیت کی تفسیر لکھتے ہیں: "قیامت کے دن جن کے قابل قدر اعمال وزنی ہوں گے جن کے نیکیوں کا پلڑا برائیوں کے پلڑے سے زیادہ بھاری ہوگا وہ فلاح یافتہ ہوں گے"[35]

فلاح وہ لوگ پائیں گے جو نبی اُمّی پر ایمان رکھتے ہیں، اس کی رفاقت کرتے ہیں، اس کی مدد کرتے ہیں اور اس نازل شدہ نور کی اتباع کرتے ہیں:

﴿فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[36]

سو وہ (پس وہ لوگ جو نبی کریم ﷺ ایمان لائے اور ان کی حمایت اور نصرت کرتے ہیں اور اس نور کی پیروی کرتے ہیں جو ان کے ساتھ نازل ہوا ہے تو یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں)

عبد الماجد دریا بادیؒ اس آیت کی تفسیر میں مختصراً بیان کرتے ہیں: (دنیا وآخرت دونوں میں) دنیا میں بہترین دستور حیات ونظام عمل کا مالک اور آخرت میں ہر طرح کی آسائش فراغت سے مالامال۔ (الفائزون بالمطلوب فی الدنیا والآخرۃ. الفوز الذین انزل معه)[37] اس سے مراد قرآن وسنت ہے۔

پیر محمد کرم شاہؒ رقمطراز ہیں: "فلاح وسعادت سے صرف وہی سرفراز ہوگا جو میرے مصطفیٰ پر سچے دل سے ایمان لایا اور اس کی تعظیم وتکریم میں کوئی کوتاہی نہ کی۔ اس کے دین کی نصرت اور اس کی شریعت کی تائید کیلئے ہر قربانی دینے پر مستعد ہوا اور اس کے نور تاباں (قرآن حکیم) کے ارشادات پر عمل کرنے کے لئے دل وجان سے آمادہ ہوا۔ یہ آیت شان رحمۃ للعالمین کی آسمانی تفسیر ہے۔ ایمان کے بعد حضور ﷺ کی تعظیم وتکریم سب سے اہم ہے۔ بلکہ نصرت اور اتباع قرآن کا حق ادا ہی تب ہو سکتا ہے جب دل میں حضورؐ کا ادب واحترام ہوگا"[38]

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[39] (اے لوگو! جو ایمان لائے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اپنے رب کی بندگی کرو اور نیک کام کرو شاید کہ تم فلاح پا سکو)

پیر محمد کرم شاہؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: "اہل ایمان کو رکوع وسجود اور ادائے نماز کا حکم ملا۔ وَاعْبُدُوا سے اس کے تمام احکام بجا لانے کی تاکید کی گئی وَافْعَلُوا الْخَيْرَ سے ایسے کام کرنے کا فرمان صادر ہوا جو اس کے لئے، اس کی قوم وملت کے لئے، سارے نوع انسانی کے لئے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کے لئے اپنے دامن میں خیر ونفع کی نعمت سمیٹتے ہیں"[40]

ایک مومن یہ اعمال صالح اور عبادت کر کے اس بات کی اپنے رب سے امید و توقع کر سکتا ہے کہ وہ شاید فلاح پا سکے۔

﴿وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[41] اے مومنو! تم سب مل کر اللہ سے توبہ کرو توقع ہے کہ فلاح پاؤ گے۔

اس آیت میں مومنوں کو حکم دیا گیا ہے کہ گزشتہ زندگی میں ہونے والی لغزشوں سے تائب ہونا چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ احکام الٰہی میں کسی وقت کوتاہی ہو گئی ہو تو اس پر لازم ہے اس سے توبہ کرے گزشتہ پر ندامت کے ساتھ اللہ سے مغفرت مانگے اور آئندہ اس کے پاس نہ جانے کا عزم صمیم کرے اور امید رکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کو فلاح و کامیابی سے سرفراز فرمائے۔

مومنین کی آزمائش

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ * الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ * أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ﴾[42] (اور ہم ضرور خوف ہراس بھوک کی تکلیف اور مال و جان اور پھلوں کے نقصان سے تمہارا کچھ امتحان لیں گے (اے پیغمبر) صبر کرنے والوں کو خوش خبری دے دو وہ لوگ جنہیں جب کوئی مصیبت پہنچے تو کہہ اٹھتے ہیں کہ ہم تو اسی اللہ کے ہیں اور ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ایسے ہی لوگ جن پر اللہ کی بخششیں اور رحمتیں ہوتی ہیں اور صرف یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں)

اس آیت مبارکہ میں یہ بیان ہوا کہ اگر کوئی شخص ایمان لے آئے عبادت اور بندگی بھی کرتا رہے تو اس پر بھی آزمائش آسکتی ہے، مثلاً: خوف وہراس، بھوک یعنی امیر ہونے کے بعد غریب ہو جانا، مال وجان میں کمی اور نقصان، باغ کا آندھی، جھکڑ ژالہ باری وغیرہ سے نقصان ہو سکتا ہے، مگر جن لوگوں نے ان مصائب میں صبر کیا کفران نعمت نہ کیا بلکہ ان مصائب کو وسیلہ ذکر و شکر بنایا، ان کو اے پیغمبر! ہماری طرف سے بشارت سنادو

1۔اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت

جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں گے وہی حقیقت میں فلاح پائیں گے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ * وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ﴾[43] (بلاشبہ جب مومنوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جائے کہ ان کے درمیان فیصلہ کریں تو ان کی بات فقط یہ ہوتی ہے کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرے گا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور اس کی نافرمانی سے بچتا رہے تو اسی طرح کے لوگ ہی کامیاب ہوں گے)

اس آیت میں منافقین کے مقابلے میں مومنوں کی کیفیت بیان کی جارہی ہے کہ وہ خدائی فیصلے پر کیسا ردِّ عمل کرتے ہیں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ جب مومن کو اللہ اور اس کے رسول کے فیصلے کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو وہ صرف ایک ہی بات کرتا ہے کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی۔کیا عمدہ بات ہے،﴿سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا﴾ ہم نے سنا اور اطاعت کی مختصر اور معنی خیز ہے۔

مفتی محمد شفیعؒ لکھتے ہیں: "اس آیت میں چار چیزیں بیان کر کے فرمایا ہے۔کہ جو ان چار چیزوں کے پابند ہیں وہ ہی بامراد اور دین و دنیا میں کامیاب ہیں، اس کے بعد وہ تفسیر قرطبیؒ سے ایک واقعہ جو کہ حضرت عمر فاروق اعظمؓ اور ایک رومی کے متعلق ہے بیان کیا اس میں اس آیت کی وضاحت ہوتی ہے ﴿مَنْ يُطِعِ اللَّهَ﴾ فرائض الٰہیہ کے متعلق ہے ﴿وَرَسُولَهُ﴾ سنت نبوی کے متعلق ہے۔﴿وَيَخْشَ اللَّهَ﴾ گزشتہ عمر کے متعلق ہے۔﴿وَيَتَّقْهِ﴾ آئندہ باقی عمر کے متعلق ہے۔جب انسان ان چار چیزوں کا عامل ہو جائے تو اسکو ﴿هُمُ الْفَائِزُونَ﴾ کی بشارت ہے اور فائز وہ شخص ہے جو جہنم سے نجات پائے اور جنت میں اس کو ٹھکانا ملے "[44]

پیر محمد کرم شاہؒ اس آیت کی تفسیر ان الفاظ میں کرتے ہیں: " جو شخص فرائض میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے اور سنتوں میں اس کے رسول کی پیروی کرتا ہے اور گزری ہوئی زندگی میں جو غلطیاں اس سے ہوئیں ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور آنے والی زندگی میں تقویٰ اختیار کرتا ہے یہی لوگ کامیاب ہیں اور کامیاب وہ شخص ہے جسے آتش جہنم سے نجات مل گئی اور جنت میں داخل کر دیا گیا "[45]

تفسیر نمونہ میں ناصر مکارم شیرازی لکھتے ہیں: " جو شخص یہ ایمان رکھتا ہے کہ اللہ ہر چیز کا عالم ہے وہ ہر شخص سے بے نیاز ہے اور تمام بندوں کیلئے رحیم اور مہربان ہے تو اللہ کے فیصلے پر کسی اور کے فیصلے کو کیسے ترجیح دے سکتا ہے۔کیونکہ ممکن ہے کہ وہ اللہ کے فیصلے پر اس کے سوا کچھ کہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی یہ کیسی عظیم آزمائش اور مومنین کی کامیابی کا کیا ہی عمدہ راستہ ہے

مزید لکھتے ہیں : جو شخص اپنی باگ ڈور اللہ کے حوالے کردے، اسے حاکم اور جج مان لے، وہ ہر چیز میں کامیاب ہے مادی زندگی میں بھی اور روحانی زندگی میں بھی اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں اللہ سے ڈریں اور تقوی کو اپنا شعار بنائیں وہی نجات پانے والے اور کامیاب ہیں "[46]

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا * يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا﴾[47] (اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کیا کرو، اللہ تمہارے اعمال درست کردے گا اور تمہارے قصوروں سے در گزر کرے گا اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اس نے بڑی کامیابی حاصل کی)

اس آیت میں فوزاً عظیماً کے الفاظ آئے ہیں لیکن اس سے پہلے اہل ایمان کو اللہ سے ڈرنے، سچی بات کہنے کا حکم دیا اور پھر وعدہ کیا تمہارے اعمال درست کردیئے جائیں گے، گناہ معاف کردیئے جائیں گے لیکن ساتھ ہی تم اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کروگے تو تم کو بہت بڑی کامیابی ملے گی۔

پیر محمد کرم شاہؒ اس آیت کی تفسیر لکھتے ہیں: "اے اہل ایمان تمہیں تو تقویٰ اور پارسائی کا شیوہ اختیار کرنا چاہیے اور بات کرو تو سچی اور درست بات کرو کوئی جھوٹی بات سے منہ سے نہ نکلے۔ کبھی اگر تم اپنے عمل میں تقویٰ اور راست روی کو اور اپنے قول میں حق وصداقت کو اپنا شعار بناؤ گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو ہر کجی سے پاک فرمادے گا اور انہیں شرف قبولیت بخشے گا اور اس سے پہلے جو لغزشیں تم سے سرزد ہوئی تھیں وہ سب معاف کردی جائیں گی وہ لوگ جن کے سامنے تم سے گناہ سرزد ہوئے تھے ان کے حافظے سے بھی ان کی یاداشت محو کردی جائے گی بلکہ فرشتوں نے جو دفتر عمل تمہارا تیار کر رکھا ہے وہاں سے بھی تمہارے گناہوں کی تحریر مٹادی جائے گی "[48]

2۔ اعمال صالحہ

﴿فَأَمَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسَى أَنْ يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ﴾[49] (تو وہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے یقینا وہ کامیاب وکامران لوگوں میں ہوگا)

"اس آیت میں راہ نجات کے تین اقدامات بیان ہوتے ہیں: ۱۔ اللہ تعالیٰ کی طرف بازگشت ۲۔ ایمان ۳۔ عمل صالح۔ اس کے بعد یقیناً فلاح ونجات ہے، عسیٰ (امید ہے) اگرچہ جو شخص ایمان، عمل صالح کا حامل ہو، اسکے لئے فلاح یقینی ہے لیکن یہاں ممکن ہے یہ تعبیر اس لئے ہو کہ فلاح اس حالت کے تسلسل سے مشروط ہے اور چونکہ ضروری نہیں کہ ہر توبہ کرنے والا اپنی اسی حالت پر باقی رہے، اس لئے یہاں یہ لفظ لایا گیا ہے۔ بعض مفسرین نے یہ بھی کہا ہے کہ جب عسیٰ کی تعبیر کسی ذات کریم سے صادر ہو تو اس میں قطعی اور یقین ہونے کا مفہوم پنہاں ہوتا ہے جب کہ اللہ تو اکرام الاکرامین ہے "[50]

یہی مضمون سورۃ التغابن میں بیان ہوا ہے: ﴿وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ﴾[51] (جو اللہ پر ایمان لایا اور نیک عمل کرتا ہے اللہ اسکے گناہ جھاڑ دے گا اور اسے ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے یہی بڑی کامیابی ہے)

اس آیت کریمہ میں بھی فرمایا گیا کہ اصل مفلحین وہی لوگ ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور پھر احکام الٰہی پر عمل کرتے ہوئے، امر بالمعروف بجالاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے سابقہ گناہوں اور خطاؤں کو دور کرے گا اوران کے نامہ اعمال میں کوئی ایسا نقص نہیں رہے گا جس سے قیامت کے دن اس پر فرد جرم عائد کی جاسکے، ایسے لوگوں کیلئے جنت کے دروازے کھل جائیں گے وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یہی فوز عظیم یعنی بڑی کامیابی ہے۔

3۔ اللہ اور اس کے رسول کے مخالفین سے دوستی نہ کرنا

قرآن کریم میں صرف یہود ونصاریٰ سے دوستی سے منع نہیں کیا گیا بلکہ ہر اس شخص سے منع کیا گیا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کی مخالفت کرنے والا ہو یا ان کی مخالفت پر اُبھارنے والا ہو۔

سورۃ المجادلہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُمْ بِرُوحٍ مِنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[52]

(تم کبھی یہ نہ پاؤ گے کہ جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کی ہے خواہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے اہل خاندان۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت کر دیا ہے اور اپنی طرف سے ایک روح عطا کر کے ان کو قوّت بخشی ہے۔ وہ اس کو اور ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے وہ اللہ کی جماعت کے لوگ ہیں، خبردار رہو اللہ کی جماعت (حزب اللہ) یہی فلاح پانے والے ہیں)

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے پیر محمد کرم شاہؒ لکھتے ہیں کہ : "جولوگ اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اگر وہ اس دعویٰ میں سچے ہیں تو یہ ممکن نہیں ہے کہ ان کے دلوں میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے دشمنوں کی محبت پائی جائے۔ جس طرح پاک اور پلید پانی ایک برتن میں اکھٹے نہیں رہ سکتے اسی طرح نور ایمان، دشمنان اسلام کی دوستی ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتی۔ جو شخص ایمان کا مدعی ہے اور کفار ومنافقین کے ساتھ بھی دوستی کے تعلقات رکھتا ہے وہ اپنے آپ کو فریب دے رہا ہے اللہ کا بندہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے خواہ وہ اس کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں ہر قسم کے تعلقات منقطع کردیتا ہے ان میں سے چند قریبی رشتوں کا صراحتاً ذکر فرمادیا۔ اولاد کو اپنے والدین سے محبت ہوتی ہے اور ان کا ادب اور لحاظ بھی ہوتا ہے لیکن اگر باپ دین کا دشمن ہو تو بیٹا اس کی پرواہ نہیں کرتا اسی طرح باقی رشتے بھی اللہ اور اس کے محبوب کریم ﷺ کی محبت میں کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ چنانچہ دنیا نے دیکھا کہ جب غلامان مصطفیٰ کا بدر واُحد کے میدانوں میں اپنے قریبی رشتہ داروں کے سامنے صف آرا ہوئے تو جو بھی ان کا مدّ مقابل بنا تو انہوں نے بلا تامل اس کو خاک وخون میں ملا دیا حضرت ابو عبیدہ جب میدان بدر میں گئے تو ان کا باپ عبداللہ ان کے سامنے آیا۔ آپ نے اپنی تلوار سے اس کا سر قلم کردیا"[53]

مولانا مودودیؒ آیت کا خلاصہ و مفہوم ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں : "ایمان دوٹوک چاہتا ہے مومن رہنا چاہتے ہو تو ہر اس رشتے اور تعلق کو قربان کردو جو اسلام کے ساتھ متصادم ہو، اسلام کے رشتے سے کسی اور رشتے کو عزیز رکھتے ہو تو بہتر ہے کہ ایمان کا جھوٹا دعویٰ چھوڑ دو"[54]

﴿قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُمْ بِرُوحٍ مِنْهُ﴾ اس کی تفسیر میں پیر محمد کرم شاہؒ لکھتے ہیں: "یہی وہ خوش نصیب اور ارجمند حضرات ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش کردیا، یہ نقش نہ مٹ سکتا ہے نہ دھندلا پڑ سکتا ہے اور ان کو ہی اللہ تعالیٰ نے اپنی جناب سے روح کی تقویت بخشی ہے"[55]

4۔ دنیاوی حرص سے پرہیز

مؤمن لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کو غور سے سنتے ہیں اور عمل کرتے ہیں۔ دنیاوی حرص وہوا سے بچتے ہیں، خود غرضی اور مفاد پرستی سے اجتناب کرتے ہیں، جیسا کہ انصار نے مہاجرین سے برتاؤ کیا، وہ قیامت تک کے لیے مثال ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

﴿وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[56] (ان لوگوں کا بھی حق ہے جو ہجرت والے (گھر) یعنی مدینہ میں پہلے سے مقیم ہیں اور ایمان میں ثابت قدم ہیں جو شخص ان کے پاس ہجرت کر

کے آتا ہے، اس سے محبت کرتے ہیں اور جو کچھ مہاجرین کو ملتا ہے اس سے ان کے دل میں کوئی تنگی پیدا نہیں ہوتی اور ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں خواہ وہ خود فاقہ کش ہی کیوں نہ ہوں اور جس کسی کو اس کے نفس کی حرص سے محفوظ رکھا گیا تو وہی لوگ مراد پانے والے ہیں)

اور یہی مضمون سورۃ التغابن میں بھی بیان ہوا ہے: ﴿فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[57] (للذا جہاں تک تمہارے بس میں ہو اللہ سے ڈرتے رہو اور سنو اور اطاعت کرو اور اپنے مال خرچ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے جو اپنے دل کی تنگی سے محفوظ رہ گئے پس وہی فلاح پانے والے ہیں)

مولانا شبیر احمد عثمانیؒ سورۃ الحشر کی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: "اس گھر سے مراد مدینہ طیبہ اور لوگ انصار مدینہ ہیں جو مہاجرین کی آمد سے پہلے مدینہ میں سکونت پذیر تھے اور ایمان وعرفان کی راہوں پر بہت مضبوطی کے ساتھ مستقیم ہو چکے تھے، مہاجرین کو مال فئے یا مال غنیمت سے جو کچھ عطا کرتے تھے دیکھو یہ انصار لوگ دل سے تنگ نہ ہوتے تھے اور نہ ہی حسد کرتے تھے بلکہ خوش ہوتے تھے اور ہر اچھی چیز میں ان کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے تھے۔خود سختیاں اور فاقے اٹھا کر بھی اگر ان کو بھلائی پہنچا سکیں تو دریغ نہیں کرتے تھے۔یعنی اپنے مقابلے میں مہاجرین کی ضرورت کو ترجیح دیتے تھے خود بھوکے رہتے تھے لیکن مہاجرین کو کھلاتے تھے۔"[58]

انصار کے ایثار کی بہت سے مثالیں ہیں ان میں سے ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

"رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک مہمان آیا لیکن آپ ﷺ کے گھر میں کچھ نہ تھا، چنانچہ ایک انصاری اُسے اپنے گھر لے گیا گھر جا کر بیوی کو بتلایا تو بیوی نے کہا کہ گھر میں تو صرف بچوں کی خوراک ہے۔انہوں نے باہم مشورہ کیا کہ بچوں کو تو آج بھوکا سلادیں گے اور ہم خود ایسے ہی کچھ کھائے پیئے بغیر سو جائیں۔البتہ مہمان کو کھلاتے وقت چراغ بجھادیں تاکہ اسے ہماری بابت علم نہ ہو کہ ہم اس کے ساتھ کھانا نہیں کھا رہے ہیں۔ صبح جب وہ صحابیؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آیت کریمہ نازل ہوئی ﴿وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ﴾ ان کے ایثار کی یہ بھی نہایت عجیب مثال ہے کہ ایک انصار کی دو بیویاں تھیں تو اس نے ایک بیوی کو اس لئے طلاق دینے کی پیشکش کی کہ عدت گزرنے کے بعد اس سے اس کا دوسرا مہاجر بھائی نکاح کر لے"[59]

آیت کے آخری حصہ میں فرمایا گیا کہ یہ انصار لوگ ایسے ہیں اللہ نے (شح) سے بچالیا تھا یعنی وہ لالچ اور حرص و بخل سے محفوظ تھے، لالچ اور حرص و بخل والے لوگوں میں ایثار نہیں ہو سکتا اور دوسروں کو پھلتا پھولتا دیکھ کر خوش نہیں ہوتے۔[60]

5۔ تزکیہ نفس

تزکیہ کے لغوی معنی اچھی حالت میں دکھنا۔ پاکی، صفائی اور تزکیہ نفس کے معنی نفس کو پاک کرنا کے ہیں۔ یہاں تزکیہ نفس کو شرک سے، معصیت سے اور اخلاقی آلائشوں سے پاک کرنا ہے۔ انہی صفات کے لوگ اخروی فوز وفلاح سے ہمکنار ہوں گے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا * وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا﴾[61] ترجمہ: یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے نفس کا تزکیہ کیا اور نامراد ہوا جس نے اس کو دبادیا۔

مفتی محمد شفیعؒ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "بامراد وہ شخص ہے جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کرلیا۔ تزکیہ کے اصلی معنی باطنی پاکی کے ہیں۔ مراد یہ کہ جس نے اللہ کی اطاعت کی اور اپنے ظاہر و باطن کو پاک کرلیا اور محروم ہوا وہ شخص جس نے اپنے نفس کو گناہوں کی دلدل میں دھنسادیا۔ لفظ دسّ، دسٌّ سے مشتق ہے جس کے معنے زمین میں دفن کردینے کے ہیں۔ مفسرین نے اس کے معنی یہ کئے ہیں کہ بامراد ہوا وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے پاک کردیا اور نامراد اور محروم ہوا وہ آدمی جس کو اللہ نے گناہوں میں دھنسادیا۔ اس آیت میں کل انسانوں کو دو گروہوں میں تقسیم کردیا ایک بامراد اور دوسرا نامراد۔ آگے دوسری قسم کے لوگوں کو انجام بد سے ڈرایا گیا، ان نامرادوں کو آخرت میں تو سخت سزا ملے گی اور بعض کو دنیا میں بھی عذاب دیا گیا، جیسے قوم عاد وثمود ونوحؑ وغیرہ"(62)

6۔ عہد کو پورا کرنے والے

معاشرتی زندگی میں وعدہ پورا کرنا یعنی ایفائے عہد کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ قرآن کریم میں بہت جگہوں پر عہد پورا کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ سورۃ المائدہ کی ابتداء میں اہل ایمان کو عہد و پیمان پورے کرنے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد ربّانی ہے:

﴿وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُمْ بِهِ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ﴾[63] (اور اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اپنے قول کا پورا کرنے والا کون ہو سکتا ہے، پس تم کو اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے خوشخبری ہے اور یہی فوز عظیم ہے)

اس آیت کی تفسیر میں مولانا شبیر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں: "اس سے زیادہ سود مند تجارت اور عظیم الشان کامیابی کیا ہوگی کہ ہماری حقیر جان اور فانی اموال کا اللہ تعالیٰ خریدار بنا۔ ہماری جان ومال جو فی الحقیقت اسی کی مملوک اور مخلوق ہے محض ادنیٰ ملابست سے ہماری طرف نسبت کر کے مبیع قرار دیا جو عقد بیع میں مقصود بالذات ہوتی ہے اور جنت جیسے اعلیٰ مقام کو اس کا ثمن بتلایا جو مبیع تک پہنچنے کا وسیلہ ہے۔ حدیث میں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جنت میں وہ نعمتیں ہوں گی جن کو نہ آنکھوں نے دیکھا، نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی بشر کے قلب پر ان کی کیفیات کا خیال اور خطور ہوا۔ خیال

کرو کہ جان ومال جو برائے نام ہمارے کہلاتے ہیں انہیں جنت کا ثمن نہیں بنایا، نہ یہ کہا کہ حق تعالیٰ (بائع) اور ہم مشتری ہوتے۔ تلطف ونوازش کی حد ہو گئی کہ اس ذرا سی چیز کے معاوضہ میں جنت جیسی لازوال اور قیمتی چیز کو ہمارے لئے مخصوص کردیا"[64]

7۔ رضائے الٰہی کا حصول

ایمان والے دنیا میں عیش وعشرت، لہو ولعب اور اپنی خواہشات پر قابو رکھتے ہیں اور ہمیشہ اس کی رضا کے طالب ہوتے ہیں اور دنیاداروں کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ اور ایسے ہی لوگوں کے متعلق ارشاد ہوا:

﴿إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِنْ عِبَادِي يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ * فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ سِخْرِيًّا حَتَّى أَنْسَوْكُمْ ذِكْرِي وَكُنْتُمْ مِنْهُمْ تَضْحَكُونَ * إِنِّي جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوا أَنَّهُمْ هُمُ الْفَائِزُونَ﴾[65] (اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے ہیں ہمیں معاف کردے۔ ہم پر رحم کر تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے تو تم نے ان کا مذاق اڑایا یہاں تک کہ ان کی ضد نے تمہیں یہ بھی بھلادی کہ میں کوئی ہوں اور تم ان پر ہنستے رہے، ان کے اس صبر کا میں نے پھل دیا ہے کہ وہی کامیاب ہیں)

" دین میں اہل ایمان کے لیے ایک صبر آزما مرحلہ یہ بھی ہوتا ہے کہ جب وہ دین وایمان کے مقتضیات پر عمل کرتے ہیں تو دین سے ناآشنا اور ایمان سے بے خبر لوگ انہیں استہزاء وملامت کا نشانہ بنالیتے ہیں۔ کتنے ہی کمزور ایمان والے ہیں کہ وہ ان کی ملامتوں سے ڈر کر بہت سے احکام الٰہیہ پر عمل کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ جیسے داڑھی ہے، پردے کا مسئلہ ہے، شادی بیاہ کی ہندوانہ رسومات سے اجتناب کرنا وغیرہ۔ خوش قسمت وہ لوگ ہیں جو کسی بھی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے اور اللہ ورسول کی اطاعت سے کسی بھی موقعے سے انحراف نہیں کرتے ﴿وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ﴾۔ قیامت والے دن انہیں اس کی بہترین جزا عطافرمائے گا اور انہیں کامیابی سے سرفراز کرے گا۔ اور وہ ہر قسم کی لذتوں اور مسرتوں سے ہمکنار ہوں گے یہ لوگ ہیں مفلحین "[66]

8۔ شرک سے اجتناب

جو لوگ شرک سے اپنے آپ کو بچائیں گے وہی ہدایت یافتہ کہلائیں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُونَ﴾[67] (وہ لوگ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں شرک (جیسے ظلم) کی آمیزش نہیں کی انہی کے لئے امن ہے اور یہی لوگ سیدھے راستے پر ہیں)

پیر محمد کرم شاہؒ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے

ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہت پریشان ہوئے اور نبی کریمؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی (أَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ) ؟ ہم میں سے کون ہے جس نے اپنے آپ پر ظلم نہ کیا ہو ؟ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہاں ظلم سے مراد گناہ نہیں بلکہ شرک ہے۔ لیس هو کما تظنون انما هو کما قال ﴿وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾ (اور جب کہ لقمان نے وعظ کرتے ہوئے اپنے لڑکے سے فرمایا کہ میرے پیارے بچے! اللہ کے ساتھ شریک نہ کرنا بے شک شرک بڑا بھاری ظلم ہے)[68]

اسی آیت کی تفسیر کرتے ہوے مفتی محمد شفیعؒ لکھتے ہیں: "اس آیت میں عذاب سے مامون ہونے کی یہ شرط ہے کہ ایمان کے ساتھ ظلم نہ کیا ہو، تو پھر ہماری نجات کی کیا سبیل ہے؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم آیت کا صحیح مفہوم نہیں سمجھے۔ آیت میں ظلم سے مراد شرک ہے۔ جیسا کہ ایک دوسری آیت میں ارشاد ہے ﴿إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾ اس لئے مراد آیت یہ ہے کہ جو شخص ایمان لائے اور پھر اس میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے وہ عذاب سے مامون اور ہدایت یافتہ اور فلاح یافتہ ہے۔[69]

سورۃ المؤمنون میں یہی مضمون اس طرح بیان ہوا ہے: ﴿وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ * وَالَّذِينَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُونَ * وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ﴾[70] (اور جو لوگ اپنے رب کی آیات پر یقین رکھتے ہیں۔ جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں مانتے اور جن کا حال یہ ہے کہ کچھ بھی دیتے ہیں اور دل ان کے اس خیال سے کانپتے ہیں کہ ان کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے)

ان آیات مبارکہ میں شرک سے نفرت دلائی گئی ہے اور وہ جو عمل کرتے ہیں اس میں اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ انہیں اللہ کے ہاں اپنے اعمال پیش کرنے ہیں تو ایسے ہی لوگ مفلحین ہیں۔

9۔ صبر کرنے والے

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[71] (اے ایمان والو! صبر کرو ایک دوسرے کو صبر پر آمادہ کرو اور اپنے آپ کو جہاد کے لئے تیار رکھو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پاسکو)

اس آیت مبارکہ میں مومنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ: مشکلات و جہاد کی صورت میں صبر کریں، دوسروں کو بھی صبر پر آمادہ کریں، حتی الوسع جہاد کے لئے کمر بستہ رہیں اور تقویٰ اختیار کریں۔

اگر ان شرائط پر عمل کرو تو کامیاب ہو سکتے ہو۔

پیر محمد کرم شاہؒ ضیاء القرآن میں لکھتے ہیں: "رباط کہتے ہیں نفس کو نیت حسنہ پر آمادہ رکھنا اور جسم کو عبادت پر کاربند رکھنا۔ اس کا اعلیٰ مقام یہ ہے کہ انسان جہاد فی سبیل اللہ کے لئے کمربستہ رہے اور گھوڑا تیار رکھے اور نفس کو نماز کا خوگر بنائے اور تقویٰ پر قائم رہے۔ جب کسی فرد یا قوم میں یہ صفات پائی جاتی ہیں تو رحمت الٰہی اور نصرت خداوندی اس کی پاسبان ہوتی ہے مشکلات کے پہاڑ ازخود راستہ چھوڑ دیتے ہیں دنیا میں بھی عزت نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں بھی سرخروئی۔"[72]

10۔ کبیرہ گناہوں سے اجتناب

قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[73] ترجمہ: اے ایمان والو! ہو یہ بڑھتا چڑھتا سود کھانا چھوڑ دو اور اللہ سے ڈرو، امید ہے، فلاح پاؤ گے۔

پیر محمد کرم شاہؒ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "اس سودی نظام کو حرام کیا جاتا ہے جس کا اس وقت عام رواج تھا۔ رواج یہ تھا کہ کسی نے ایک مدتِ مقرّرہ تک قرض لیا، جب وہ مدت ختم ہوئی اور قرض خواہ نے رقم کا مطالبہ کیا تو مقروض کہا کرتا، تم میعاد بڑھا دو میں رقم میں اضافہ کر دیتا ہوں۔ یہ سلسلہ مدتوں تک جاری رہتا یہاں تک کہ اصل رقم کئی گنا بڑھ جاتی۔ اسے سود در سود یا سود مرکب کہا جاتا ہے۔ اس ظالمانہ نظام کو اسلام نے ختم کر دیا، کیونکہ اس سے اگر ایک طبقہ میں تن آسانی، حرام خوری، حرص و بخل کے جذبات پرورش پاتے تھے تو قوم کے دوسرے طبقہ میں حسد وعناد کی تخم ریزی ہوتی تھی وہ امت جسے دنیا میں تبلیغ توحید وہدایت کا ایک عظیم المرتبت مشن سرانجام دینا ہو اس میں ایسے عناصر کو کب برداشت کیا جاسکتا ہے جو ملی وحدت کو پارہ پارہ کر دیں۔ لہٰذا آگے چل کر حکم دیا گیا کہ اگر تم نے اس سودی نظام کو نہ چھوڑا تو عذاب میں مبتلا کئے جاؤ گے جو کفار کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

بیشتر افراد اور قومیں اپنی فلاح و کامرانی کو دولت کی فراوانی میں مضمر سمجھتی ہیں اور اس کے حصول کے لئے جائز و ناجائز، حلال وحرام کی تمیز کئے بغیر کوشاں ہیں۔ یہاں مسلمانوں کو بتایا جارہا ہے کہ دوسروں کی طرح تم بھی اس فریب میں مبتلا نہ ہو جانا، حقیقی فلاح متقی بننے سے نصیب ہوتی ہے۔"[74]

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[75] (اے ایمان والو! شراب پینا، جوا کھیلنا، بتوں کو پوجنا اور ہارجیت کے تیر پھینکنا ناپاک شیطانی کام ہیں اس لئے تم ان سے بچو تاکہ فلاح پاؤ)

اس آیت میں چار چیزوں کو قطعی طور پر حرام قرار دیا گیا ہے ایک شراب، دوسرے قمار بازی، تیسرے وہ مقامات جو اللہ کے سوا کسی دوسرے کی عبادت کرنے یا اللہ کے سوا کسی اور کے نام پر قربانی اور نذر و نیاز چڑھانے کے لئے مخصوص کئے گئے ہوں، چوتھے پانسے۔

مفتی محمد شفیعؒ معارف القرآن میں لکھتے ہیں: "یہاں شراب اور جوّے کی حرمت اور ان کی روحانی اور جسمانی خرابیوں کا بیان ہے۔ اوّل روحانی اور معنوی خرابیاں ﴿رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ﴾ کے الفاظ میں بیان کیں، جن کا مفہوم یہ ہے کہ یہ چیزیں فطرت سلیمہ کے نزدیک گندی، قابل نفرت چیز ہیں اور شیطانی جال ہیں، جن میں پھنس جانے کے بعد انسان بے شمار مفاسد اور مہلک خرابیوں کے گڑھے میں جا گرتا ہے۔ یہ روحانی مفاسد بیان کرنے کے بعد حکم دیا گیا ہے کہ (فاجتنبوه) کہ جب یہ چیزیں ایسی ہیں تو ان سے اجتناب کرو اور پرہیز کرو۔ آخر میں فرمایا (لعلکم تفلحون) جس میں بتلا دیا گیا ہے کہ تمہاری فلاح دنیا و آخرت اسی پر موقوف ہے کہ ان چیزوں سے پرہیز کرو"[76]

11۔ اللہ کا ذکر کرنے والے

یہاں پر اللہ تعالیٰ کا ذکر نمازِ جمعہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں یہ رواج ہے کہ جمعہ والے دن نمازِ جمعہ کے بعد کاکاروبار کرنا اچھا نہیں۔ یہاں اس کی برکات بیان ہوئی ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[77] (پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو شاید کی تمہیں فلاح نصیب ہو)

اس سے مراد کاروبار اور تجارت ہے یعنی نماز جمعہ سے فارغ ہو کر تم پھر اپنے اپنے کاروبار اور دنیا کے مشاغل میں مصروف ہو جاؤ مقصد اس امر کی وضاحت ہے کہ جمعہ کے دن کاروبار بند رکھنے کی ضرورت نہیں، صرف نماز کے وقت ایسا کرنا ضروری ہے۔

مفتی محمد شفیعؒ معارف القرآن میں لکھتے ہیں: "اس آیت میں اس کی اجازت دے دی گئی ہے کہ نماز جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد تجارت، کاروبار اور اپنا اپنا رزق حاصل کرنے کا اہتمام سب کر سکتے ہیں"[78] مفتی محمد شفیعؒ اپنی تفسیر میں حضرت عراک بن مالک رضی اللہ عنہ کا واقعہ پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ وہ نماز جمعہ سے فارغ ہو کر باہر آتے تو دروازہ مسجد میں کھڑے ہو کر یہ دعا کرتے تھے: اَللّٰهُمَّ. أَجَبْتُ دَعْوَتَكَ وَصَلَّيْتُ فَرِيضَتَكَ، وَانْتَشَرْتُ كَمَا أَمَرْتَنِي فَارْزُقْنِي مِنْ فَضْلِكَ، وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ[79] (یعنی یا اللہ میں نے تیرے حکم کی اطاعت کی اور تیرا فرض ادا کیا اور جیسا کہ تو نے حکم دیا ہے نماز پڑھ کر میں باہر جاتا ہوں تو اپنے فضل سے مجھے رزق عطا فرما اور تُو تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے) اور بعض

سلف صالحین سے منقول ہے کہ جو شخص نماز جمعہ کے بعد تجارتی کاروبار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ستر مرتبہ برکات نازل فرماتے ہیں۔ ﴿وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾، یعنی نماز جمعہ سے فارغ ہو کر کسب معاش تجارت وغیرہ میں لگو، مگر کفار کی طرح خدا سے غافل ہو کر نہ لگو، خرید وفروخت اور مزدوری کے وقت بھی اللہ کی یاد جاری رکھو۔

یہاں ذکر اللہ کثیرا اور تفلحون سے جو بات سمجھ آتی ہے کہ مسلمانوں کو اپنی معاش سے غافل نہیں ہونا چاہیے یہودیوں اور عیسائیوں کی طرح پورا دن اس طرح بسر نہ کرو کہ تھوڑی دیر عبادت کی اور باقی وقت فضولیات میں گزار دیا مسلمانوں کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ جمعہ والے دن اجتماعی عبادت سے فارغ ہو کر وقت ضائع نہ کریں، بلکہ رزق حلال کی تلاش جاری رکھیں اور ذکر و اذکار بھی ساتھ ساتھ کرتے رہیں اس کے بدلے میں دوہرا ثواب ہے کہ پاکیزہ تجارت اور عبادت دونوں مل کر باعث فلاح بنتے ہیں۔[80]

نتائج

۱۔ فوز فلاح سے مراد ایسی کامیابی ہے جس کے بعد انسان کو مزید کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے۔

۲۔ دنیاوی کامیابی میں انسان مال و دولت، اولاد اور خوشحالی ہی کو اہمیت دیتا ہے مگر یہ چیزیں بالکل عارضی ہیں۔

۳۔ دنیاوی کامیابی کی ایک انتہاء ہے اس کے بعد زوال ہے، جیسے صبح وشام، ماہ وسال، بچپن، جوانی، بڑھاپا اور موت

۴۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ دنیا تو صرف ایک دھوکا ہے، اصل فلاح تو آخرت کی فلاح ہے۔

۵۔ اصل فلاح یہ ہے کہ کوئی نعمت ملنے کے بعد چھن نہ سکے۔ اس میں کمی کا اندیشہ نہیں ہوتا، ہر طلب پوری ہوتی ہے ہر طلب میں رضائے الٰہی شامل ہوتی ہے۔

حوالہ جات وحواشی

1- محمد بن مکر م بن علی ، ابن منظور ،لسان العرب، ج ۴، ص ۱۹۴، بیروت، ۱۴۱۲ھ

2- البروج ۸۵:۱۱

3- الاحزاب: 71/33۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: الجاثیة: 30/45، الدخان: 57/44، التوبۃ: 20/9، آل عمران: 185/3، الاحزاب: 71/33

4- ابوالقاسم حسین بن محمد راغب اصفہانی، مفردات القرآن، ترجمہ وحواشی: الاستاذ محمد عبدہ الفلاح فیروز پوری۔ المکتبہ القاسمیہ، جامع قدس، چوک دالگراں، لاہور۔ 1963ء-1383ھ، ص: 717، 718

5- العنکبوت: ۲۹: ۶۴

6- المجادلۃ: ۵۸: ۲۲۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: الاعلیٰ: ۸۷: ۱۴، الشمس: ۹۱: ۹، المؤمنون: ۲۳: ۱

7- مفتی شفیع، معارف القرآن، ادارہ المعارف، کراچی نمبر 16، طبع جدید، 2006ء، ص: ۱۰۲/۱

8- المؤمنون: ۲۳: ۱

9- مفتی شفیع، معارف القرآن، ج ۶، ص ۱۹۴

10- سید ابوالاعلیٰ مودودی، تفہیم القرآن، ج ۳، ص ۲۶۰

11- البقرۃ: ۲: ۵-۱

12- اصلاحی، تدبر قرآن، فاران فاؤنڈیشن لاہور، 22 فیروز پور لاہور، س ا، 1983ء، ص: ۱۳۱/۶

13- مودودی، تفہیم القرآن، مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، طبع ۱۹۸۶ء، ص: ۵۳/۱، ۵۲

14- اصلاحی، تدبر قرآن، ص: 121/6

15- المؤمنون ۲۳: ۲

16- پیر محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ لاہور س ا، 1402ھ، ایڈیشن پنجم، ص: 244/3

17- المؤمنون ۲۳: ۳

18- معارف القرآن، ص: ۲۹۶/۶

19- امام احمد بن حنبل، مسند احمد بن حنبل، مطبوعہ مکتب اسلامی، بیروت، 1398ھ، حدیث الحسین بن علی، ص: 259/3، رقم: 1737

20- معارف القرآن، ص: ۲۹۶/۶

21- المؤمنون ۲۳: ۴

22- مودودی، تفہیم القرآن، ص: ۲۶۳/۳

23- لقمان ۳۱: ۴، ۵

24- مودودی، تفہیم القرآن، ص: ۷/۴ و ۸

25- المعارج: ۳۲/۷۰ تا ۳۵

26- البھیقی، السنن الکبریٰ، باب ما جاء فی الترغیب فی اداء، ص: 288/6، 13065

27- مودودی، تفہیم القرآن، ص: ۹۲/۶

28- ضیاء القرآن، ص: ۳۶۷/۵

29- الاعراف ۷: ۱۵۷

30- المؤمنون ۲۳: ۱۶، ۵۷

31- عبدالماجد دریابادی، تفسیر ماجدی (اردو)، تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور، ص: ۷۰3

32- المؤمنون ۲۳: ۱۰۳، ۱۰۲

33- معارف القرآن، ص ۳۳۶/۶

34- تفسیر ماجدی، ص: ۷۰۸

35- تفہیم القرآن، ص: ۲۰۱/۳

36- الاعراف ۷: ۱۵۷

37- دریابادی، تفسیر ماجدی، ص:۳۶۱

38- ضیاء القران، ج۴، ص۸۹

39- الحج۲۲:۷۷

40- ضیاء القرآن، ص: ۲۳۶/۳

41- النور۲۴:۳۱

42- البقرۃ:۱۵۵/۲تا۱۵۷

43- النور۲۴:۵۲،۵۱

44- معارف القران، ص: ۴۳۷/۶

45- ضیاء القرآن، ص: ۳/ص۳۳۷

46- مکارم شیرازی، تفسیر نمونہ، ترجمہ سید صفدر حسین نجفی، مصباح القرآن ٹرسٹ، لاہور، ص: ۲۲۷/۶۔

47- تفہیم القرآن، ص: ۳۵۵/۶

48- تفہیم القرآن، ص: ۳۵۵/۶

49- القصص: 28/۶۷

50- شیرازی، تفسیر نمونہ، ص: ۶۷۳/۶

51- التغابن۶۴:۹

52- المجادلۃ۵۸:۲۲

53- ضیاء القرآن، ص: ۱۵۱/۵

54- تفہیم القران، ص: ۳۶۶/۵

55- تفہیم القران، ص: ۳۶۶/۵

56- الحشر۵۹:۹

57- التغابن۶۴:۱۶

58- تفسیر عثمانی، ص:۷۲۵

59- قرآن مجید ترجمہ و تفسیر، مطبع، شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس وزارتِ مذہبی امور، مدینہ منورہ، سعودی عرب، ص:۱۵۵۷

60- شبیر احمد عثمانی، تفسیر عثمانی، پاک کمپنی رجسٹرڈ، لاہور، س ا، 2006ء، ص:۷۲۵

61- الشمس۹۱:۱۰،۹

62- معارف القرآن، ص۷۵۷/۸،۷۵۶

63- التوبۃ۹:۱۱۱

64- عثمانی، تفسیر عثمانی، ص:۲۷۱
65- المؤمنون ۲۳:۱۱۰،۱۰۹
66- قرآن مجید ترجمہ و تفسیر، شاہ فہد قرآن پرنٹنگ کمپلیکس، ص:۹۶۱
67- الانعام ۶:۸۲
68- ضیاء القرآن، ص:۵۷۷/۱
69- معارف القرآن ص: ۳۸۶/۳
70- المؤمنون ۲۳:۶۰-۵۸
71- آل عمران ۳:۲۰۰
72- ضیاء القرآن، ص:۳۱۰/۱
73- آل عمران ۳:۱۳۰
74- ضیاء القران ص:۲۷۴/۱، ۲۷۳
75- المائدة ۵:۹۰
76- معارف القران، ص: ۲۲۸/۳-۲۲۷
77- الجمعة ۶۲:۱۰
78- معارف القرآن، ص:۴۴۳/۸
79- ابن ابی حاتم، المسند، الجز ۳،رقم ۴۷، ص۱۲۵، القرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ج۱۸،ص۱۰۹
80- معارف القرآن، ص:۴۴۳/۸

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

ماخذِ قرآن پر استشراقی نظریات کا ناقدانہ جائزہ

(Critical analysis of Orientalist on *Sources of Quran*)

*** ڈاکٹر محمد شہباز منج**
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف سرگودھا
****صائمہ شہباز منج**
پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف سرگودھا

ABSTRACT

Origin of the *Quran* has extensively been under discussion in orientalist studies of the *Quran*. The present article reviews their ideas on the subject. It finds that they have been of different views on the theme. Previously they, in general, had the opinion that *Quran* was not the divine revelation; it was based on Judeo-Christian sources and traditions; it was the result of *Muhammad's* desire and thoughts for restructuring his community. Later on several orientalists rejected the earlier notions confessing the *Quran* a result of God's revelation to Muhammad. This fact proves the claim of traditional prejudice of the orientalism against the Origin of the *Quran*.

Keywords: Origin of the *Quran*, different views of orientalists, Judeo-Christian sources, God's revelation.

قرآنِ کریم کے استشراقی مطالعات میں یہ سوال بہ کثرت زیرِ بحث رہا ہے کہ قرآن کس کا اور کس نوعیت کا کلام ہے ؟اس کا ماخذ و منبع کیا ہے ؟ ؛ یہ وحیِ خداوندی ہے یا دیگر مآخذ و مصادر سے ماخوذ ہے۔اس ضمن میں مستشرقین کے مختلف اور متنوع نظریات ہیں۔ جن سے زیرِ بحث تناظر میں مستشرقین کے فکری ارتقا کا سراغ ملتا ہے۔ مستشرقین کا قدیم اور عمومی و روایتی نظریہ یہ رہا ہے کہ قرآن یہودی و نصرانی مآخذ سے ماخوذ ہے۔جدید دور میں ایک نیا نظریہ سامنے آیا، جس کے مطابق قرآن محمد ﷺ کے زمانے کے حالات میں آپ ﷺ ایسے نامور مصلح کے ذہن میں اپنی سوسائٹی کی تعمیر و اصلاح کے لیے پیدا ہونے والی فکر کا نتیجہ ہے۔ لیکن بیسویں صدی اور عصرِ حاضر میں متعدد ایسے مستشرقین سامنے آئے ہیں، جنھوں نے قرآن کے وحی والہام پر مبنی ہونے کا اقرار کیا ہے۔ان سطور میں ان مختلف نظریات سے آگہی اور ان کا ناقدانہ جائزہ پیش نظر ہے۔

قدیم اور عمومی و روایتی نظریہ: یہود و نصاریٰ وغیرہ سے اخذ و استفادہ

ماخذِ قرآن کے حوالے سے مستشرقین کا قدیم اور عمومی و روایتی نظریہ یہ ہے کہ محمد ﷺ نے یہود ونصاریٰ کی کتابوں اور اہلِ عرب کے ہاں معروف قصے کہانیوں سے قرآن کا مواد اخذ کیا اور اسے اپنے الہامات کے مجموعے کی حیثیت سے اپنی قوم کے سامنے پیش کر دیا۔ یہ نظریہ مختلف استشراقی اہلِ قلم کے ہاں عام ملتا ہے۔ یہاں اسے چند نمایاں مستشرقین کے حوالے سے بیان کیا جاتا ہے:

جارج سیل (George Sale، 1667-1736) نے لکھا ہے کہ قرآن محمد ﷺ کی تصنیف ہے، اگرچہ اس ضمن میں دیگر افراد کی بھرپور مدد بھی لازماً آپ ﷺ کو حاصل رہی ہو گی۔ آپ ﷺ کے ہم وطنوں کا یہ دعوی کہ آپ ﷺ دوسروں سے قرآن سیکھتے ہیں، ہمارے اس نظریے کو موکد کرتا ہے۔ سیل کے الفاظ ہیں:

> "Muhammad was really the author and chief contriver of the Koran is beyond dispute, though it be highly probable that he had no small assistance in his design from others, as his countrymen failed not to object to him."[1]

> (یہ بات شک و شبے سے بالا تر ہے کہ قرآن کے مصنف اور بڑے منصوبہ ساز محمد ﷺ تھے؛ اگرچہ امکانِ غالب یہ ہے کہ انھیں اس کی ترکیب وترتیب میں دیگر افراد سے غیر معمولی مدد حاصل رہی تھی، جیسا کہ ان کے ہم وطن ان پر اس اعتراض میں چوکے نہیں)۔

جے۔ایم۔ راڈویل (J.M. Rodwell، 1808-1900) کہتا ہے کہ محمد ﷺ نے اپنے زمانے میں مشہور و مروج قصے کہانیوں سے قرآن کا مواد اخذ کیا۔ یہودیوں کی تالمود ان کا خاص ذریعہ تھی۔ علاوہ ازیں جنوبی شام کے قصے کہانیاں اور عیسائیوں کی روایات بھی قرآن کا ماخذ بنیں۔ اس دعوے کے لیے راڈویل کے پاس بھی سیل کی طرح یہ دلیل ہے کہ اہلِ مکہ حضور ﷺ کو شاعر اور قرآن کو افسانوں کا مجموعہ قرار دیتے تھے۔[2]

انسائیکلو پیڈیا آف برٹانیکا کے مقالہ نگار نے قرآنی بیانات کو عیسائی پادریوں کے ہاں مروج روایات کی نقل ظاہر کرتے ہوئے لکھا:

> "Other motifs, such as the idea of the impending Judgment and the descriptions of paradise agree with standard topics in the missionary preaching of the contemporary Syriac church fathers. The dependence need not, however, be of a literary kind, but might be due to influence from oral traditions."[3]

(دیگر تصورات، جیسے جلد وقوعِ قیامت اور جنت کا بیان معاصر سریانی مسیحی پادریوں کے عام تبلیغی موضوعات سے مماثل ہے۔ تاہم [مسیحی رویات پر] یہ انحصار ضروری نہیں کہ ادبی نوعیت کا ہو، بلکہ یہ زبانی روایات کے اثرات کی بنا پر ہو سکتا ہے)۔

انسائیکلو پیڈیا آف ریلیجین اینڈ ایتھکس کا مقالہ نگار قرآن کی بحث میں Sources کے عنوان سے قرآن کو اس کی اندرونی شہادتوں کی بنیاد پر یہودی اور عیسائی مصادر سے ماخوذ بتانے اور بعض قرآنی آیات کا بائبل کے بعض بیانات سے تقابل کرنے کے بعد قرآنی آیات کو بائبل کا محض چربہ قرار دیتے ہوئے لکھتا ہے:

> "These are probably the only actual quotations, reproduction of matter or of phrases occurring in the OT, the NT, the Talmud, or the NT Apocryphal is found throughout the Quran, and this is at times sufficiently close to render the term 'quotation' not inappropriate."[4]

> (یہ غالباً صرف اقتباسات ہیں۔ سارے کے سارے قرآن میں عہد نامہ قدیم، عہد نامہ جدید، تالمود یا غیر مستند انجیلوں میں بیان ہونے والے بیانات کی محض نقل و تکرار ملتی ہے۔ اس لیے ان کے لیے کوٹیشن کی اصطلاح غیر مناسب نہیں)۔

رچرڈ بیل (Richard Bell، 1876-1952) نے اپنی کتاب Introduction to the Quran کے آخری باب میں Narratives کے عنوان کے تحت قرآنی قصوں کو بائبل سے ماخوذ بتانے کے ساتھ ساتھ اُن قرآنی قصوں پر قدرے تفصیلی گفتگو کی ہے جو اس کے نزدیک بائبل کی نقل یا غلط اور غیر مصدقہ روایات پر مبنی ہیں۔ بیل لکھتا ہے کہ قرآن کے کہانیوں سے متعلق حصے کا بائبل بالخصوص عہد نامہ قدیم سے ماخوذ ہونا ظاہر و باہر ہے۔[5] اس کا کہنا ہے کہ گو اس بات کا امکان موجود ہے کہ سزاوں سے متعلق کچھ کہانیاں مثلاً عاد ثمود، اور سبا عرب ذرائع سے ماخوذ ہوں یا مثلاً نوح، لوط اور فرعون سے متعلق قصے عربوں کے ہاں مروج ہوں، تاہم محمد ﷺ کی بیشتر تعلیمات یہودی و نصرانی ذرائع ہی سے اخذ شدہ ہیں۔ رچرڈ بیل مختلف قرآنی سورتوں کے حوالے سے قرآن میں مذکور انبیا علیہم السلام اور دیگر افراد کا ذکر اور انھیں بائبل سے متعلق کرنے کے ساتھ ساتھ ان اختلافات اور بزعم خویش اغلاط کی نشاندہی بھی کرتا ہے، جو بائبل اور دیگر تاریخی معلومات کی روشنی میں قرآنی بیانات کے حوالے سے سامنے آتی ہیں۔ مثلاً ہامان کو فرعون سے متعلق قرار دینا، حضرت مسیح کی والدہ اور موسیٰ کی بہن مریم کا گڈ مڈ ہو جانا۔ بیل کے خیال میں تخلیق و ہبوطِ آدم، اصحابِ کہف، قصہ خضر و موسیٰ اور ذوالقرنین وغیرہ سے متعلق قصے اس زمانے میں مروج غیر مستند اور سنی سنائی کہانیاں ہیں۔[6]

مشہور مستشرق منٹگمری واٹ(William Montgomery Watt،1909ء-2006ء) بھی جنھوں نے ، جیسا کہ بعد میں بیان ہوگا، اپنی بعد کی تحریروں میں قرآن کو وحیِ الٰہی تسلیم کر لیا تھا، ابتداءً اسے یہود و نصاری سے ماخوذ قرار دیتے تھے، انھوں نے لکھا:

> "The earliest passages of the Quran show that it stands with the tradition of Judeo-Christian monotheism with its conceptions of God, The creator, of resurrection and judgment and of revelation. In late passages the dependence on the Biblical tradition becomes even more marked, for they contain much material from the old and New Testament."[7]

> (قرآن کے ابتدائی بیانات میں خدا، توحید، وحی اور آخرت وغیرہ ایسے تصورات یہود و نصاری کے سے ہیں۔ بعد کے بیانات میں تو بائبل کی روایات پر انحصار اور بھی نمایاں دکھائی دیتا ہے؛ یہ بیانات اکثر و بیشتر عہد نامہ قدیم اور عہد نامہ جدید کے مواد پر مشتمل ہیں)۔

محمد ﷺ کے یہود و نصاری سے اخذ و استفادے کے مواقع و امکانات کے سوال سے متعلق مفروضات قائم کرتے ہوئے واٹ نے لکھا کہ کئی طرح کے مواقع اور امکانات تھے: ہو سکتا ہے محمد ﷺ یہودیوں اور عیسائیوں سے ملے ہوں اور مذہبی امور پر ان سے گفتگو کی ہو۔ شام کی سرحد کے ساتھ کئی مسیحی عرب آباد تھے۔ ممکن ہے مسیحی عرب یا یمن کے حبشی تجارت کی غرض سے یا غلام بن کر مکے آئے ہوں۔ کچھ بدو قبائل اور ان کی بعض شاخیں بھی عیسائی تھیں۔ یہ عیسائی مکے کے تجارتی میلوں میں شرکت کیا کرتے ہوں گے۔ مدینے اور بعض دیگر مقامات پر بھی یہود کے بعض اہم قبائل مقیم تھے۔ لہٰذا ایسے عناصر سے گفت و شنید کے مواقع اور امکانات موجود تھے۔ خدیجہ کے عیسائی چچازاد ورقہ سے محمد [ﷺ] کی ملاقات تو ایک تاریخی حقیقت ہے۔[8]

جدید نظریہ: اصلاح معاشرہ کے لیے حضور ﷺ کی لگن کا نتیجہ

جدید دور میں یہ نظریہ سامنے آیا کہ قرآن حالات و ماحول کے فطری ردعمل اور عرب معاشرے کی تعمیر و اصلاح کے لیے محمد ﷺ کی لگن اور تڑپ کا نتیجہ ہے۔ اس ضمن میں مشہور مستشرق منٹگمری واٹ کا نام نمایاں ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> "…a new religion cannot come into being without a sufficient motive. In the experience of Muhammad and his early followers there must have been some need which was satisfied by the practices and doctrines of the embryonic religion."[9]

(کوئی نیا مذہب کسی ضروری محرک کے بغیر ظہور پذیر نہیں ہو سکتا۔ محمد ﷺ اور آپ [ﷺ] کے اولین پیروکاروں کے معاملے میں بھی یقینی ضرورت رہی ہوگی جسے ترقی پذیر مذہب کے عقائد ورسوم کے ذریعے پورا کیا گیا)۔

اپنے تصور پر پیدا ہونے والے اس اشکال کا جواب دیتے ہوئے کہ اسلام اور وحیِ محمدی ﷺ حالات کی سازگاری اور حالات وماحول کو سنوارنے کے لیے آپ ﷺ کی مخلصانہ لگن اور تڑپ کا نتیجہ کیسے ہو سکتی ہے؟ جب کہ اسلامی نظریے کے مطابق وحی آں حضور ﷺ پر خارج سے بذریعہ جبریل وحی نازل ہوتی تھی، واٹ نے قرار دیا کہ محمد ﷺ کو اپنے کام میں مخلص سمجھا جا سکتا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ آپ ﷺ اپنے عقائد میں صحیح راستے پر تھے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک آدمی مخلص ہو با ایں ہمہ وہ غلط راستے پر ہو۔ ممکن ہے آدمی بعض خیالات کو خارج سے آتا ہوا محسوس کرے، لیکن در حقیقت وہ اس کے اپنے ہی لاشعور سے ابھرے ہوں۔ واٹ کے الفاظ ہیں:

"To say that Muhammad was sincere does not imply that he was correct in his beliefs. A man may be sincere but mistaken...What seems to man to come from outside himself, may actually come from his unconscious."[10]

(یہ کہنا کہ محمد [ﷺ] مخلص تھے، یہ معنی نہیں رکھتا کہ آپ اپنے عقائد میں صحیح بھی تھے۔ آدمی مخلص ہونے کے باوجود غلطی پر ہو سکتا ہے...جو چیز آدمی کو خارج سے آتی ہوئی محسوس ہو، وہ فی الواقع اس کے اپنے لاشعور کی آواز بھی ہو سکتی ہے)۔

آپ ﷺ کی وحی ونبوت اور اسلام کے فروغ کو وقت کے تقاضے اور ماحول کی سازگاری سے جوڑنے کی کوشش میں واٹ اگرچہ بہت نمایاں ہیں لیکن اس ضمن میں یہ اکیلے نہیں، اور بھی متعدد مغربی اہل قلم نے اپنے اپنے انداز سے یہ نظریہ پیش کیا ہے۔ مثلاً ولیم میور پیغامِ محمدی ﷺ کی اشاعت کو احوال و ظروف کی موافقت سے یوں جوڑتا ہے کہ آپ [ﷺ] کا پیغام یہودیت کے مقابلے میں مدینے میں اس بنا پر تیزی سے پھیلا کہ یہودیت بدیسی تھی اور اسلام اہلِ عرب کے نظریات، رسوم ورواجات اور تخیلات و توہمات کے مطابق تھا۔ وہ لکھتا ہے:

"So good was the ground and the propagation so zealous, that the faith spread from house to house and from tribe to tribe. The Jews looked on in amazement. The people whom they had for ages sought in vain to convert from the errors of polytheism, were now casting

their idols to the moles and to the bats, and professing belief in the One only God. The secret lay in the aptness of the instrument.It was native and congenial. Judaism, foreignin its birth, touched no Arab sympathies. Islam, graftedon the faith and superstition, the customs and nationality of the Arabs, gained ready access to their heart."[11]

(حالات اتنے ساز گار تھے اور دعوت و تبلیغ اتنی پر جوش تھی کہ اسلام گھر گھر اور قبیلہ قبیلہ پہنچ گیا۔ یہودی حیرت زدہ تھے، جن لوگوں کو بت پرستی سے نکالنے کے لیے ان کی زمانوں کی محنت کار گر نہ ہو سکی تھی، اب وہ بتوں کو پھینک کر توحیدِ خداوندی کا اقرار کر رہے تھے۔ کامیابی کا راز آلے کے صحیح استعمال میں مضمر تھا۔ اسلام مقامی اور مزاج سے ہم آہنگ تھا۔ یہودیت اپنی اصل کے اعتبار سے بدیسی تھے، لہٰذا وہ عربوں کی ہمدردیاں حاصل نہ کر سکی۔ اسلام عربوں کے عقائد و نظریات، توہمات اور رسوم ورواجات پر مبنی تھا، سو وہ جلد ہی ان کے دلوں میں جا گزیں ہو گیا)۔

ایچ ۔اے ۔آر۔ گب (Hamilton Alexander Rosskeen Gibb، 1895-1971) نے کہا کہ حضور [ﷺ] کی کامیابی اور طلوعِ اسلام دراصل مکہ اور مدینہ میں آپ [ﷺ] کی سخت مخالفت کا ردِ عمل ہے۔اس کے الفاظ ہیں:

"Mohammad was not at the outset the conscious preacher of a new religion. It was opposition and controversy with the Meccans that forced him on from stage to stage, as it was the later opposition in Medina that led to the final emergence of Islam as a new religious community with its distinctive faith and institution."[12]

(محمد ﷺ ابتدا میں شعوری سطح پر نئے دین کے داعی نہ تھے، یہ اہلِ مکہ کی مخالفت اور دشمنی تھی جس نے آپ ﷺ کو رفتہ رفتہ اس پر مجبور کیا۔ بعد ازاں مدینے میں آپ ﷺ کی مخالفت ایک نئے صاحبِ عقیدہ و نظم مذہبی معاشرے کی صورت میں اسلام کے ظہور پر منتج ہوئی)۔

جدید تر نظریہ: وحی والہامِ الٰہی

ماخذِ قرآن کے حوالے سے بہت سے مغربی اہلِ قلم نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ قرآن یہود و نصاریٰ کی کتب سے ماخوذ، سنی سنائی باتیں اور کہانیاں یا حضور ﷺ کی اصلاحِ معاشرہ کی خواہش کا داخلی اظہار نہیں بلکہ وحی الٰہی اور کلامِ خداوندی ہے۔ان مغربی اہلِ قلم میں سے متعدد نے قرآن کو کلامِ خدا اور ایک مقدس مذہبی کتاب کی حیثیت سے نہ ماننے کی مغربی نفسیات کا تجزیہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دراصل مغرب کے ذہن میں خدائی اور مذہبی متن کا تصور صرف وہی ہے جو انھیں بائبل کی شکل میں ملتا ہے، حالانکہ قرآن کا معاملہ اس سے یکسر مختلف ہے۔اہلِ مغرب قرآن کی الہامی و مذہبی حیثیت کو جب بھی تسلیم کر سکتے ہیں، جب وہ عربی زبان، اس کی روایات اور انداز واسلوب کو سمجھیں؛ تعصب سے آزاد ہوں، بائبل کے علاوہ بھی کسی متن کے الہامی ہونے کا امکان سامنے رکھیں۔ کیرن آرمسٹرانگ (Karen Armstrong، پیدائش 1945ء) قرآن کی الہامی حیثیت کا اقرار اور قرآن کے ضمن میں مغرب کے افکار و خیالات اور اوہام و تعصّبات کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتی ہیں:

> "…it reveals the Creator rather than His Messenger… Western people find this very difficult book to understand. We have seen that even the likes of Gibbon and Carlyle, who were reasonably sympathetic to Islam, were baffled by the Quran. This, of course, is not particularly surprising. It is always difficult to appreciate holy books of other cultures. "[13]

> …یہ پیغمبر سے زیادہ خدا کا مظہر ہے…اہلِ مغرب اسے مشکل الفہم محسوس کرتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ گبن اور کارلائل ایسے لوگ بھی —جو اسلام کے حوالے سے کافی ہمدردانہ خیالات کے حامل تھے— قرآن سے پریشان ہوگئے تھے۔یہ کوئی بہت حیران کن بات نہیں، دوسری تہذیبوں کی مقدس کتابوں کی تحسین مشکل ہی ہوتی ہے۔

کارل ارنسٹ (Carl W Ernst، پیدائش 1950ء) نے مغرب کے بائبل کے مقابلے میں قرآن کی الہامی حیثیت کو تسلیم نہ کرنے پر اپنے ذاتی تجربے کے حوالے سے نقد کرتے ہوئے لکھا ہے:

> " I recall when, as a graduate student at Harvard, I first went to the Widener Library to do some research on the Quran. Much to my surprise, the card catalog listing for the Qur'an gave a cross-reference to Muhammad as the author of the text. In contrast, the Bible was listed without any author. This library listing created a subtle contrast; while the Bible may have been of divine origin,

the Quran was viewed as the composition of a human being.”[14]

(مجھے یاد ہے جب میں ہاورڈ یونیورسٹی کے گریجویٹ سٹوڈنٹ کی حیثیت سے قرآن پر کچھ تحقیق کے سلسلے میں پہلی دفعہ واڈنز لائبریری گیا تھا۔ میرے لیے یہ امر سخت حیران کن تھا کہ قرآن کی فہرست والے کارڈ کیٹیلاگ میں قرآن کو محمد ﷺ کی تصنیف ظاہر کیا گیا تھا۔ اس کے برعکس بائبل کا ذکر بغیر کسی مصنف کے تھا۔ لائبریری کی اس فہرست نے واضح تضاد پیدا کر دیا تھا، یعنی بائبل وحی خداوندی ہو سکتی تھی، لیکن قرآن محمد ﷺ کی تالیف تھا)۔

بائبل کو الہامی اور قرآن کو کلامِ محمد ﷺ قرار دینے کے مغربی رویے کی وجہ بتاتے ہوئے ارنسٹ نے واضح کیا ہے کہ دراصل قرآن کے معاملے میں مغرب یہ غلطی کرتا ہے کہ وہ اسے ایک عام کتاب کی طرح لیتا یا بائبل کے اسلوبِ بیان و ترتیب پر قیاس کرتا ہے۔ حالانکہ قرآن عام کتاب ہے اور نہ بائبل کی طرح اسے مختلف ادوار میں مختلف لوگوں نے ترتیب دیا ہے۔ یہ محمد ﷺ پر تئیس سالہ وحی کا مجموعہ ہے اور ایک متن کی حیثیت رکھتا ہے، جس میں مختلف و متعدد لوگوں کی تصنیف ہونے کا شائبہ تک نہیں۔ اس کے الفاظ ہیں:

“It is, in fact, difficult to read the Qur’an as if it were an ordinary book. Its composition is very different from that of the Hebrew Bible or the New Testament; regardless of one’s view of revelation, both of these texts contain multiple documents of different types assembled over a period of time by different hands. The Hebrew Bible contains extensive narratives and histories, together with prophetic writings, poetry, and didactic literature. The New Testament has four gospels by different writers describing the life of Jesus, the pastoral letters of St. Paul and others, a history of the early Christian community in Acts of the Apostles, plus the apocalyptic Book of Revelation. In the case of the Christian scriptures, their selection and inclusion in the Bible (and the rejection of other writings) was the work of church councils. In contrast, the Qur’an is widely accepted as the accumulated revelations of the twenty-three years of the Prophet Muhammad’s career, and it therefore is much more homogeneous as a text, with no signs of multiple authorship. ”[15]

(درحقیقت قرآن کو ایک عام کتاب طور پر پڑھنا مشکل ہے۔ اس کی ترتیب عبرانی بائبل اور عہد نامہ جدید سے یکسر مختلف ہے۔ کسی کے تصورِ وحی سے قطع نظر، یہ دونوں متون مختلف طرح کی متنوع دستاویزات پر مشتمل ہیں؛ جنھیں ایک طویل عرصے کے دوران مختلف لوگوں نے جمع کیا۔ عبرانی بائبل بہت سے قصوں کے ساتھ ساتھ تاریخ ، پیغمبرانہ تحریروں ، شاعری اور اخلاقی ادب پر مشتمل ہے۔ عہد نامہ جدید کی چار اناجیل ہیں، جنھیں مختلف افراد نے مرتب کیا؛ یہ حیاتِ مسیح ، سینٹ پال اور دیگر کے صحرائی خطوط، پیغمبروں کی سیرت میں ابتدائی مسیحیت کی تاریخ بمع کتابِ وحی و قیامت کا مجموعہ ہے۔ مسیحی کتابوں کا معاملہ یہ ہے کہ ان کا انتخاب اور ان کی بائبل میں شمولیت (اور دیگر تحریروں کا مسترد کیا جانا) چرچ کونسل کا انجام دیا ہوا کام ہے۔اس کے بر عکس قرآن محمد ﷺ کے مشن کے تئیس سال کے دوران نازل ہونے والی وحی کا مجموعہ ہے؛ اس لیے یہ متن کے لحاظ سے بہت زیادہ یکسانیت کا حامل ہے ؛ جس میں مختلف مصنفین کی تصنیف ہونے کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی)۔

منٹگمری واٹ، جنھوں نے قرآن کو یہود ونصاریٰ کی کتب سے ماخوذ قرار دیا تھا، بھی بالآخر اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ قرآن یہودی و مسیحی روایات پر مبنی نہیں بلکہ وحیِ الٰہی کا نتیجہ ہے۔ یہ دینِ ابراہیمی کی سچائیوں کو مستعار لے کر نہیں، اللہ تعالیٰ سے حاصل کر کے پیش کرتا ہے۔ان کے الفاظ ہیں:

"When it realized how little was known by Muhammad and the Meccan Arabs of the Jewish and Christian religions, the remarkable achievement of the Quran can be recognized. It may be said that it presents in its own way all the main truths of the religion of Abraham, which is followed also by Jews and Christians. I maintain that the only reasonable explanation of this fact is that Muhammad was as truly inspired by God as were the Old Testament prophets. "[16]

(اگر یہ سمجھ لیا جائے کہ محمد ﷺ اور مکے کے عرب یہودی و مسیحی مذاہب سے کس قدر کم واقفیت رکھتے تھے، تو قرآن کی غیر معمولی کامیابی کو سمجھا جاسکتا ہے۔ کہا جاسکتا ہے کہ یہ دینِ ابراہیم کے حقائق کو اپنے انداز سے پیش کرتا ہے؛ جن کے یہود ونصاریٰ بھی پیروکار تھے؛ لیکن میرا خیال ہے کہ اس حقیقت

کی سب سے معقول توجیہ یہی ہے کہ محمد ﷺ وحیِ خداوندی کے حامل تھے؛ ایسے ہی جیسے عہد نامہ قدیم کے پیغمبر)۔

قرآن پیش ہونے والے حقائق کے تناظر میں قرآن کی حقانیت کا اقرار کرتے ہوئے واٹ نے ایک اور مقام پر تحریر کیا:

"...these points lead to the conclusion that the view of reality presented in the Qur'an is true and from God,... "[17]

(یہ نکات اس نتیجے پر پہنچاتے ہیں کہ قرآن میں پیش کردہ تصورِ حقیقت سچائی پر مبنی اور منجانب اللہ ہے...)

واٹ سے پہلے کے کئی اور مستشرقین کے ہاں بھی اس حقیقت کا اعتراف پایا جاتا ہے۔ مثلاً برطانوی مستشرق آر سی زائینر (Robert Charles Zaehner، 1913-1974) نے لکھا:

"The Quran is in fact the quintessence of prophecy. In it you have, as in no other book, the sense of an absolutely overwhelming Being proclaiming Himself to a people that had not known Him. "[18]

(قرآن رسالت کا جوہر ہے۔ اس میں آپ کو کسی بھی دوسری کتاب سے بڑھ کر ایک ایسی قادرِ مطلق ہستی کا احساس ہوتا ہے جو خود سے غافل لوگوں کو اپنا تعارف کروا رہی ہے)۔

ماخذِ قرآن پر استشراقی نظریات کا جائزہ

ماخذِ قرآن کے حوالے سے اوپر ذکر کردہ استشراقی نظریات سے واضح ہے کہ مستشرقین کے ہاں زیر بحث تناظر میں مختلف ادوار میں اور مختلف اہلِ قلم کی طرف سے مختلف نظریات پیش کیے جاتے رہے ہیں۔ عمومی طور پر انھوں نے قرآن کی الہامی حیثیت کا انکار کیا اور اسے یہود و نصاریٰ سے ماخوذ یا اپنے معاشرے کی اصلاح کے لیے محمد ﷺ کی فکر و خواہش کا نتیجہ باور کرانے کی کوشش کی۔ لیکن ان کہی کی صفوں میں کئی لوگ ایسے بھی سامنے آئے جنہوں نے قرآن کو وحی الٰہی تسلیم کیا۔ اس طرح قرآن کے ماخذ سے متعلق ان کے نظریات میں ایک ارتقا واقع ہوا ہے، ان کے بہت سے محققین کو قرآن کی الہامی حیثیت کے انکار کے عمومی استشراقی موقف سے اختلاف کرنا پڑا ہے۔ اگرچہ خود مستشرقین ہی کے نمایاں افراد کی طرف سے قرآن کے الہامی ہونے کا اقرار اس کے مخالف استشراقی نظریات کی تردید نہایت موثر طریقے سے کر رہا ہے، پھر بھی مخالفین کی غلطی اور اس کے اسباب و وجوہ کی تحقیق ضروری معلوم ہوتی ہے۔ ذیل کی سطور میں اس ضمن میں اہم نکات پیش کیے جاتے ہیں:

مغربی اہلِ قلم کے پاس قرآن کو یہود ونصاریٰ سے ماخوذ بتانے کے لیے سب سے بڑی بنیاد یہ ہے کہ اس میں پچھلی کتابوں کے واقعات مذکور ہیں؛ بہت سی ایسی باتیں جو بائبل میں موجود ہیں قرآن نے بھی بیان کیں ہیں۔ حالانکہ بائبل کی باتیں مذکور ہونے کی بنا پر کسی بھی منطق اور تجزیے کی رو سے قرآن کو غیر الہامی نہیں ٹھرایا جاسکتا۔ اگر اصول یہ ہے تو عہد نامہ جدید کو بھی غیر الہامی قرار دینا پڑے گا؛ کیونکہ اس نے کثرت کے ساتھ عہد نامہ قدیم کی باتیں دہرائی ہیں۔ اگر عہد نامہ جدید عہد نامہ قدیم کے واقعات ذکر کرنے سے غیر الہامی نہیں ہو جاتا تو قرآن ان دونوں کے واقعات ذکر کرنے سے غیر الہامی کیسے قرار دیا جاسکتا ہے، بالخصوص جبکہ اس نے جگہ جگہ اس بات کا اقرار و اعلان کیا ہے کہ وہ پچھلی الہامی کتب کی تصدیق کرتا ہے، اور وہی تعلیمات پیش کرتا ہے، جو پچھلے انبیا علیہم السلام نے پیش کی ہیں۔ ہاں البتہ اس نے اس بات کا بھی واضح اعلان کیا ہے کہ وہ پچھلی کتابوں کا محافظ بھی ہے اور ان کے ماننے والوں کی طرف سے ان میں کی گئی تحریفات کی نشاندہی اور ان تحریفات کے نتیجے میں ان میں راہ پاجانے والی غلطیوں کی اصلاح کرتا ہے۔ قرآن حکیم میں ہے:

﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ﴾[19]

(اور ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی، اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان پر محافظ و نگہبان ہے)۔

مستشرقین اس مھیمن کتاب کے ان بیانات کو غلط کہہ کر رد کر دیتے ہیں جو پچھلی کتابوں سے مختلف ہیں یا ان میں مذکور نہیں ہیں لیکن یہ سطحی اور غیر علمی دعوی کرتے وقت وہ اس حقیقت کو یکسر نظر انداز کر جاتے ہیں کہ پچھلی کتب کا محرف ہونا ایک ثابت شدہ حقیقت ہے جس سے کوئی بھی حق پسند محقق کبھی بھی انکار نہیں کر سکتا۔ یہاں اس ضمن میں مغرب ہی کے ایک محقق ڈاکٹر موریس بکائی (Maurice Bucaille، 1920-1998) کا حوالہ دیا جاتا ہے۔[20] ڈاکٹر موریس بکائی نے The Bible The Quran one Science میں نہایت محکم دلائل سے ثابت کیا ہے کہ بائبل بہت کچھ تحریف ہو چکی ہے اور اس کو کسی طور غیر محرف قرار نہیں دیا جاسکتا[21]۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بکائی نے بھی بائبل کی غلطیاں مسلمانوں کے حوالے سے نہیں، عیسائی مصنفین ہی کے حوالے سے گنوائی ہیں۔ وہ ایک جگہ اپنی کتاب میں اس نوع کے تفصیلی حوالوں کی نشاندہی کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "As we have already seen in the proceeding chapter, historical errors were found in the Bible and we have quoted several of these pinpointed by Jewish and Christian experts in exegesis. "[22]

(جیسا کہ اس باب میں ہم نے قبل ازیں دیکھا، بائبل میں تاریخی غلطیاں موجود ہیں؛ ہم نے ان غلطیوں میں سے متعدد کے حوالے بھی دیے ہیں؛ جن کی نشان دہی یہودی اور مسیحی ماہرین نے تفسیروں میں کی ہے)۔

موصوف نے ثابت کیا ہے کہ عہد نامہ قدیم صدیوں کے رد وبدل اور اضافے کے ذریعے بتدریج موجودہ مجموعے کی صورت میں تشکیل پذیر ہوا ہے۔[23] اور عہد نامہ جدید سے متعلق بھی اس حقیقت پر کسی حیرت واستعجاب کے اظہار کی ضرورت نہیں کہ راویانِ انجیل یسوع کی زندگی کے بعض واقعات کو ایک ذاتی نقطہ نظر کے تحفظ کی خاطر توڑ مروڑ کر پیش کر دیا کرتے ہیں، اور اناجیل میں مذکور دیگر متعدد واقعات بھی واضح طور پر فرضی نوعیت کے حامل ہیں۔[24] یوں یہ بات متحقق ہو جاتی ہے کہ قرآن نے جہاں جہاں بائبل سے اختلاف کیا وہاں وہاں اس نے دراصل بائبل میں راہ پا جانے والی غلطیوں کی اصلاح کر کے کتبِ سابقہ پر اپنے مھیمن ہونے کا حق ادا کیا ہے۔ اگر اہلِ کتاب نے اپنی کتابوں میں تحریف نہ کی ہوتی تو آج بائبل اور قرآن میں کوئی تضاد نظر نہ آتا۔ مستشرقین مشرکینِ مکہ کی تقلید میں بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر یہ دعوی کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مختلف افراد مثلاً بحیری و نسطورا راہب اور ورقہ وغیرہ سے معلومات اخذ کیں۔ مستشرقین کے افکار سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ نہ صرف مستشرقین کے اس اعتراض کی نوعیت مشرکینِ مکہ سے ملتی جلتی ہے بلکہ انھوں نے نہایت دھڑلے سے اپنے نقطہ نظر کی تائید کے لیے مشرکینِ مکہ کا حوالہ بھی دیا ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ مستشرقین تکذیبِ قرآن کی غرض سے وہ بودہ الزام بھی عائد کر گئے ہیں جو مشرکینِ مکہ سے بھی نہ بن پڑا تھا، ورقہ، بحیری اور نسطورا سے قرآن سیکھنے کا الزام تو مشرکینِ مکہ نے بھی حضور ﷺ پر عائد نہیں کیا تھا۔ مشرکینِ مکہ کہا کرتے تھے کہ بلعام لوہار یا فلاں فلاں عجمی غلام حضور ﷺ کو قرآن سکھاتا ہے اور قرآن نے ان کی اس یاوہ گوئی کے جواب میں فرمایا تھا:

﴿وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ لِسَانُ الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُبِينٌ﴾۔[25]

(ہمیں بخوبی علم ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اسے کوئی آدمی (قرآن) سکھاتا ہے، (حالانکہ) جس کی طرف نسبت کر رہے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ واضح عربی زبان ہے)۔

یعنی اے اہلِ قریش ذرا عقل کے ناخن لو! کیا یہ ممکن ہے کہ جس عربی کلام کی عظمتوں کو تمہارے ولید بن مغیرہ اور لبید بن ربیعہ جیسے زبان آور، قرآن سے اپنی تمام تر دشمنی اور تعصب کے باوصف سلام کرتے ہیں، وہ کسی عجمی کی تعلیم سے وجود میں آیا ہو! کیا مردانِ حر کو زندگی کے گر سکھانے والا قرآن حکیم ان غلاموں کے ذہن کی اختراع ہو سکتا ہے، جنہیں اپنے مالکوں کی خدمت ہی سے فرصت نہیں ملتی۔ یوں قرآن نے مشرکینِ مکہ کے مذکورہ غلط اور فضول اعتراض کی قلعی کھول کر رکھ دی۔ مستشرقینِ مغرب نے آنکھیں بند کر کے مشرکینِ

مکہ ہی کی طرح یہ کہنا شروع کر دیا کہ حضور ﷺ نے فلاں فلاں لوگوں سے قرآن اخذ کیا۔ لیکن اپنے تخیل کی بلند پروازی اور جدیدیت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ اعتراض بھی جڑ دیا جو کفارِ مکہ نے اپنے متذکرہ اعتراض سے بھی بے تکا اور یکسر نہ چل سکنے والا جھوٹ سمجھ کر چھوڑ دیا تھا؛ کیونکہ اگر کسی دل میں اس سلسلے میں ادنی شک اور وہم بھی ڈالا جا سکتا کہ حضور ﷺ نے اہلِ کتاب یا عیسائی راہبوں سے قرآن سیکھا ہے تو کفارِ مکہ، جنہیں قرآن کو جھوٹا ثابت کرنے کی مستشرقین سے بے انتہا زیادہ ضرورت تھی، اور جو قرآن کی تردید کے لیے رائی کا پہاڑ بنانے میں ذرا تامل نہ کرتے تھے، کبھی اسے نظر انداز نہ کرتے۔ چنانچہ مستشرقین کا یہ اعتراض ایک تو اس بنا پر بھی بدیہاً غلط ٹھہرتا ہے کہ اگرچہ کفارِ مکہ نے حضور ﷺ پر دوسروں سے قرآن سیکھنے کا الزام لگایا تاہم انھوں نے کبھی یہ اعتراض نہ کیا کہ آپ نے ورقہ، بحیرہ، یا نسطورا وغیرہ اہلِ کتاب سے قرآن سیکھ لیا ہے۔ دوسرے مستشرقین کے اس الزام کی تردید قرآن حکیم کی مذکورہ بالا آیت ہی میں مضمر ہے۔ قرآن نے گویا کفارِ مکہ سے سوال کیا تھا کہ جن لوگوں کی طرف تم قرآن سکھانے کی نسبت کرتے ہو کیا وہ قرآن جیسی فصیح و بلیغ اور علوم و معارف کی جامع کتاب پیش کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں؟ اسی آیت کی روشنی میں ہم مستشرقین سے سوال کرتے ہیں کہ کیا بحیری، نسطورا اور ورقہ وغیرہ کو وہ علوم و معارف حاصل تھے، جو قرآن میں بیان ہوئے ہیں؟ پھر اہل کتاب اور عیسائی راہبوں سے آپ کی ملاقاتیں ڈھکی چھپی نہیں بلکہ تاریخ کا حصہ ہیں۔ کوئی عقلمند آدمی باور نہیں کر سکتا کہ ان مختصر اور معمولی ملاقاتوں میں اہلِ کتاب اور عیسائی راہبوں نے آں حضور ﷺ کو قرآن میں جگمگ کرتے علوم و معارف کے بے مثل موتیوں سے بہرور کر دیا ہو گا۔ قرآن کے یہود و نصاری اور بائبل سے ماخوذ ہونے کے استشراقی الزام کی قلعی ڈاکٹر موریس بکائی کے اس بیان سے خوب کھل جاتی ہے جس کے مطابق مغرب کے یہودی نصرانی اور دہریے بغیر کسی ادنی شہادت کے یہ دعوی کر دیتے ہیں کہ قرآنی بیانات اور قصص بائبل کی نقل ہیں۔ لیکن یہ دعویٰ ایسی ہی کم عقلی اور نادانی ہے جیسے یہ کہا جائے کہ حضرت مسیح نے خود اپنے مواعظ کے دوران عہد نامہ قدیم سے تحریک پا کر اپنے ہمعصروں کو اُلو بنایا تھا۔[26] وہ قرآنی قصص اور تاریخی بیانات جو بائبل سے مختلف یا متصادم ہیں، ان سے متعلق مستشرقین نے یہ اعتراض کیا کہ یہ ان گری پڑی، غلط سلط اور غیر صحیح معلومات پر مبنی ہیں جو آں حضور ﷺ نے ادھر ادھر سے سن لی تھیں۔ لیکن اس اعتراض کی حقیقت بائبل کی تحریف سے متعلق پیش کردہ ان گزارشات سے واضح ہو جاتی ہے جو چند سطور اوپر درج کی گئی ہیں۔ جب بائبل ہے ہی محرف، تو اس سے اختلاف کہ بنا پر قرآن کیونکہ موردِ الزام ٹھہر سکتا ہے۔

قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے کے نوع بنوع دلائل میں سے صرف تین دلیلوں ہی پر غور کر لیا جائے تو اس کا الہامی ہونا مبرہن ہو جاتا ہے۔ ایک دلیل اس کا اعجاز ہے؛ اور یہ اعجازِ قرآنی کوئی باریک اور پیچ در پیچ موشگافیوں پر مبنی دعوی نہیں۔ قرآن کھلے عام اور جگہ جگہ کہہ رہا ہے کہ وہ ایک بے مثل اور معجزانہ کلام ہے اور کسی انسان کے بس میں نہیں کہ اس کی مثال پیش کر سکے۔ وہ اپنے اعجاز کو اپنے نزول کے وقت سے لے کر قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لیے اپنے وحیِ خداوندی ہونے کے دعوے کے ثبوت میں پیش کرتا ہے۔

وہ انسانی علوم و فنون کے تمام شعبوں کے ماہرین کے لیے چیلنج ہے؛ جن کو اپنی زبان دانی اور فصاحت پر ناز تھا، انہیں اس کی فصاحت و بلاغت اپنی مثل پیش کرنے کا چیلنج کر رہی ہے؛ جو اپنی کہانت اور مستقل بینی پر نازاں تھے ،ان سے اس کے مستقبل کے متعلق بیانات سوال کر رہے ہیں کہ کیا تاریخ کسی ایسے کاہن کو جانتی ہے جس کی مستقبل کے متعلق پیشگوئیاں اسی طرح صحیح ثابت ہوئی ہوں جس طرح اس کی پیشگوئیاں حرف بحرف سچ ثابت ہوئی ہیں؛ جو لوگ فلسفۂ یونان پر نازاں تھے ان کے سامنے وہ فلسفۂ یونان کے غلط نظریات کا پردہ چاک کر کے اپنی عظمت وجلالتِ قدر کا ثبوت مہیا کر رہا ہے۔ موجودہ ترقی یافتہ دور میں جن لوگوں کو اپنی سائنسدانی پر ناز ہے انہیں وہ باور کراتا نظر آتا ہے کہ تم نے جن حقیقتوں کا انکشاف آج کیا ہے میں نے ان میں سے بہت سی حقیقتوں کو اپنے پیروکاروں کو اس زمانے مین آگاہ کر دیا تھا جب ان کا تصور تک آدمی کے حاشیۂ خیال میں نہ تھا۔ الغرض قرآن کا چیلنج کہ :

﴿اِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ رَيۡبٍ مِّمَّا نَزَّلۡنَا عَلٰى عَبۡدِنَا فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَةٍ مِّنۡ مِّثۡلِهٖ وَادۡعُوۡا شُهَدَآءَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ﴾۔[27]

(اور اگر تمہیں اس میں شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا ہے تو تم بھی اس جیسی ایک سورت بنا لاؤ اور اللہ کے علاوہ اپنے مددگاروں کو بھی بلالو، اگر تم سچے ہو)۔

جس طرح لبید بن ربیعہ اور ولید بن مغیرہ جیسے فصیح اللسان عربوں کے لیے تھا اسی طرح عصر حاضر کے ماہرینِ علوم و فنون اور سائنسدانوں کے لیے بھی ہے، لیکن آج تک کوئی انسان اس کے چیلنج کا جواب پیش کر کے اس کا غیر الہامی ہونا ثابت نہیں کر سکا۔ یہ دعویٰ بلا دلیل نہیں ہے ،بلکہ اس کی پشت پر محکم اور ناقابلِ تردید دلائل ہیں۔ یہاں مختصراً چند ایک کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ پہلی دلیل قرآن کا مانا ہوا معجزانہ اسلوب اور تاثیر ہے۔ قرآن حکیم کے پہلے مخاطب عرب تھے۔ قرآن نے انھیں چیلنج دیا کہ اگر تم اس کے وحیِ الٰہی ہونے کا انکار کرتے اور اسے انسانی ذہن کی اختراع قرار دیتے ہو تو اس جیسی کتاب بنا کر پیش کرو۔ اگر یہ نہیں کر سکتے تو اس جیسی دس سورتیں ہی لے آو۔ اگر یہ بھی نہیں تو اس جیسی ایک ہی سورت ہی بنالو۔ لیکن تاریخ شاہد ہے کہ وہ عرب جنہیں اپنی فصیح البیانی اور قادر الکلامی پر ناز تھا، قرآن کے مقابلے میں ایک سورت بھی پیش کرنے سے عاجز آگئے۔ ان لوگوں نے آں حضور ﷺ کو زک پہنچانے اور قرآن کو جھوٹا ثابت کرنے کے لیے ہر حربہ آزمایا۔ قرآن کو سحر و کہانت اور آں حضور ﷺ کو ساحر و کاہن کہا لیکن وہ اتنا نہ کر سکے کہ قرآن کے مقابلے میں چند جملے پیش کر دیتے۔ یہی نہیں کہ وہ قرآن کے مقابلے میں اپنے عجز و درماندگی پر ہی خاموش بیٹھ گئے بلکہ قرآن کے اسلوب و تاثیر نے ان کے دلوں کو یوں اپنی گرفت میں لیا کہ بڑے بڑے دشمنوں نے بھی اس کے معجزہ ہونے کا اعتراف کر لیا۔ خود جارج سیل نے اس حقیقت کو بیان کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے :

"میں متعدد مثالوں میں سے ایک مثال یہ ظاہر کرنے کے لیے پیش کرتا ہوں کہ قرآن کے اسلوب کی تعریف میں وہ لوگ بھی رطب اللسان تھے جو اس کتاب کے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے واقعی موزوں جج قرار پاتے ہیں۔ لبید بن ربیعہ جو محمد ﷺ کے زمانے میں عظیم عرب شعرا میں سے ایک تھا، کی ایک نظم خانہ کعبہ کے دروازے پر آویزاں کی گئی تھی اور خانہ کعبہ کے دروازے پر آویزاں ہونا ایک ایسا اعزاز تھا جو صرف ان ہی ادب پاروں کو نصیب ہوتا تھا جن کے مقابلے کی دوسرے شعرا میں ہمت نہ ہوتی تھی۔ لیکن جلد ہی لبید کی نظم کے ساتھ قرآن حکیم کی دوسری سورت آویزاں کر دی گئی۔ لبید اس سورت کی ابتدائی آیات پڑھ کر ہی اس کے لیے سراپا تعریف بن گیا اور فوراً اس دین پر ایمان لے آیا، جس کی تعلیم وہ سورت دے رہی تھی اور ساتھ ہی یہ اعلان کر دیا کہ یہ کلام صرف ایسے شخص ہی کی زبان سے نکل سکتا ہے جس پر خدائی وحی آتی ہو"[28]

-

عتبہ بن ربیعہ قریش کے سربرآوردہ لوگوں میں سے تھا۔ اہلِ قریش نے اسے اس زمانے کے مروجہ علوم و فنون مثلاً سحر کہانت اور شاعری وغیرہ میں یگانہ روزگا ہونے کی بنا پر آں حضور ﷺ سے مصالحت کی گفتگو کے لیے منتخب کیا۔ وہ حضور ﷺ سے گفتگو کے لیے آیا۔ اس کی بات ختم ہوئی تو حضور ﷺ نے سورۃ السجدہ کی تلاوت شروع کر دی۔ جب آپ ﷺ سورہ مذکورہ کی آیت تیرہ[29] پر پہنچے تو عتبہ کانپ اٹھا اور حضور ﷺ کے دہنِ مبارک پر ہاتھ رکھ کر رحم کی التجا کرنے لگا۔ جب اپنی قوم میں واپس آیا تو ان سے گویا ہوا:

کلمنی بکلام واللہ ما سمعت اذنای مثلہ قط فما دریت ما اقول لہ۔[30]

خدا کی قسم محمد ﷺ نے مجھے ایسا کلام سنایا ہے کہ میرے کانوں نے آج تک وہ کلام نہیں سنا۔ میری سمجھ میں ہی کچھ نہ آیا کہ میں اس کا کیا جواب دوں۔

ولید بن مغیرہ قرآن کا ایک بہت بڑا دشمن تھا۔ اس کی قادر الکلامی کی دھوم پورے مکے میں تھی۔ اس کے چچا ابو جہل نے اسے قرآن کی عظمتوں کے سامنے سرنگوں ہوتا دیکھ کر اسے تنبیہ کرنا چاہی تو اس نے جواب دیا کہ خدا کی قسم تم میں سے کوئی بھی اصنافِ سخن کا مجھ سے زیادہ شناسا نہیں لیکن محمد ﷺ جو کلام پیش کرتے ہیں اس کا تعلق ان اصناف میں سے کسی کے ساتھ بھی نہیں۔ یہ حق ہے اور بہت عظیم کلام ہے۔ یہ غالب آنے والا ہے مغلوب ہونے والا نہیں۔[31] اس قسم کے اور بھی متعدد واقعات تاریخ میں محفوظ ہیں، جن سے ثابت ہوتا ہے کہ عرب کے بڑے بڑے فصیح و بلیغ ادبا و شعرا نہ صرف یہ کہ قرآن کا معارضہ کرنے میں ناکام رہے بلکہ اس کی اثر انگیزی اور عدم مثلیت کا قولی و عملی اعتراف و اقرار کرنے پر بھی مجبور ہوئے۔ قرآن کے اعجاز کے منکر اور اسے

حضور ﷺ کا کلام کہنے والے مستشرقین ذرا سوچیں کہ کیا کسی انسانی کلام کے بارے میں اس کے کٹر مخالفین اس طرح کے اعتراف واقرار پر مجبور ہوئے ہیں۔

دوسری دلیل قرآن حکیم کی وہ پیش گوئیاں ہیں جو حرف بحرف پوری ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں ، یہاں سب کا استقصا تو ممکن نہیں، چند ایک کا اشارتاً ذکر کیا جاتا ہے۔ قرآن نے پیش گوئی کی:

﴿قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا﴾۔[32]

(کہیے ! اگر انسان اور جن اس پر جمع ہو جائیں کہ اس قرآن کی مثل لے آئیں تو نہیں لا سکیں گے ، اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار بن جائیں)۔

چودہ صدیاں گزر گئیں۔ قرآن کا جواب کوئی پیش نہ کر سکا ،اور نہ قیامت تک کر سکے گا۔ قرآن نے رومیوں کے دس سال کے اندر ایرانیوں پر غالب آجانے کی اس وقت پیش گوئی کی جب رومی ایرانیوں سے سخت مغلوب ہو چکے تھے اور یہ پیشگوئی قطعی ناقابلِ یقین لگتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ابی بن خلف نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے شرط لگا لی لیکن تاریخ شاہد ہے کہ ٹھیک سات سال بعد قطعی غیر متوقع طور پر رومی ایرانیوں پر غالب آگئے۔

قرآن نے کہا تھا کہ یہ کلام تبدیلی و تحریف سے محفوظ رہے گا؛ باطل اس میں کسی طور راہ نہ پا سکے گا:

﴿اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ﴾۔[33]

ہم نے ہی اس ذکر (یعنی قرآن) کو نازل کیا ہے اور ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں

﴿لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ﴾۔[34]

(باطل اس کے آگے سے آسکتا ہے اور نہ پیچھے سے کہ یہ حکیم و حمید کا نازل کردہ ہے)۔

اور اہلِ تحقیق کے ہاں یہ امر مسلم ہے کہ قرآن میں آج تک شوشہ بھر کی کمی بیشی نہیں ہوئی۔ وعلی ہذا القیاس فتح مکہ کی خبر ، یہودیوں کی تمنائے موت نہ کرنے کی پیشگوئی، مسلمانوں کی عسکری کامرانیوں کی پیشگوئی ، جنگ بدر سے متعلق پیشگوئی اور بہت سے دیگر پیشگوئیاں ایسی ہیں جو حرف بحرف پوری ہوئیں۔ یہی نہیں بلکہ بہت سی پیش گوئیاں ایسی ہیں جو آیندہ زمانے میں پوری ہوں گی۔ مستقبل کے متعلق خبر دینا چونکہ انسانی عقل کے دائرے سے باہر ہے اس لیے اگر کوئی کتاب مستقبل کے متعلق بے شمار پیشگوئیاں کرے اور ان میں سے اکثر انہی لوگوں کے سامنے پوری ہو جائیں جن کے سامنے یہ پیشگوئیاں کی گئی تھیں، تو اس سے اس نتیجے پر پہنچنا مشکل نہیں کہ وہ کتاب کسی انسانی ذہن کی اختراع نہیں ہو سکتی۔ قرآن کا معاملہ یہی ہے ۔ اس کی اکثر پیشگوئیاں اس کے اولین مخاطبوں کے سامنے ہی پوری ہو گئیں اور کئی پیش گوئیاں مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ پوری ہو رہی ہیں، اور جوں

جوں انسانی ذہن ترقی کرتا جائے گا اسے معلوم ہوتا جائے گا کہ وہ جو کچھ آج دیکھ رہا ہے قرآن نے صدیوں پہلے اس کا پتہ دے دیا تھا۔ واضح رہے کہ کاہنوں اور مستقبل بینوں کی ان اٹکل پچو پیش گوئیوں کو، جن کے پورے ہونے کے متعلق ان کاہنوں اور مستقبل بینوں کو خود بھی یقین نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ درحقیقت اظہارِ امکان سے آگے بڑھ کر کچھ کہنے کی پوزیشن میں ہوتے ہیں، قرآن حکیم کی پیشگوئیوں سے کچھ علاقہ نہیں۔ مستشرقین اگر قرآن کو معجزہ اور کلام الٰہی ماننے کو تیار نہیں تو ذرا قرآن کی ان لاتعداد پیشگوئیوں کی توجیہ کریں جن کی شہادت تاریخِ عالم کے صفحات فراہم کر رہے ہیں۔

قرآن کے اعجاز اور کلام الٰہی ہونے کی تیسری دلیل، جس کا یہاں ذکر کرنا مطلوب ہے، وہ ساتویں صدی عیسوی کی کتاب میں ان معجزانہ سائنسی انکشافات کی موجودگی ہے ،جو سائنس کو اپنی موجودہ ترقی و عروج کے زمانے میں معلوم ہوئے ہیں ،اور بہت سے ایسے انکشافات کی موجودگی بھی جن تک ابھی تک موجودہ سائنس باوجود ترقی و کمال رسائی حاصل نہیں کر سکی۔ یہ محض خالی خولی دعوی نہیں ہے بلکہ موجودہ دور کے بڑے بڑے نامور اور محقق سائنسدانوں نے انہی سائنسی انکشافات کی موجودگی کی بناپر اس کتاب کو معجزہ اور کلامِ الٰہی تسلیم کیا ہے۔ بیسیوں صدی کے مشہور فرانسیسی سائنسدان اور محقق ڈاکٹر موریس بکائی کو قرآن کی اسی خصوصیت نے اپنا گرویدہ بنایا تھا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے قرآن سے متعلق اپنے ابتدائی تاثر کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ابتداءً میں قرآن میں سائنسی نوعیت کے بیانات پا کر انتہائی حیرت میں ڈوب گیا۔ اس وقت تک میں نے سوچا بھی نہیں تھا کہ ایسی تحریر میں جو تیرہ صدیاں پہلے مرتب ہوئی تھی اور جس میں انتہائی مختلف النوع مضامین بیان ہوئے ہیں، میرے لیے یہ ممکن ہو گا کہ میں سائنسی نوعیت کے اتنے بہت سے بیانات ڈھونڈ نکالوں گا۔ لیکن قرآن کا اعجاز ملاحظہ کریں کہ اس نے ڈاکٹر صاحب کو تشنہ نہیں رہنے دیا؛ جلد انھیں معلوم ہو گیا کہ قرآن میں بہ کثرت سائنسی مضامین بیان ہوئے ہیں ، اور ان میں کوئی بیان بھی ایسا نہیں جس کو جدید سائنس جھٹلا سکے، حالانکہ بائبل کے انھی موضوعات سے متعلق بیانات میں فاش غلطیاں پائی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ یہ جان لینے کے بعد میں نے ایک بار خود سے استفسار کیا کہ اگر کوئی انسان قرآن کا مصنف ہوتا تو وہ ساتویں صدی عیسوی میں ایسے حقائق کس طرح بیان کر دیتا جو آج کی جدید سائنسی معلومات سے پوری طرح مطابقت کرتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں! انسان کے پاس اس کی کیا توجیہ ہے کہ جس زمانہ میں فرانس میں شاہ ڈیگوبرٹ[35] حکومت کر رہا تھا اس زمانے میں میں جزیرۃ العرب کا ایک باشندہ بعض موضوعات پر ایسی سائنسی معلومات رکھتا تھا جو ہمارے زمانے سے بھی دس صدی بعد کے دور سے تعلق رکھتی ہیں۔[36] میرے نزدیک قرآن کی کوئی بشری توجیہ و تشریح ممکن نہیں۔[37]

ایسے ہی روشن اور ناقابل انکار حقائق ہیں جنہوں نے بالآخر بہت سے اہل مغرب کو قرآن کو کلام الٰہی تسلیم کرنے پر مجبور کیا۔ قرآن کے اعجاز کو ملاحظہ کر کے دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے بکائی ایسے سائنسدان

ہوں یا مسلمان ہوئے بغیر قرآن کو کلام الٰہی مان لینے والے واٹ ، کیرن اور کارل ارنسٹ وغیرہ ایسے مغربی فاضلینِ علومِ اسلامیہ ، سب ان عام اہلِ مغرب کے لیے روشن آیات ونشانات ہیں، جو واقعی حق کے متلاشی ہیں

خلاصہ بحث

ماخذِ قرآن سے متعلق بحث و تحقیق میں مستشرقین نے کئی نظریات پیش کیے، جن میں قرآن کے بائبل اور یہودی و نصرانی روایات سے ماخوذ ہونے، آں جناب ﷺ کے ذہن کی اختراع ہونے اور اللہ کی طرف سے وحی کا نتیجہ ہونے کے نظریات شامل ہیں۔ان نظریات کا مطالعے سے عیاں ہوتا ہے کہ زیرِ نظر موضوع پر مستشرقین کے نظریات میں ارتقا واقع ہوا ہے۔ قرآن کے وحی الٰہی نہ ہونے کے عمومی نظریے سے اختلاف کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے متعدد نمایاں مستشرقین ، حتیٰ کہ ان لوگوں نے بھی جو اسے دیگر ذرائع سے ماخوذ بتاتے تھے، بعد میں تسلیم کیا کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور آپ ﷺ پر بذریعہ روحی نازل ہوا تھا، جیسا کہ بائبل کے پیغمبروں پر وحی کے ذریعے کلام الٰہی نازل ہوتا تھا۔ مستشرقین کے افکار کے تجزیے سے عیاں ہوتا ہے کہ قرآن کے مصدر کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کہیں ڈھونڈنے والے مستشرقین کے خیالات اسلام کے خلاف روایتی تعصب ،اسلام اور قرآن کی سطحی تفہیم اور اسلامی ماخذات اور تاریخی تنقید کے اصولوں سے ناواقفیت یا تجاہل کا نتیجہ ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

1- George Sale, The Koran (New York: 1890), 50

2- J.M. Rodwell, The Koran (London: Dent, 1909), 14-45.

واضح رہے کہ قرآن کو حضور ﷺ کی تصنیف ثابت کرنے کے لیے کفارِ مکہ کے آپ ﷺ پر اس الزام کہ: آپ دیگر لوگوں سے سن کر قرآن بناتے ہیں، کو اپنے دعوے کی دلیل صرف سیل اور راڈویل ہی نہیں اور بھی متعدد مغربی مصنفین نے بنایا ہے۔مثال کے طور پر دیکھیے:

Richard Bell, The Origin of Islam in Its Christian Environment (London: Macmillan, 1926),110-112;William Muir, Life of Mahomet (London: Smith, 1860),II/100; F. J. L Menezes, The life and Religion of Muhammad, the Prophet of Arabia Sands (London: 1911),158; Norman Daniel, Islam and the West: The making of an Image (Edinburgh: Edinburgh University Press, 1966),34.

3- The New Encyclopaedia Britannica (Chicago: Encyclopaedia Britannica, 15th Edition, 1986) 22/ 9.

4- James Hastings, ed; *Encyclopaedia of Religion and Ethics* (New York: Charles Scribner's Sons), 1930, X/ 540.

5 - Richard Bell, *Introduction to the Quran* (Edinburgh: Edinburgh University Press, 1963), 161.

6- Bell, *Introduction to the Quran*, 161-165.

7- Watt, W. Montgomery Watt, *Muhammad: Prophet and Statesman* (London: Oxford University Press, 1961), 39.

8- Watt, Muhammad: Prophet and statesman, 40.

9- Watt, Muhammad: Prophet and Statesman, 14.

10- Watt, Muhammad: Prophet and Statesman, 17.

11- Muir, Mahomet and Islam, 58.

12- H. A. R. Gibb, Mohammedanism: An Historical Survey (New York: Oxfor University press, 1964), 25-26.

13- Armstrong, Muhammad: A Biography of the Prophet, 48-49.

14- Carl W Ernst, Following Muhammad: Rethinking Islam in the contemporary world (Chapel Hill & London: The University of North Carolina Press, 2003), 93.

15- Ernst, Following Muhammad, 93-94.

16- William Montgomery Watt, Companion to the Quran (England: Oneword publication, 1994),4.

17- William Montgomery Watt, Islam and Christianity Today: A Contribution to Dialogue (London: Routledge&Kegan Paul, 1983),60-61.

18- R. C. Zaehner, *At Sundry Times: An Essay in the Comparison of Religions* (London: Faber & Faber, 1958), 27.

19- المائدة48:5

20- اس کوایک مسلمان کا حوالہ اس لیے نہیں کہا جاسکتا کہ ڈاکٹر بکائی اگر مسلمان ہوئے تھے تو بھی زیرِ حوالہ کتاب کی تالیف تک ہر گز نہیں۔

21 - See for details: Maurice Bucaille, The Bible the Quran and Science, trans. Alastair D Pannell and the Author (N. D), 15-101

22 - Bucaille, The Bible the Quran and Science, 31.

23 - Bucaille, The Bible the Quran and Science, 48

24 - Bucaille, The Bible the Quran and Science,101.

25- النحل 103:16۔

26- Bucaille, The Bible the Quran and Science,113.

27- البقرہ23:2 ۔

28- Sale, The Koran, 47–48.

29- وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ۔

30- محمد رشید رضا،الوحی المحمدی(بیروت: موسسۃ عز الدین،1406ھ)،186-187۔

31- محمد رشید رضا،الوحی المحمدی،184۔

32- بنی اسرائیل88:17۔

33- الحجر9:15۔

34۔ فصلت41:42۔

35۔ ڈیگوبرٹ(Dagobert 1) کا عرصۂ حیات603ء-639ء اور عہدِ اقتدار 623ء-639ء ہے ۔فرانس کے علاقے میں اس کازمانۂ اقتدار629ء-639ء ہے۔

36- Bucaille, The Bible the Quran and Science, 109-110.

37- Bucaille, The Bible the Quran and Science, 114.

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

نسخ پر استشراقی اعتراضات کا ناقدانہ جائزہ

(Critical analysis of Orientalist on *nasakh)*

***ڈاکٹر سلیم الرحمٰن**
چئیرمین شعبہ اسلامک تھیالوجی، اسلامیہ کالج پشاور
****ڈاکٹر محمد ریاض خان الازہری**
اسسٹنٹ پروفیسر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اینڈ ریلجئیس سٹڈیز، ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ

ABSTRACT

Prophet of *Allah* were send to specific race, area, for a limited period except the prophet *Muhammad* (SAW). The Prophet *Muhammad* (SAW) is the Prophet for all nation, all time periods and for whole world till before the day of Judgment. Other prophets were to preach previous *shariah* or send with minor changes in existing Commandments. But Prophet Muhammad (SAW) bring with him a new complete life, which all other. A Prophets (A.S) were sent for a limited period, specific race and area except the last prophet Muhammad (SAW). Some of them preached only the previous *Shariah*, while some others came with the partial or fully change in the previous *Shariah*. On the other hand, the last prophet Muhammad (SAW) was sent as Universal Prophet, whose Prophet hood is meant for all the people, the whole world and for all the times till the day of judgment. Consequent upon the Perfection of religion on prophet *Muhammad* (SAW), all the previous *Shariahs* were abrogated. However, the last Sharia reached its perfection through an evolutionary process, covering a span of 23 years. During this process some partial or complete modification took place through recited and non-recited revelation, as was advisable according to the knowledge and will of Allah Almighty. This change / modification is conventionally called *Nasakh.* The non-Muslims and orientalists make objection on the *Nasakh* and took it for that type of modification which takes place with the passage of time or after review on some work. They thought (misunderstood) it as change of opinion and termed it as the reason of imperfection of the knowledge of Allah, while in reality *Nasakh* is totally different from that. *Nasakh* actually discovers the predetermined time period of an abrogated command as suits to the wise principles and planning of *Allah* Almighty. .

As per its conventional meaning and terms and conditions, *Nasakh* is totally according to the wisdom of Allah Almighty, which denotes the perfection of His

knowledge, not the limitation. Its refusal is equal to the refusal of the wisdom of Shariah. The given article discusses and critically analyzes the reality of *Nasakh* and the objections of orientalists on it, which brings the misunderstanding of orientalists to true light.

Key words: *Nasakh*, Prophet, Orientalist, opinion, analyzes.

مشہور مستشرق جارج سیل (George Sale) جس نے قرآن کا ترجمہ بھی کیا جو اھل مغرب کے لئے علمی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے اس نے قرآن کو آنحضرت (ﷺ) کی تصنیف ہونے کا دعویٰ کیا۔

> "*Muhammad* was really the author and chief contriver of the *Quran* beyond dispute[1]"

موصوف اپنی کتاب کے مقدمہ میں رقمطراز ہیں: "قرآن میں کچھ آیات ہیں جن میں باہمی تعارض ہے، ان پر وارد ہونے والے اعتراضات کا تدارک مسلمان علماء نسخ کے ذریعے کرتے ہیں، چنانچہ جواباً کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ احکام صادر کیے جن کو بعد میں معقول وجوہات کی وجہ سے منسوخ قرار دیا گیا[2]۔

مستشرقین ایک قدم آگے بڑھ کر ملفوف انداز میں یہ دعویٰ کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ قرآن مجید کی متعارض آیات اور تضادات کو حل کرنے کا یہ طریقہ مسلمانوں کے پیغمبر ﷺ نے خود وضع کیا تھا۔ "نسخ" کے اصطلاحی مفہوم سے دانستہ یا نادانستہ ناواقفیت کی وجہ سے بسا اوقات یہ تاثر دیتے ہیں کہ گویا نسخ اور نظر ثانی یا (Review) کے مترادف الفاظ ہیں۔ اور آنحضرت (ﷺ) قرآنی آیات پر نظر ثانی کے بعد ترمیم واضافہ کرتے تھے اور اپنی کتاب کی ترتیب کو نئی شکل دیتے تھے۔ اس تاثر کا اندازہ مشہور مستشرق منٹگمری واٹ کے مندرجہ ذیل اقتباس سے بخوبی ہو جاتا ہے:

> "محمد ﷺ کا یہ اعتقاد کہ آپ کے پاس من جانب اللہ وحی آتی ہے، آپ کو، ان مواد کو نئی ترتیب دینے یا دوسرے الفاظ میں حذف واضافہ کے ذریعے ان میں ترمیم کرنے سے باز نہیں رکھتا تھا۔ قرآن حکیم میں بعض ایسے حوالے موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا محمد ﷺ کو بعض آیات بھلوا دیتا تھا۔ قرآنی متن کے بغور مطالعہ سے یہ بات تقریباً یقین کے درجہ تک پہنچ جاتی ہے کہ قرآن کے کچھ الفاظ اور آیات کا بعد میں اضافہ عمل میں لایا گیا۔ تاہم اس قسم کے اضافوں کو محمد ﷺ کی تالیف نہیں کیا جائے گا۔ البتہ یہ بات فرض کی جاسکتی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس کوئی ایسا ذریعہ موجود تھا کہ جب ان کو قرآن کے کسی حصے میں ترمیم یا حذف واضافہ کی ضرورت محسوس ہوتی تھی تو

آپ (ﷺ) وحی کے الفاظ سن لیتے تھے تاہم وحی کے بغیر آپ ترمیم نہیں کرتے تھے۔ روایت پسند مسلمانوں کے ہاں یہ امر مسلم ہے کہ قرآن کی کچھ آیات جن میں مسلمانوں کے لئے کچھ قوانین واحکام بیان کیے گئے تھے، وہ بعد میں آنے والی آیات کے ذریعہ منسوخ قرار دیے گئے "[3]۔

مندرجہ بالا اقتباس کو بغور پڑھنے سے جو نتیجہ برآمد ہوتا ہے وہ یہ کہ منٹگمری واٹ اور ان جیسے دیگر مستشرقین قرآن میں نسخ کے وجود کی بنیاد پر اپنی مزعومات کی بے بنیاد عمارت کھڑی کرنا چاہتے ہیں۔ الفاظ اور جملوں میں ہیرا پھیری سے کام لے کر وہ یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ آپ ﷺ قرآن حکیم میں حذف وترمیم کیا کرتے تھے تاہم اپنے پیروکاروں کو یہ تاثر دینے کی کامیاب ترکیب استعمال کرتے کہ یہ ترمیم یا نظرثانی آپ ﷺ اپنی طرف سے نہیں کرتے بلکہ قرآن میں کسی مقام پر ترمیم کی ناگزیر ضرورت پر آپ کسی نہ کسی طریقہ سے منبع وحی سے رابطہ کر لیتے ہیں اور وحی کی روشنی میں قرآن کریم میں ترمیم کر دیتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم میں "اصطلاحی نسخ" واقع ہوا ہے۔ قرآن کریم کی آیات میں نسخ کے وجود پر خود قرآن بھی شاھد ہے۔ جمہور علماء اس کو تسلیم بھی کرتے ہیں لیکن منٹگمری واٹ یا استشراقی قلم انتہائی چالاکی کے ساتھ "قرآن کی شہادت اور جمہور علماء کی تصدیق" کی دلیل کو، اصطلاحی نسخ کی بجائے اپنی مزعومہ دعویٰ کہ "پیغمبر اسلام اپنی طرف سے قرآنی آیات میں حذف وترمیم کرتے اور لوگوں کو باور کراتے کہ وحی کے ذریعہ آپ یہ کام کر رہے ہیں" پر منطبق کیا ہے اور قرآن کریم کو داعی اسلام کی تصنیف قرار دے کر اپنے ان مزعومات کو قرآن کریم اور روایت پسند علماء کے سر تھوپ کر اپنی روایتی علمی خیانت کا ثبوت پیش کیا ہے۔

نسخ کو قرآن میں تضادات کی موجودگی کی دلیل اور تضادات کی موجودگی کو آپ (ﷺ) کی طرف سے نظرثانی اور ترتیب نو کی دلیل، نظرثانی اور نسخ کو مترادف قرار دینے کے بعد قرآن کو باآسانی آپ (ﷺ) کی تصنیف وتالیف بنایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ منٹگمری واٹ، جارج سیل اور دیگر مستشرقین کے اس دعویٰ کو ماننے کے بعد قرآن کریم کو کلام خداوندی ماننے کی گنجائش نہیں رہتی۔

نسخ پر ملحدین کے اعتراض

نسخ کے مسئلے پر ہمیشہ ملحدین کی طرف سے اعتراض ہوتا رہا کہ نسخ اللہ تعالیٰ کے علم کو ناقص قرار دینا ہے کیونکہ نسخ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک مرتبہ جس حکم کو اپنے بندوں کے لئے لائق اور مناسب جانا وہ بندوں کے لئے ناموزوں اور نامناسب ثابت ہوا، چنانچہ خدا اس بات پر مجبور ہوا کہ پہلے حکم کی بجائے دوسرا

حکم دے، ظاہر ہے ایسا کرنے سے اللہ تعالیٰ کے علم کا نقص ظاہر ہوتا ہے اور اس کے علیم اور خبیر ہونے پر حرف آتا ہے[4]۔

نسخ پر یہود کا اعتراض

نسخ کے بارے میں یہودیوں کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام میں نسخ نہیں ہو سکتا کیونکہ ان کے خیال کے مطابق اگر نسخ کو تسلیم کیا جائے تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی اپنی رائے میں تبدیلی کر لیتا ہے۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ احکام الہٰی میں ناسخ و منسوخ اگر تسلیم کر لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ نے ایک حکم مناسب سمجھا تھا بعد میں (معاذ اللہ) اپنی غلطی واضح ہونے پر اسے واپس لے لیا، جیسے اصطلاح میں "بداء" بھی کہتے ہیں[5]۔

تحویل قبلہ کے موقع پر اسی چیز کو بنیاد بنا کر یہود نے اسلام اور پیغمبر اسلام پر زبان طعن دراز کی۔ ابتداء میں مسلمانوں کا قبلہ بیت المقدس تھا۔ تقریباً ۱۷ مہینے مسلمانوں نے بیت المقدس کی طرف نمازیں پڑھیں۔ پھر یہ حکم منسوخ ہوا اور بیت اللہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا۔ ارشاد فرمایا:

﴿مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾[6]۔

(جس آیت کو بھی ہم منسوخ کریں گے یا بھلائیں گے، اس سے بہتر یا اس جیسی آیت لے آئیں گے کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

نسخ پر مستشرقین کا اعتراض

یہود نے اپنے بغض و عناد اور مشرکین نے اپنی جہالت اور ناواقفیت کی وجہ سے الزامات لگائے۔ اہل استشراق نے تحقیق کے نام پر اس سلسلے کو آگے بڑھایا۔ اور احکام الٰہیہ میں نسخ کو انسانی قوانین میں ترامیم پر قیاس کرتے ہوئے ان الزامات کو علمی رنگ میں پیش کرنے کا اسلوب اپنایا۔ اور احکام شریعت میں نسخ اس طور سے پیش کیا، جیسے قانون ساز حضرات وقت گزرنے کے ساتھ اور مختلف خرابیوں کے پیش آنے کی وجہ سے یا متوقع فوائد کے حصول کے لئے اپنے بنائے ہوئے قوانین میں ترمیم کرتے ہیں۔ اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی آراء میں تبدیلی آجاتی ہے۔ اس طرح مسلمانوں کے ہاں قرآنی آیات اور قوانین میں بھی ہوتا رہا۔ اس لئے نسخ کو اگر خدا کا فعل قرار دیا جائے تو خداوند قدوس کا نقص علم نظر آتا ہے۔ لہٰذا انتہائی ہوشیاری کے ساتھ اسے مسلمانوں کے پیغمبر کی طرف سے نظر ثانی یا حذف و ترمیم بنا کر پیش کرنے لگے۔ جیسے مؤلفین اور مصنفین اپنی کتابوں کو نظر ثانی کے بعد ترتیب نو دیتے ہیں۔ ایسے ہی پیغمبر اسلام ﷺ قرآن پر نظر ثانی کر کے نئی ترتیب دیتے تھے۔ مستشرقین نے مختلف اسالیب اور پیرایوں میں "نسخ" اس انداز سے پیش کیا ہے۔ گویا نسخ اسلام اور پیغمبر

اسلام کے پاس ایسی بے رحم اور بے قید قانونی چھری ہے جس کی بنا پر جس عقیدہ کو چاہے باطل ٹھہرائے جس حکم کو چاہے ختم کر دے۔ جس قانون کو چاہے کالعدم قرار دے اور جس اخلاقی ضابطہ کو چاہے قلمزد کر دے۔ جو حکم جس وقت اور جس حالت میں خلاف مصلحت نظر آئے منسوخ کر دے۔

نسخ کی حقیقت

نسخ کا مندرجہ بالا تصور "نسخ" سے ناواقفیت کی دلیل ہے۔ نسخ ایک دینی شرعی اصطلاح ہے۔ جس کی مخصوص تعریف، حدود و قیود اور شرائط ہیں۔ اور اپنے دائرہ کار میں قرآن کریم میں موجود ہے۔ اور اسی اصطلاحی مفہوم میں حکمت خداوندی کے عین مطابق ہے۔ جس کا انکار کرنا اللہ تعالیٰ کے حکمت تشریع اور فلسفہ دین کے انکار کے مترادف ہے۔ اصول نسخ نہ صرف دین اسلام میں بلکہ تمام سابقہ الہامی مذاہب میں پایا جاتا ہے۔

لغت میں "نسخ" تبدیل کرنے، کسی چیز کو اٹھا دینے (رفع)، ہٹا دینے (ازالہ) اور نقل کرنے کے معانی میں استعمال کیا جاتا ہے[7]۔ ایک چیز کو ہٹا کر اس کی جگہ دوسری چیز لانے کو بھی نسخ کہا جاتا ہے۔ اس طرح نسخ کے لغوی معنی کے دو جز ہیں: مٹانا اور لانا۔ کبھی یہ لفظ دونوں مفہوموں کو ادا کرتا ہے اور کبھی ایک یعنی صرف مٹانا یا صرف بنانا اور لانا([8])۔ اس لحاظ سے نسخ کا مطلب یہ ہے کہ بعض مرتبہ اللہ تعالیٰ کسی زمانے کے حالات کے مناسب ایک شرعی حکم نافذ فرماتا ہے۔ پھر کسی دوسرے زمانے میں اپنی حکمت بالغہ کے پیش نظر اس حکم کو ختم کر کے اس کی جگہ کوئی نیا حکم عطا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کو "نسخ" کہا جاتا ہے۔ اور اس طرح جو پرانا حکم ختم کیا جاتا ہے اسے منسوخ اور جو نیا حکم آتا ہے اسے ناسخ کہتے ہیں[9]۔

اصطلاح شریعت میں نسخ کی تعریف کی جاتی ہے: "رفع الحکم الشرعی بدلیل شرعی متأخر"[10]۔ (بعد میں آنے والی دلیل شرعی کی بناء پر پہلے سے موجود حکم شرعی کے ختم کرنے کو نسخ کہتے ہیں)۔

نسخ کی اصطلاحی تعریف میں گو اہل علم کی تعبیرات مختلف ہیں لیکن ان کا حاصل یہ ہے کہ نسخ شریعت کے ایسے احکام لانے کا نام ہے جس کا مقصد شارع کی جانب سے آنے والے پہلے حکم کو ختم کرنا ہو اور پہلے حکم سے متصل نہ ہو بلکہ ایک وقتی فاصلہ پر ہو[11]۔

حکم شرعی عام ہے قرآن ہو یا حدیث اور حدیث قولی ہو یا حدیث فعلی، چنانچہ نسخ کی تعریف سے واضح ہے کہ ناسخ و منسوخ قرآن و حدیث کی نص ہو سکتی ہے۔ اجماع و قیاس نہ ناسخ بن سکتے ہیں اور نہ منسوخ۔ گویا نسخ کا تعلق صرف اور صرف وحی سے ہے۔ وحی سے قطع نظر نہ کسی حکم کو منسوخ کیا جا سکتا ہے اور نہ کسی حکم کو ناسخ قرار دیا جا سکتا ہے۔ نسخ میں اجتہاد کا دخل نہیں ہوتا۔ اجتہاد کے ذریعہ کسی حکم کو منسوخ نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا قیاس جو کہ اجتہاد ہی کی ایک شکل ہے اور اجماع امت جو کہ متفقہ قیاس کا دوسرا نام ہے۔ ان کے ذریعہ "نسخ" نہیں ہو

سکتا۔ نسخ کا حکم براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف "وحی متلو" کی صورت میں آتا ہے۔ یا بلواسطہ پیغمبر علیہ الصلوۃ السلام کی طرف وحی غیر متلو کی شکل میں وجود پذیر ہوتا ہے۔ اس طرح یہ بھی ضروری ہے کہ ناسخ یعنی بعد میں آنے والا حکم، پہلے سے موجود (منسوخ) حکم سے کس قدر مؤخر ہو۔ متصل نہ ہو کیونکہ متصل ہونے کی صورت میں دوسرے حکم کو استثناء یا قید کہا جاتا ہے۔ نسخ نہیں کہا جاتا۔

نسخ کا ثبوت وجواز

امام سرخسیؒ نے قرآن وحدیث میں نسخ کے جائز ہونے پر اجماع نقل کیا ہے[12] علامہ آلوسی نسخ کے جواز پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "واتفقت أهل الشرائع على جواز النسخ ووقوعه وخالفت اليهود غير العيسوية في جوازه وقالوا: يمتنع عقلا"[13]۔

تمام اہل شرائع کا نسخ کے جواز اور وقوع دونوں پر اتفاق ہے۔ صرف یہودیوں نے بجز فرقہ عیسویہ کے نسخ کے جواز میں اختلاف کیا ہے۔ ان حضرات کے ہاں نسخ عقلاً ممتنع اور محال ہے۔ معتزلہ میں ابو مسلم اصفہانی وقوع نسخ کے قائل نہیں ان کے نزدیک اگرچہ احکام الٰہیہ میں نسخ عقلاً جائز ہے مگر کہیں واقع ہوا نہیں۔

"وأبو مسلم الأصفهاني في وقوعه فقال: إنه وإن جاز عقلا لكنه لم يقع"[14]۔

ابو مسلم اصفہانی نے وقوع نسخ کا انکار کیا ہے۔ ان کے ہاں نسخ عقلاً جائز ہے۔ نسخ کسی عیب یا اللہ تعالیٰ کی صفت علم کے منافی نہیں۔ لیکن عملاً واقع ہوا نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کے طرح صفت علم بھی کامل ہیں۔ اس میں ماضی، حال اور استقبال، یا حالات وواقعات کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں آتا۔ اس لئے قرآن کریم میں نسخ کے وقوع کی کوئی ضرورت ہی نہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں نسخ کے جواز بلکہ اس کے پائے جانے پر متعدد شواہد اور دلائل موجود ہیں، جن کے ہوتے ہوئے نسخ کے انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قرآن کریم میں صراحۃً نسخ کے بارے میں ارشاد ہے:

﴿مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾[15]۔

(جس آیت کو بھی ہم منسوخ کریں گے یا بھلائیں گے، اس سے بہتر یا اس جیسی آیت لے آئیں گے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے)۔

دوسری جگہ ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً مَّكَانَ آيَةٍ وَاللهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مُفْتَرٍ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ﴾[16]۔

(جب ہم آیت کی جگہ دوسری آیت بدلتے ہیں اور اللہ خوب جانتے ہیں جو نازل فرماتے ہیں تو وہ کہہ اٹھتے ہیں کہ تم گھڑ کر لانے والے ہو۔ بلکہ ان میں سے اکثر اس حقیقت کا ادراک نہیں رکھتے)۔

امام ابو بکر حازمی نے نسخ کے جواز پر متعدد آیات وآثار نقل کیے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے طریق سے آپ (ﷺ) کا ارشاد نقل کیا ہے: ''ان احادیثی ینسخ بعضھا بعضاً''[17] میری احادیث بعض بعض دوسروں کو منسوخ کر سکتی ہیں۔

نسخ کی صورتیں قرآن وحدیث کے تناظر میں

ناسخ اور منسوخ میں عقل و قیاس کا کوئی دخل نہیں۔ نسخ صرف قرآن یا حدیث کی نص سے ہی ہو سکتا ہے۔ اس اعتبار سے نسخ کی چار صورتیں بنتی ہیں: اول: قرآن کا نسخ قرآن سے، دوم: حدیث کا نسخ حدیث سے، سوم: حدیث کا نسخ قرآن سے، چہارم: قرآن کا نسخ حدیث سے، ان میں پہلی دو صورتوں پر اہل علم کا اتفاق ہے۔ کہ قرآن سے قرآن کا نسخ اور حدیث سے حدیث کا نسخ بالاتفاق جائز ہے۔ لیکن آخری دو صورتیں یعنی حدیث کا نسخ آیت قرآنی سے اور آیت قرآنی کا نسخ حدیث کے سلسلے میں اہل علم کا اختلاف ہے[18]۔

نسخ القرآن بالقرآن

یعنی کسی قرآنی آیت سے دوسری آیت قرآنی یا قرآنی حکم سے دوسرے حکم قرآن کا نسخ جائز ہے اور اس کے وجود وجواز پر متعدد شواہد موجود ہیں۔ سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۱۸۰ جو کہ آیت وصیت کہلاتی ہے: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ﴾ سورہ النساء کی مفصل احکام میراث پر مشتمل آیت نمبر ۷ ﴿لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاء نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا﴾ یعنی آیت نمبر ۷ سے منسوخ ہے[19]۔

نسخ الحدیث بالحدیث

حدیث سے حدیث کی نسخ کی مثالیں بکثرت موجود ہیں۔ زیارت قبور کی ممانعت کے بعد اس کی اجازت دے کر پہلی روایت کو منسوخ قرار دیا گیا۔ امام مسلم نے آپ (ﷺ) کا یہ ارشاد نقل کیا ہے۔ "کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا"[20] میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا پس اب تم قبروں کی زیارت کر سکتے ہو۔

نسخ الحدیث بالقرآن

آیات سے احادیث کے منسوخ کیے جانے کے سلسلے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ جمہور فقہاء و متکلمین اور بعض شوافع کے نزدیک قرآنی آیت سے حدیث کا نسخ درست اور جائز ہے۔ اگرچہ امام شافعیؒ کا ایک قول عدم جواز کا بھی ہے۔ تاہم مشہور قول جواز کا ہے[21]۔

نسخ کی یہ صورت اس لئے جائز ہے کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد بھی در حقیقت وحی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَى، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى، فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّى عَن ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا﴾[22]۔

آپ ﷺ اپنی خواہش اور مرضی سے نہیں بولتے۔ آپ ﷺ کا بولا ہوا در حقیقت وحی ہی ہے جو آپ ﷺ کی طرف کی جاتی ہے۔ آیت کریمہ کی رو سے آپ ﷺ کا نطق "وحی" کا نتیجہ ہے۔ اور آپ ﷺ نے صرف قرآن حکیم ہی کا نطق نہیں کیا بلکہ قرآن حکیم کے علاوہ بھی بہت سی تعلیمات سنائی ہیں۔ وہ بھی وحی کا نتیجہ ہی ہوگا۔ لہٰذا آپ ﷺ کا بولا ہوا اول الذکر "وحی متلو" اور مؤخر الذکر "وحی غیر متلو" قرار پائے گا۔ یا پہلا قرآن اور دوم حدیث ہوگا۔ اس لحاظ سے قرآن اور حدیث دونوں وحی کی قسمیں اور ان سے ثابت شدہ احکام اللہ تعالیٰ کے احکام ہوئے۔ لہٰذا قرآن سے حدیث کا نسخ ایسا ہے جیسا کہ ایک حکم الٰہی سے دوسرے حکم الٰہی کا نسخ ہے کہ اس صورت کے جواز میں بظاہر کوئی اشکال نظر نہیں آتا۔ اس کی مثال یہ ہے کہ ابتداء اسلام میں ماہ رمضان میں رات کو سو کر اٹھنے کے بعد شب میں بھی کھانے پینے اور بیویوں کے پاس جانے کی ممانعت تھی تاہم اس بات کا ذکر قرآن حکیم میں نہیں تو ظاہر ہے یہ حکم فرمان رسول پر ہی مبنی تھا اور بعد میں قرآنی حکم ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُواْ مَا كَتَبَ اللهُ لَكُمْ وَكُلُواْ وَاشْرَبُواْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّواْ الصِّيَامَ إِلَى الَّليْلِ وَلاَ تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللهِ فَلاَ تَقْرَبُوهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ﴾ نے اس حکم کو منسوخ کر دیا"[23]۔

نسخ القرآن بالحدیث

احادیث کے ذریعہ قرآنی آیات کے منسوخ ہونے کے مسئلہ میں اختلاف ہے۔ فقہاء احناف متکلمین، اکثر علماء اصول اور بعض شوافع کے نزدیک نسخ کی یہ صورت جائز ہے۔ البتہ امام شافعیؒ کے نزدیک یہ صورت درست نہیں[24]۔

اہل علم کے نزدیک اس صورت کے جواز کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم نے آپ ﷺ کا منصب ومقام متعین کر کے یہ ذمہ داری سونپی ہے کہ لوگوں کے لئے قرآنی احکام کی توضیح و تبیین کریں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ﴾[25] اور نسخ بھی درحقیقت بیان ہی کی ایک صورت ہے۔ جس سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ اس حکم کی مدت اب ختم ہو چکی ہے[(26)]۔ اس لئے بعض اصولیین نے نسخ کی تعریف ہی اس طرح کی ہے کہ نسخ حکم شرعی کے انتہاء مدت کو بیان کرنے کا نام ہے[27]۔

حدیث سے آیت کے نسخ کی مثال وارث کے لئے وصیت کا مسئلہ ہے۔ کتاب اللہ نے وصیت کے حکم کو عام رکھا ہے۔ اس میں وارث اور غیر وارث کا کوئی فرق نہیں۔ ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ" [28] لیکن حدیث میں واضح کیا گیا کہ وارث کے لئے وصیت جائز نہیں۔ "لاوصیۃ للوارث[29] بلکہ حدیث میں یہ بھی واضح کیا گیا کہ ایک تہائی ترکہ تک وصیت کا اعتبار کیا جائے گا۔ اس سے زائد نہیں[30]۔ جبکہ قرآن مجید میں وصیت کو مطلق رکھا گیا تھا۔ کوئی تحدید نہیں کی گئی تھی۔ تاہم حدیث نے تحدید کی کہ ایک تہائی تک جائز وصیت کا نفاذ ورثاء کے ذمہ ضروری ہے۔

نسخ کے حدود وقیود

نسخ ایک شرعی اصول ہے۔ اس کے بروئے کار لانے کی مخصوص حدود وقیود ہیں۔ نسخ کا دائرہ کار صرف عملی احکام ہیں۔ "النسخ لا یکون فی جمیع الأحکام بل فی الأحکام الشرعۃ التکلفیۃ الجزئیۃ التی تحتمل الوجود والعدم ای تحتمل کونہا مشروعۃ او غیر مشروعۃ فی نفسہا فی زمن النبوۃ بمعنی ان مصلحتہا تتغیر فتکون فی وقت نافعۃ وفی آخر ضارۃ"[31]۔

(نسخ کا اجراء تمام احکام میں نہیں بلکہ ان جزئی تکلیفی (عملی) احکام میں ہوتا ہے جن میں وجود اور عدم وجود کا احتمال پایا جاتا ہے۔ یعنی عہد نبوت میں اس کے نافذ العمل ہونے اور نہ ہونے کے دونوں احتمال ہو سکتے تھے کیونکہ ایسے احکام کی مشروعیت کی حکمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ لہٰذا کسی وقت میں مفید اور کسی اور موقع پر غیر مفید ہوتے ہیں)۔

یہی وجہ ہے کہ اہل علم نے "نسخ" کی کچھ شرطیں متعین کی ہیں، جو اس اصول نسخ سے متعلق قواعد کا احاطہ کرتی ہے۔ وہ شرائط یہ ہیں:

ا۔ ناسخ قرآن کریم کی آیت یا آپ (ﷺ) کی قولی یا فعلی سنت ہو۔

۲۔ منسوخ حکم شرعی ہو محض عقل پر مبنی نہ ہو۔

۳۔ منسوخ حکم ایسا ہو جو مشروع ہونے اور نہ ہونے کا احتمال رکھتا ہو۔ جس حکم کے بارے میں مشروع ہونا ہی متعین ہو۔ جیسے توحید، رسالت اور آخرت پر ایمان تو ایسے احکام میں نسخ جائز نہیں ہوتا۔

۴۔ منسوخ فروعی مسائل میں سے ہو۔ عقائد اور اصول میں نسخ واقع نہیں ہوتا۔

۵۔ ایسے احکام میں نسخ واقع نہیں ہوتا جو ابدی اور دوامی ہو۔ ان کی ابدیت خود نص سے ثابت ہو۔ جیسا کہ ازواج مطہرات سے نکاح کی حرمت کا مسئلہ قرآن کریم نے عبارت النص سے واضح کیا ہے۔

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا﴾[32] آیت کریمہ میں لفظ "ابداً" سے بتلا دیا کہ امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن کے ساتھ نکاح ابدی طور پر حرام ہے ۔ اس طرح وہ احکام بھی منسوخ نہیں ہو سکتے جن کو مشروع چھوڑ کر آنحضرت ﷺ اس دنیا سے تشریف لے گئے ہو۔ ایسے احکام ابدی متصور ہوں گے کیونکہ سلسلہ نبوت ختم ہونے کے بعد یہ احکام محکم ہوگئے اور اب ان میں نسخ کا احتمال ختم ہوا۔

۶۔ نسخ کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ ناسخ، منسوخ سے نزول میں مؤخر ہو اور دونوں کے وردو کے درمیان کسی قدر فاصلہ ہو۔

۷۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ناسخ اپنے ذریعہ ثبوت کے اعتبار سے منسوخ سے قوی یا اس کا ہم درجہ ہو۔

۸۔ اگر کسی حکم کی مشروعیت کی مدت متعین ہو۔اس مدت کے ختم ہونے کے بعد اگر نیا حکم آجائے تو اس کو نسخ نہیں کہا جائے گا۔

۹۔ منسوخ مکلّف کے علم میں آچکا ہو خواہ اس پر عمل کی نوبت آئی ہو یا نہ آئی ہو[33]۔

مندرجہ بالا شرائط سے نسخ کا دائرہ کار متعین ہو جاتا ہے۔ کہ اصول، عقائد، اخبار سابقہ، قصص، شریعت کے احکام کلیہ اور مکارم اِخلاق میں نسخ جاری نہیں ہوتا۔ صرف عملی فروعی احکام میں نسخ کا اصول رو بعمل لایا جاتا ہے۔ اصولی طور پر تین قسم کے نصوص ایسے ہیں جن میں نسخ کا احتمال نہیں ہوتا[34]۔

اول: وہ نصوص جو اساس احکام کا درجہ رکھتے ہیں۔ اشخاص وادوار کے فرق کی وجہ سے ان میں تغیر نہیں آتا، جیسے عقائد، مکارم اخلاق، عدل وانصاف، امانت وصداقت کے احکام اس طرح شرک، خون ناحق، جھوٹ، خیانت، ظلم، دھوکہ، والدین کی نافرمانی کی ممانعت۔

دوم: وہ نصوص جن کا تعلق ماضی یا مستقبل کے اخبار سے ہو جیسے انبیاء سابقین علیہم السلام اور گذشتہ امتوں کے واقعات اور قصے، علامات قیامت اور فتنوں کے بارے میں آپ (ﷺ) کے فرمودات۔

سوم: وہ نصوص جن میں ابدیت اور دوامیت کی صراحت کے ساتھ حکم دیا گیا ہو جیسے ازواج مطہرات کے ساتھ نکاح کی حرمت کا مسئلہ اس میں ابدیت کی صراحت کر دی گئی: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا﴾[35] اور ہمیشہ کے لیے آپ ﷺ کی ازواج سے تمہارے لیے نکاح کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے یا جیسے عورتوں پر تہمت لگانے والوں کو ہمیشہ کے لیے بطور سزا مردود الشہادۃ قرار دیا گیا ہے۔﴿وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾[36] یہ حکم ناقابل نسخ ہے۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قابل عمل اور محکم رہے گا۔

متقدمین اور متاخرین کے ہاں نسخ کی تعداد

بعض اہل علم بالخصوص متقدمین کے نزدیک نسخ کے مفہوم میں بہت وسعت ہے۔ ان حضرات کے نزدیک عام کی تخصیص یا کسی مطلق کی تقیید یا اجمال کی تفصیل بھی نسخ کہلاتا ہے۔ کسی حکم کی جگہ مکمل طور پر دوسرا حکم دیا جانا ہی نسخ نہیں۔ امام شاطبیؒ کہتے ہیں:

"فقد يطلقون على تقييد المطلق نسخاً وعلى تخصيص العموم بدليل متصل او منفصل وعلى بيان المبهم والمجمل نسخاً، كما يطلقون على رفع الحكم الشرعي بدليل شرعي متاخر نسخاً"[37]۔

(متقدمین حضرات مطلق کے مقید کرنے، عام کے دلیل متصل یا منفصل کی بناء پر تخصیص کرنے اور مبہم و مجمل کے بیان پر بھی نسخ کا اطلاق کرتے تھے جیسا کہ متأخر حکم شرعی کے ذریعہ حکم متقدم کے ختم کرنے پر نسخ کا اطلاق کرتے تھے)۔

متقدمین کے ہاں نسخ کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ مکمل ترمیم، جزوی ترمیم، تخصیص، تقیید، تفصیل کے علاوہ زمانہ جاہلیت سے مروج طریقوں کی ممانعت اور سابقہ شریعتوں کے احکام کی تبدیلی کو بھی دائرہ نسخ میں داخل سمجھتے ہیں۔ لیکن متأخرین نے اس کو محدود مفہوم میں استعمال کیا ہے۔ صرف بعد میں آنے والی دلیل شرعی کی بنا پر پہلے سے موجود حکم شرعی کے اٹھا دینے کو یہ حضرات نسخ قرار دیتے ہیں۔ نسخ کے اس اصطلاحی مفہوم کا منسوخ آیات کی تعداد پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ چنانچہ متقدمین کے اصطلاح کے مطابق منسوخ آیات کی تعداد پانچ سو ہیں۔ امام شاہ ولی اللہؒ کے مطابق اگر مزید غور وخوض سے کام لیا جائے تو ایسی آیتیں مزید بڑھ جائیں گی[38]۔ متأخرین کی نزدیک منسوخ آیات کی تعداد اتنی نہیں، کیونکہ ان کے نزدیک ان ہی آیات کو منسوخ شمار کیا جائے گا۔ جن پر اب بالکل ہی عمل نہیں ہوتا، اور ان کو مکمل طور پر اٹھا دیا گیا ہے۔ چنانچہ امام جلال الدین سیوطیؒ کے نزدیک بیس آیات منسوخ ہیں[39]۔ بلکہ امام شاہ ولی اللہؒ نے اس موضوع پر محققانہ بحث کرتے ہوئے صرف پانچ آیتیں منسوخ قرار دی ہیں[40]۔

نسخ کا فلسفہ وحکمت اور اس پر وارد شبہات کا جائزہ

مستشرقین مسلمانوں پر اعتراض کرتے ہیں کہ انہوں نے قرآن کریم کے تضادات کو جواز مہیا کرنے کے لیے "نسخ کا اصول" وضع کیا ہے۔ اور اس کے ذریعہ قرآن پر وارد ہونے والے اعتراضات کا تدارک کرتے ہیں۔ مستشرقین یہ تاثر بھی دینے کی کوشش کرتے ہیں، کہ پیغمبر اسلام ﷺ قرآن کریم میں ترمیم یا اضافہ کر کے اس کو ترتیب نو دیتے تھے اور اپنی طرف سے ترمیم واضافہ یا بالفاظ دیگر نظر ثانی کر کے لوگوں کو تاثر دینے کی کوشش کرتے۔ کہ جس مقام پر ترمیم کی ضرورت ہو کسی نہ کسی ذریعے سے منبع وحی سے رابطہ کر لیتے ہیں اور وحی کے ذریعہ قرآن کریم میں ترمیم کر دیتے ہیں۔ اور اسی کو نسخ کا نام دیتے تھے۔

مستشرقین کے ان اعتراضات سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ یہ حضرات قرآن کریم کو آسمانی کتاب ماننے سے انکار کرتے ہیں اور اسے انسانی کلام قرار دیتے ہیں۔ عرب کے قدیم یہود ونصاریٰ کی ہی تقلید میں مستشرقین جدت کا لبادہ اوڑھ کر دور حاضر میں قرآنی نظم ومتن کو غیر محفوظ قرار دینے کی کوشش میں مصروف عمل نظر آتے ہیں۔ تاہم استشراقی منہج واسلوب ان علمی نزاعات میں ترقی یافتہ اور بظاہر غیر جانبدار روپ دھارے ہوئے نظر آتا ہے۔ چنانچہ نسخ پر مذکورہ بالا دو اعتراضات کی بنیاد نزول قرآن کے زمانہ میں یہود کی طرف

سے بطور خاص اس وقت نمایاں ہو کر سامنے آ گئی جب ۱۶ یا ۱۷ مہینے بیت المقدس کی طرف نمازیں پڑھنے کے بعد خانہ کعبہ کو قبلہ بنا کر تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا، اور پہلا حکم منسوخ کیا گیا۔ یہ اور اس جیسے دیگر واقعات نے یہود پر اعتراض کیا کہ نسخ اللہ تعالیٰ کے علم کو ناقص قرار دینے کے مترادف ہے۔

علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: یہودی مسلمانوں کے دلوں میں یہ وسوسہ ڈالنے کی کوشش کرتے رہے اور ان کا اعتراض یہ تھا کہ اگر پچھلی کتاب بھی خدا کی طرف سے آئی تھی اور یہ قرآن بھی خدا کی طرف سے ہے تو ان کے بعض احکام کی جگہ اس میں دوسرے احکام کیوں دئے گئے؟ ایک ہی خدا کی طرف سے مختلف وقتوں میں مختلف احکام کیسے آ سکتے ہیں؟ پھر تمہارا قرآن یہ دعویٰ کرتا ہے کہ یہودی اور عیسائی اس تعلیم کے ایک حصے کو بھول گئے جو انہیں دی گئی تھی۔ آخر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ خدا کی دی ہوئی تعلیم اور وہ حافظوں سے محو ہو جائے یہ ساری باتیں وہ تحقیق کی خاطر نہیں بلکہ اس لیے کرتے تھے کہ مسلمانوں کو قرآن کے من جانب اللہ ہونے میں شک ہو جائے۔

اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں مالک ہوں، میرے اختیارات غیر محدود ہیں، میں اپنے جس حکم کو چاہوں منسوخ کروں اور جس کو چاہوں حافظہ سے محو کر دوں۔ مگر جس چیز کو منسوخ کرتا ہوں، اس سے بہتر چیز اس کی جگہ لاتا ہوں یا کم از کم وہ اپنے محل میں اتنی ہی مفید ہوتی ہے اور مناسب ہوتی ہے، جتنی پہلی چیز اپنے محل میں تھی[41]۔

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے اس جواب کو مختصر کر کے ذکر کیا ہے وہ فرماتے ہیں:

> "یہ بھی یہود کا طعن تھا کہ تمہاری کتاب میں بعض آیات منسوخ ہوتی ہیں، اگر یہ کتاب اللہ کی طرف سے ہوتی تو جس عیب کی وجہ سے اب منسوخ ہوئی اس عیب کی خبر کیا خدا کو پہلے سے نہ تھی" اللہ تعالیٰ نے فرمایا" عیب نہ پہلی بات میں تھا نہ پچھلی میں، لیکن حاکم ،مناسبت وقت دیکھ کر جو چاہے حکم کرے۔ اُس وقت وہی مناسب تھا اور اب دوسرا حکم مناسب ہے"[42]۔

اہل کتاب اور ان کے زیر اثر مستشرقین کے نزدیک اگر نسخ کو تسلیم کیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رائے میں تبدیلی کر لیتا ہے۔ پہلے ایک حکم مناسب سمجھا تھا، بعد میں غلطی واضح ہونے کے بعد اسے واپس لے لیا۔ چنانچہ خدا اس بات پر مجبور ہوا کہ پہلے حکم کی بجائے دوسرا حکم دے اس سے اللہ تعالیٰ کے علم کا نقص ظاہر ہوتا ہے اور اس کے علیم و خبیر ہونے پر حرف آتا ہے۔ مسلمانوں میں فرقہ معتزلہ کے بعض لوگوں نے

شاید ان مخالفین کے طعن سے بچنے کی راہ یہ نکالی۔ کہ احکام الٰہیہ میں نسخ ہونے کا امکان تو ہے کوئی امر اس امکان کے لیے مانع نہیں لیکن پورے قرآن میں نسخ کا وقوع نہیں ہوا للذا نہ کوئی آیت ناسخ ہے نہ منسوخ[43]۔

جو حضرات قرآن کریم میں نسخ کے وجود کے قائل نہیں دراصل وہ سمجھتے ہیں کہ نسخ ایک عیب ہے جس سے قرآن کریم کو خالی ہونا چاہیے۔ لیکن نسخ کو عیب سمجھنا کوتاہ نظری کی بات ہے پھر عجیب بات یہ ہے کہ معتزلہ میں ابو مسلم اصفہانی اور ان کے متبعین عموماً یہودی ونصاریٰ کی طرح اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ کے بہت سے احکام میں نسخ واقع ہوا ہے بلکہ وہ صرف یہ کہتے ہیں کہ قرآن کریم میں نسخ نہیں ہے، اب اگر نسخ کوئی عیب ہے تو غیر قرآنی احکام میں یہ عیب کیسے پیدا ہو گیا؟ جبکہ وہ بھی اللہ تعالیٰ ہی کے احکام ہیں[44]۔ چنانچہ قرآن میں وقوع نسخ کے انکار سے یہود کا اعتراض ختم نہیں ہو گا۔

جمہور اہل علم کے نزدیک 'نسخ' شریعت کا اہم اصول ہے۔ اپنی حدود وقیود میں (جن کا تذکرہ کیا جا چکا) نہ صرف یہ کہ اس کا امکان پایا جاتا ہے بلکہ قرآنی اور غیر قرآنی احکام میں واقع ہوا ہے۔ کبھی اپنے محدود مفہوم یعنی کلی ترمیم اور ازالہ حکم (رفع الحکم الشرعی بدلیل شرعی متأخر) اور کبھی وسیع مفہوم (تخصیص، تقیید، تفصیل) جزوی ترمیم کے دائرہ کار میں روبعمل لایا گیا ہے۔ اس کو رائے کی تبدیلی، یا انسانی نظر ثانی، یا وضعی قوانین میں ترمیم جیسا سمجھنا، نسخ سے ناواقفیت ہے۔ شارع کی طرف ان امور کی نسبت کر کے اس کے صفت علم میں نقصان اور عیب کا سبب ظاہر کرنا محض ایک مغالطہ ہے۔ جو مخالفین اسلام کا پیدا کردہ ہے۔ ''نسخ'' کی حقیقت کو دیکھا جائے تو یہ انسان کے علم کے اعتبار سے حکم میں تبدیلی ہے، اللہ تعالیٰ کے علم کے اعتبار سے کوئی تبدیلی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نگاہ وقدرت وعلم سے نہ حال پوشیدہ ہے، اور نہ مستقبل۔ اپنے منصوبہ کے مطابق پہلے ہی سے جس حکم کے لئے جو مدت مقرر تھی۔ اس کے لامحدود علم کے مطابق اس حکم کی افادیت اسی وقت تک تھی۔ اس حکم کو منسوخ کرنا در حقیقت اس مدت افادیت حکم کی اسی مدت کا بیان واظہار ہے۔ اس لئے بعض اصولیین نے نسخ کی تعریف ہی یہی کی: "ھو بیان انتہاء الحکم الشرعی"[45] کہ نسخ حکم شرعی کی (شارع کے نزدیک مقررہ مدت) کی انتہاء کا دوسرا نام اور اصطلاحی عنوان ہے۔

اس کے بعد قدرت لایزال کے علم کے مطابق کون سا حکم مناسب اور مفید رہے گا دوسرا حکم "ناسخ" قرار دے دیتے ہیں۔ اور اسی بیان پر عموماً نسخ کی تعریف یہ سامنے آ جاتی ہے۔ "رفع الحکم الشرعی بدلیل شرعی متأخراً"[46]۔

''نسخ'' کی اس حقیقت کو علم ربانی اور حکمت الٰہی کے نقصان کے ساتھ جوڑنا محض علمی مغالطہ اور شیطانی وسوسہ کے سوا کچھ نہیں۔ نسخ کا معاملہ حاذق اور ماہر معالج کے مرحلہ وار علاج کی طرح ہے۔ جیسے ایک دانا

طبیب مریض کے مرض کو دیکھ کر مرحلہ وار علاج طے کرتا ہے اور ہر ہر مرحلہ پر اس کی مناسب دوا تجویز کرتا ہے اور مریض کو بیک وقت مختلف مراحل میں آنے والی دواؤں سے آگاہ نہیں کرتا بلکہ ایک نسخہ لکھتا ہے۔ پھر چند دنوں کے بعد اس کی جگہ دوسری دوا تجویز کرتا ہے۔ مریض کو یہ مغالطہ پیش آسکتا ہے کہ یہ تو دوا میں تبدیلی ہے۔ لیکن درحقیقت یہ کوئی تبدیلی نہیں۔ معالج پہلے سے جانتا ہے کہ ایک ماہ بعد مریض کے لیے یہ دوائیں موزوں ہو جائیں گی اور اس کے لیے دوسری دوائیں تجویز کی جائے گی۔ تقریباً یہی حال احکام شریعت میں نسخ کا ہے کہ شارع کی حکمت بالغہ کا تقاضا یہی تھا کہ جیسے جیسے انسانی تمدن ارتقائی منازل طے کرے گا شریعت کے اصولِ تدریج بروئے کار لا کر اسی کے مطابق اس کے لئے زندگی کے احکام تجویز کیے جائیں گے۔اور جیسے یہ بات عقل و دانش اور حکمت تربیت کے خلاف ہے کہ نابالغ بچہ کو پانچ دس سال کی عمر میں بالغ ہونے کے اور نکاح کرنے کے بعد کے مسائل سے روشناس کیا جائے اس طرح یہ بات بھی حکمت کے خلاف تھی کہ انسان کو ابتداء کائنات سے آخر تک مرحلہ وار آنے والے احکام سے آگاہ کیا جائے، اس لیے حقیقت یہ ہے کہ نسخ علم ربانی اور حکمت الٰہی کے نقص کو نہیں بلکہ کمال کو ظاہر کرتا ہے [47]۔

البتہ پیغمبر اسلام خاتم النبیین ﷺ کے سر پر ختم نبوت کا تاج رکھ کر تربیت ربانی کی تکمیل کا اعلان کر دیا گیا اور آپ ﷺ سب سے آخر میں اس وقت مبعوث کیے گئے جب انسانی تہذیب اپنے ارتقاء کے مراحل طے کر چکی تھی اور وہ عہد طفولت سے عہد کہولت تک پہنچ چکی تھی۔اس لئے آپ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کے بعد نسخ کی نہ ضرورت باقی رہی اور نہ گنجائش (48)۔

آخری شریعت میں نسخ کے وجود کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ قرآن حکیم کے بہت سے احکام تدریج کے ساتھ نازل ہوئے ہیں، مثلاً نزول قرآن کے وقت عربوں میں شراب بہت عام تھی اور ان کی معاشرت کا حصہ بن چکی تھی۔ اسلام نے شراب کو فوراً حرام قرار نہیں دیا بلکہ بتدریج حرام قرار دیا۔ پہلے کہا گیا کہ اس میں گناہ کے ساتھ ساتھ کچھ منافع بھی ہیں۔ سرور کی لذت سے انسان تھوڑی دیر کے لئے بے خود ہو جائے۔ لیکن پھر آیت آئی "واثمھما اکبر من نفعھما" بتلا دیا کہ اس کا گناہ اس کے محدود نفع سے بڑھ کر ہے۔ گویا اس آیت کے ذریعہ پیغام دیا گیا کہ اسلام شراب کو پسند نہیں کرتا۔ چنانچہ شراب کو اسلامی مزاج کے خلاف سمجھنے والے صاحبِ شعور لوگوں نے فوراً شراب چھوڑ دی۔اس کے بعد حکم آیا کہ نشہ کی حالت میں نماز نہ پڑھو۔"لاتقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ" گویا ایک اور بندش آ گئی۔اس کے بعد آخر میں حتمی حکم نازل کیا گیا۔ "انما الخمر والمیسر۔۔۔۔" کہ شراب جوا وغیرہ یہ سب کے سب شیطانی کام ہیں اور ناپاک ہیں۔ لہٰذا ان سے بچو۔ اب اگر "نسخ" کے تناظر میں یہ تدریجی سلسلہ سامنے نہ ہو تو ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص شراب کی طرف جائے۔ اگر قرآن تسلیم کرتا ہے کہ شراب

میں کوئی فائدہ بھی ہے تو چلو اس فائدہ کی خاطر شراب نوشی کریں۔ یا شاید نماز کے وقت کے سوا حلال ہونے کے وسوسہ میں مبتلا ہو۔ ایسا سمجھنا قرآں کی غلط تفسیر ہو گی۔ بلکہ یہ ایک تدریج تھی جس میں ایک ایک کر کے احکام دیئے گئے۔ اب وہ احکام ختم ہو گئے۔ اس حد تک اجازت منسوخ کر دی گئی۔ اگر یہ آیات اب بھی قرآن حکیم میں موجود ہیں۔ لیکن ان سب آیات کے باوجود حتماً اب شراب حرام ہیں اور آخری آیت "انما الخمر والمیسر۔۔۔" سے باقی آیت کو منسوخ کر دیا[49]۔

اب اگر نزول احکام میں تدریج نہ ہو تو یکبارگی شریعت پر عمل نہ ہو سکے۔ اور اگر تدریج کو روبعمل لا یا جائے تو اس سلسلے سے تعلق رکھنے والے احکام کے لیے نسخ ناگزیر ہو گا۔ اس تفصیل سے یہ معلوم ہوا کہ نسخ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا ہوا قرآنی اصول علام الغیوب کا حاکمانہ اختیار اور حکیمانہ قانون ہے۔ نہ مسلمانوں کی اختراع ہے اور نہ خود آنحضرت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے وضع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾[50] جب ہم کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں یا اسے بھلا دیتے ہیں تو اس سے بہتر یا اس کی مثل بھیج دیتے ہیں۔ دوسری جگہ ارشاد ہے: ﴿وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً مَّكَانَ آيَةٍ وَاللهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مُفْتَرٍ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ﴾[51] (جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت بدلتے ہیں اور اللہ خوب جانتے ہیں جو نازل فرماتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ تم گھڑ کر لائے ہو، بلکہ ان میں سے اکثر بے علم ہیں)۔

حامل کتاب حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا معاملہ صاحب تصنیف اور ارباب تالیف کا نہیں کہ قرآن مجید آپ کی تالیف ہو ([52])۔ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کرتے ہو۔ اور غور و فکر کے بعد اس میں حذف و ترمیم کر کے قرآن کو ترتیب نو دیتے ہو۔ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی حیثیت قرآن کے مبیّن، شارح، معلّم اور مہبط وحی کی ہے۔ اور بحیثیت پیغمبر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر وحی متلو اور وحی غیر متلو، دونوں اقسام کا نزول ہوتا رہا ہے۔ لہٰذا آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پیغمبرانہ احکام محض آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذاتی ادراک پر مبنی نہیں بلکہ وحی پر مبنی ہوتے یا پھر وحی سے تصدیق شدہ ہوتے تھے اور جب وحی کی یہ دونوں اقسام ہی ان احکام شریعت کا اصل مآخذ ہیں تو ان احکامات کے آسمانی ہونے میں کوئی شک نہیں ہو سکتا۔ قرآن کی ساری آیات اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بتائے ہوئے احکام سب منزل من اللہ ہیں۔ جس طرح خالق کائنات نے سابقہ شریعتوں اور الہامی کتب میں زمانہ کے حالات اور انسانوں کے تقاضا کے مطابق تبدیلیاں کی ہیں اور یہ تبدیلیاں اپنی حکمت کے تحت کی ہیں۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ حکیم اور ہر نقص سے پاک ہیں۔ شرائع تبدیل کرنے میں نہ غلطی کی ہے، نہ بھولا ہے اور نہ رائے میں تبدیلی واقع ہوئی ہے بلکہ اپنے ازلی منصوبہ کے تحت مختلف اوقات میں ان کے مناسب احکام نازل کیے۔ احکام کا یہ اختلاف بغرض تکمیل تھا۔ غلطی یا

بھولنے کا نتیجہ نہیں تھا۔ لہٰذا نسخ امت محمدیہ (ﷺ) کی خصوصیت نہیں بلکہ سابقہ شریعتوں میں بھی ناسخ و منسوخ کا سلسلہ چلتا رہا۔ لہٰذا آخری شریعت میں وجود نسخ کی بنیاد پر اعتراضات کی گنجائش نہیں رہتی۔

توضیح کے لئے ایک دو مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام کے زمانہ میں بھائی اپنی حقیقی بہن کے ساتھ نکاح کر سکتا تھا۔ حضرت سارہ جو سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی بیوی تھی۔ آپ کی باپ شریک (علاتی) بہن بھی تھی۔ گویا ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں بھی علاتی بہن کے ساتھ نکاح جائز تھا۔ بائبل کے مطابق حضرت سارہ کے بارے میں سیدنا ابراہیم (ﷺ) کا بیان ہے۔

> "And besides, she my sister Sirker, the daughter of my father, only, not the daughter of my mother and she became my wife".[53]

مزید برآں وہ میری بہن ہے، وہ صرف میرے باپ کی بیٹی ہے اور میری ماں کی بیٹی نہیں ہے، وہ میری بیوی بن چکی ہے۔

لیکن موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں بہنوں سے نکاح حلال نہیں، بلکہ مطلّقاً حرام ہے، خواہ وہ بہن ماں کی طرف سے (اخیافی ہو)، یا باپ کی طرف سے (علاتی) ہو یا ماں باپ دونوں کی طرف سے (حقیقی) ہو[54]۔

۱۔ بائبل کے مذکورہ بالا دو حوالہ جات سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا آدم علیہ السلام اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے شریعتوں میں بہن کے ساتھ نکاح جائز تھا۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی شریعت نے اس حکم کو منسوخ کر دیا اور بہن سے نکاح کو مطلّقاً حرام قرار دے دیا۔ خواہ بہن فقط ماں شریک یا فقط باپ شریک یا ماں باپ شریک کوئی بھی ہو۔ گویا پہلے حکم میں مکمل ترمیم ہوئی اور سابقہ حکم منسوخ قرار دیا گیا۔

۲۔ سیدنا نوح علیہ السلام کے دین میں ہر چلتا پھرتا جانور حلال تھا[55]۔ لیکن سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں کئی جانور حرام قرار دیئے گئے۔

۳۔ سیدنا یعقوب علیہ السلام کی شریعت میں بیک وقت دو بہنوں کو نکاح میں رکھنا جائز تھا اور آپؑ نے اپنے ماموں کی دو بیٹیوں "لیاہ" اور "راحیل" کو ایک ساتھ نکاح میں جمع کیا تھا[56]۔ لیکن موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں ایک ساتھ دو بہنوں کو نکاح میں رکھنا جائز نہیں تھا[57]۔ اور شریعت اسلامی کا بھی یہی حکم ہے۔ ﴿وان تجمعوا بین الأختین﴾[58]۔

۴۔ حضرت موسیٰ علی السلام کی شریعت میں طلاق کی عام اجازت تھی[59]۔ لیکن مسیح علیہ السلام کی شریعت میں عورت کے زنا کارہ ہونے کے علاوہ کسی حالت میں بھی طلاق دینے کی اجازت نہیں[60]۔

آفرنیش عالم سے لے کر آخری پیغمبر تک جتنے بھی سچے معلّمین خدا کی طرف سے حق وصداقت کی اشاعت پر مأمور ہوئے اور ان میں متعدد کو کتب اور صحائف دیئے گئے اور مختلف ادوار میں زمان ومکان اور مزاج کی رعایت کرتے ہوئے ان کی تربیت اور رہنمائی کے لئے وحی پر مبنی جو آسمانی نصاب اور منہج ربانی دیا گیا۔ ان کا ایک حصہ نظریاتی زندگی کو غیر متبدل اور دوسرے حصہ مثلاً عملی زندگی کو قابل تبدیلی بنایا گیا۔ اور انسانی تمدن کے ارتقاء کے باعث نئے احکام دیئے گئے۔ انسانوں نے جب بھی ان آسمانی نصاب میں اپنی طرف سے آمیزشیں کی۔ ان تحریفات اور امیزشوں سے پاک کرنے کی غرض سے رب کائنات کی طرف سے انسانیت کے لئے نئے بے آمیز ہدایت نامے آئے۔ اس سلسلہ کی آخری کتاب قرآن مجید کی صورت میں پیغمبر اسلام محمد رسول اللہ (ﷺ) پر نازل ہوئی۔ چنانچہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ کوئی نیا قانون اور مکمل نئی شریعت نہیں بلکہ اسی قانون کا تسلسل ہے۔ جو مختلف ادوار میں پیغمبروں کے واسطہ سے انسانیت تک پہنچتا رہا۔ جس میں اصولی اعتقادی ہدایات دی گئیں جن میں قواعد اور مقاصد کی رہنمائی کی گئی۔ کہ یہ قیامت تک قابل عمل اور ناقابل تبدیل ہیں۔ اسی لئے قرآن نے اشارہ کیا کہ قرآنی ہدایت کے ذریعہ دین پایہ کمال کو پہنچ گیا ہے۔ حج کے موقع پر عرفہ کے دن میدان عرفات میں اس کا اعلان کر دیا گیا۔ ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا﴾[61]۔

اور حامل قرآن محمد رسول اللہ (ﷺ) پر سلسلہ نبوت ختم کر دیا گیا۔ ﴿مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ﴾[62] اس سے پہلے بے شک ایسا ہوتا رہا کہ موسوی شریعت نے سابقہ شریعتوں کے کچھ احکام کو منسوخ کیا۔ عیسوی شریعت نے بھی موسوی شریعت کے بے شمار احکام کو منسوخ کیا۔ ایسے ہی اسلامی شریعت نے سابقہ شریعتوں کے احکام کو منسوخ کیا۔ لیکن شریعت اسلامی کے بعد خالق کائنات کی طرف سے کسی نئی شریعت کے آنے کا امکان باقی نہیں رہا۔ انسانی شعور اور تمدن اپنے اوج کمال کو پہنچ گیا۔ اسے شریعت محمدی سے نوازا گیا۔ اب یہ انسانی سماج کے لئے ایسا موزوں قانون ہے کہ قیامت تک اس کی موزونیت اور اس کی افادیت کم نہیں ہو سکتی"[63]۔

مستشرقین کو سابقہ شریعتوں میں قانون نسخ پر کوئی اعتراض نہیں۔ آخری شریعت نے نسخ کے قانون کو حدود وقیود کے ساتھ مشروط کر کے صرف ایسے عملی احکام تک محدود رکھا ہے۔ جن میں ابدی ہونے کی صلاحیت

نہ ہو۔ان پر بے تکے اعتراضات کرتے ہیں چنانچہ قانون نسخ کی طرح دیگر پہلوؤں سے قرآن اور دین اسلام پر اعتراضات کی جو وجہ سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ مستشرقین کی اکثریت یہودیت اور عیسائیت سے تعلق رکھتی ہے۔ وجود خداوندی کے قائل ہیں۔ فلاح انسانیت کے لئے آسمانی رہنمائی کی اہمیت پر یقین رکھتے ہیں۔ اس بات پر بھی کامل یقین رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ اگر وہ قرآن کریم کو اللہ کی کتاب مان لیں تو دین اسلام کی مخالفت کا ان کا سارا منصوبہ خاک میں مل جاتا ہے۔ قرآن ماننے کے بعد حضور اکرم (ﷺ) کی رسالت کے انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ انہیں قرآن کریم میں بیان کردہ حقائق پر بھی ایمان لانا پڑتا ہے۔

قرآن کریم کو کلام الہیٰ مان لینے کے بعد انہیں یہودیت اور نصرانیت کا طوق اپنے گلے سے اتار کر خاتم الانبیاء علیہ الصلوۃ السلام کی تعلیمات پر عمل کرنا پڑتا ہے۔ اس کے لیے وہ تیار نہیں، یا یہ دولت ان کے نصیب میں نہیں۔ اس لئے من گھڑت، بے تکے اور بلا دلیل سطحی اعتراضات کا سہارا لیتے ہیں اور اس کے لئے اپنی تمام قلمی صلاحیتیں، ادبی مہارتیں بروئے کار لا کر علمی خیانت اور تلبیس سے کام لیتے ہیں تاکہ ان اعتراضات سے عام مسلمان شکوک و شبہات کا شکار ہو اور غیر مسلم قرآن کو آخری الہامی کتاب سمجھ کر قبول کرنے پر آمادہ نہ ہو۔

نتائج

۱۔ قرآنی احکام میں "نسخ" پر یہود نے بھول پن کا نتیجہ قرار دے کر اعتراض کیا اور اسے علم الہیٰ کے نقص کا سبب سمجھ کر خلاف عقل قرار دیا اور امکان نسخ کا انکار کیا۔

۲۔ ابو مسلم اصفہانی نے اگرچہ مکان نسخ کو تسلیم کیا لیکن قرآن میں وقوع نسخ کا انکار کیا۔

۳۔ مستشرقین نے اسی اعتراض کو تحقیق کے نام سے جدت کا جامہ پہنا کر مختلف اسالیب میں دھرایا۔ بعض مستشرقین نے اسے مسلمانوں کی ایجاد جبکہ منٹگمری واٹ نے پیغمبر اسلام کا از خود وضع کردہ اصول قرار دیا۔ آنحضرت (ﷺ) پر ارباب تصنیف و تالیف کی طرح قرآن کی ترتیب نو کا ملفوف الزام لگایا اور قرآن کو آنحضرت (ﷺ) کی تصنیف قرار دیا۔

۴۔ نسخ دینی اصطلاح ہے ،اس کے اپنے حدود و قیود ہیں۔ سابقہ شریعتوں میں بھی واقع ہوتا آیا ہے اور قرآن اور اسلامی شریعت میں بھی روبعمل لایا گیا ہے۔ (معاذ اللہ) نسخ اللہ تعالیٰ کے نسیان، تبدیلی رائے اور نقصان علم کی علامت نہیں بلکہ اپنے اصطلاحی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کے تحت تکمیل شریعت کا قانون ہے۔ اس سے علم ربانی اور حکمت الہیٰ کا نقص نہیں کمال ظاہر ہوتا ہے۔

۵۔ نسخ صرف فروعات اوران احکام میں جو صرف مخصوص وقت اور دور کے لیے تھے، واقع ہوا ہے۔ یہ نسخ دین اسلام کی طرح سابقہ شریعتوں میں بھی ہوتا آیا ہے۔ عقائد، اصول، قصص، اخبار اور دوامی نوعیت کے فروعی احکام میں نسخ نہیں ہوتا۔

حوالہ جات وحواشی

1 ۔ George Sale, The Koran, P.49. Fredrick Worn and Company, New york, 1890

2 ۔ The Kuran, Page: 52.

3 ۔ M. N Watt, W. Montgomery: Muhammad Prophet and Statesman, P. 18.

4 ۔ خالد سیف اللہ، رحمانی، قاموس الفقہ، ستمبر ۲۰۰۷، زم زم پبلشرز، کراچی، ج۸، ص۱۷۷۔۱۸۸

5 ۔ محمد تقی عثمانی، علوم القرآن، دار العلوم کراچی، ۲۰۱۰ء، ص ۱۶۰

6 ۔ البقرۃ۲:۱۰۶

7 ۔ علی بن محمد الشریف ، الجرجانی، کتاب التعریفات، ص۳۱۰، مکتبہ لبنان، ساحد ریاض الصلح، بیروت، ۱۹۶۹، لسان العرب، دار صادر، بیروت، ج ۳، ص۶۱

8 ۔ محمد عبید اللہ، الاسعدی، مفتی، اصول الفقہ، مکتبہ ادارہ معارف، ۲۰۱۱، کراچی، ص۱۸۵،

9 ۔ محمد تقی عثمانی، علوم القرآن، مکتبہ دار العلوم کراچی، ۲۰۱۰، ص ۱۵۹

10 ۔ الشاطبی ابو اسحاق، ابراہیم بن موسیٰ، الموافقات فی اصول الشریعۃ، تقدیم، شیخ عبداللہ دراز، بیروت، دار المعرفۃ، ج ۲، ص ۸۳

11 ۔ فخر الدین الرازی، المحصول فی علم اصول الفقہ، ج ۳، ص ۲۸۲، البخاری ، عبدالعزیز احمد بن محمد، کشف الاسرار عن اصول فخر الاسلام بزدوی، دار الکتب العلمیہ بیروت، ج ۳، ص ۲۹۹

12 ۔ محمد بن احمد بن ابی سہل، السرخسی، اصول السرخی، تحقیق: ابوالوفاء الافغانی، دار المعرفۃ بیروت، ج ۲، ص ۵۲

13 ۔ محمود آلوسی، ابوالفضل، تفسیر روح المعانی، مکتبہ دار العلوم، ج۱، ص ۵۲

14 ۔ آلوسی، تفسیر روح المعانی، ج۱، ص ۵۲

15 ۔ البقرۃ۲:۱۰۶

16 ۔ النحل۱۶:۱۰۱

17 ۔ ابو بکر حازمی، الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الاثار، ص ۲۲

18 ۔ السرخسی، اصول السرخسی، ج ۲، ص ۲۷

19 ۔ مولانا شبیر احمد عثمانی فرماتے ہیں دستور تھا کہ مردہ کا تمام مال اس کی بیوی اور اولاد بلکہ خاص بیٹوں کو ملتا تھا۔ ماں، باپ اور سب اقارب محروم رہتے تھے۔ ماں باپ اور جملہ اقارب کو انصاف کے ساتھ ترکہ ملنے کے لئے اس کے موافق وصیت فرض ہوئی اور یہ وصیت اس وقت فرض تھی وقت تک سورۃ نساء کی آیات میراث نازل نہیں ہوئی۔
(شبیر احمد عثمانی، تفسیر عثمانی، مطبوعہ، مجمع الملک فہد لطباعۃ المصحف الشریف، ۳۵، تحت آیت نمبر ۱۸۰)

20 ۔ مسلم بن الحجاج القشیری، الجامع الصحیح المسلم، حدیث ۹۷۷، کتاب الجنائز، باب بیان ما کان من النهي عن اكل لحوم الاضاحي بعد ثلاث في اول الإسلام وبيان نسخه وإباحته إلى متى شاء

21 ۔ امیر بادشاہ، محمد آمین، تیسر التحریر، ۱۳۰۵ھ، طبع مصر، ج ۳، ص ۲۲۲، الرازی، المحصول، ج ۲، ص ۵۳۳

22 ۔ النجم ۵۳: ۴-۳

23 ۔ علامہ عثمانی کہتے ہیں: شروع میں یہ حکم تھا کہ رمضان میں اول شب میں کھاتے پینے اور عورتوں کے پاس جانے کی اجازت تھی مگر سونے کے بعد ان چیزوں کی ممانعت تھی۔ بعض لوگوں نے اس حکم کے خلاف ورزی کر کے بعد میں توبہ کی۔ ان کی توبہ قبول ہوئی۔ اور احکام خداوندی کی تاکید فرمادی گئی اور حکم سابق منسوخ فرماکر آئندہ کو اجازت دی گئی۔
(شبیر احمد عثمانی، تفسیر عثمانی، ص ۳۶، تحت آیۃ احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم)۔

24 ۔ اصول السرخسی، ج ۲، ص ۶۷

25 ۔ النحل ۱۶: ۴۴

26 ۔ السرخسی، اصول السرخسی، ج ۲، ص ۲۷

27 ۔ عبدالعزیز بن احمد بن محمد، کشف الاسرار، ج ۳، ص ۳۰۰

28 ۔ البقرۃ ۲: ۱۸۰

29 ۔ ابوداؤد، حدیث: ۲۸۷۰، باب ما جاء في الوصية للوارث

30 ۔ ابوداؤد، حدیث: ۲۸۶۴، باب ما جاء في الوصية للوارث

31 ۔ محمد مصطفیٰ شلبی، الدکتور، اصول الفقہ الاسلامی، ج ۱، ص ۵۵۳

32 ۔ الاحزاب ۳۳: ۵۳

33 ۔ عبدالعزیز بن احمد بن محمد، علاء الدین، کشف الاسرار، ج ۳، ص ۳۲۳، ، الاحکام فی اصول الأحکام ج ۲، ص ۱۲۲، وھبہ الزحیلی، الدکتور، اصول الفقہ الاسلامی، ج ۲، ص ۹۵۵ ـ ۹۵۸، الخلاف، اصول الفقہ، ۲۲۷، الشلبی، اصول الفقہ الاسلامی، ج ۱، ص ۵۵۴

34 ۔ عبدالوھاب خلاف، اصول الفقہ، ط/ ۲۰، کویت، دار القلم، ص ۲۶ـ۲۷

35 ۔ الاحزاب ۳۳: ۵۳

36 ۔ النور ۲۴: ۴

37 ۔ الشاطبی، الموافقات، ج ۳، ص ۷۳

38 ۔ شاہ ولی اللہ، الفوز الکبیر، مکتبہ رحیمیہ، دیوبند، ص ۱۹

39 ۔ جلال الدین السیوطی، الاتقان فی علوم القرآن، سہیل اکیڈیمی لاہور، ج ۲، ص ۳۲،

40 ۔ وہ پانچ آیتیں یہ ہیں۔ البقرہ آیت نمبر ۱۸۰ اور ۲۴۰، الانفال ۶۵، الاحزاب ۵۲، المجادلہ ۱۲، الفوز الکبیر فی اصول تفسیر (اردو ترجمہ) مولوی رشید احمد، مکتبہ العلم اردو بازار لاہور، م۔ ص ۳۸۔ خالد سیف اللہ، قاموس الفقہ، ج ۵، ص ۱۹۳

41 ۔ اسماعیل بن کثیر، ابوالفداء، تفسیر ابن کثیر، مکتبہ فاروقیہ لاہور، ج ۱، ص ۱۰۱،

42 ۔ شبیر احمد عثمانی، تفسیر عثمانی، تحت آیۃ ما ننسخ من آیۃ الخ، ص ۲۰

43 ۔ آلوسی، روح المعانی، ، مکتبہ دار العلوم، ج ۱، ص ۵۲

44 ۔ عبدالصمد رحمانی، مجلس معارف القرآن، دیوبند، ۱۳۸۶ء، ص ۱۲۰۰

45 ۔ عبدالعزیز بن احمد بن محمد، کشف الاسرار، ج ۳، ص ۳۰۰، السرخسی اصول السرخسی، ج ۲، ص ۵۴

46 ۔ شاطبی، الموافقات، ج ۲، ص ۸۳

47 ۔ خالد سیف اللہ رحمانی، قاموس الفقہ، ج ۵، ص ۱۸۸، السرخسی، اصول السرخسی، ج ۲، ص ۱۵۲

48 ۔ خالد سیف اللہ رحمانی، قاموس الفقہ، ج ۵، ص ۱۸۸

49 ۔ محمود احمد غازی، ڈاکٹر، محاظراتِ قرآنی، الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور، ص ۲۹۸، ۲۹۹

50 ۔ البقرۃ ۲ : ۱۰۶

51 ۔ النحل ۱۶ : ۱۰۱

52 ۔ کفار مکہ نے جب قرآن کو انسانی اختراع قرار دینے کی کوشش کی تو اس سلسلے میں قرآن مجید نے سورۃ البقرہ آیت نمبر ۲۳ میں چیلنج دیا ہے "وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ" اگر تمہیں اس امر میں شک ہو کہ جو ہم نے اپنے بندہ پر نازل کیا ہے تو تم اس کی مانند کوئی سورت بنا لاؤ اور اپنے مددکاروں کو بلاؤ اگر تم سچے ہو پس اگر تمہیں اس کی مثل پیش نہیں کر سکتے اور یاد رکھو نہ پیش کر سکتے۔ تو تصدیق کرو کہ یہ ہماری کتاب ہے کسی بشر کی تصنیف واختراع نہیں۔ یہ چیلنج جس طرح لبید، ولید بن مغیرہ، جیسے فصیح اللسان عربوں کے لیے تھا۔ موجودہ دور کے معاندین اور مستشرقین اور عرب ادبا وفضلاء کے لیے بھی ہے۔ اسی طرح سورۃ اسراء میں آیت ۸۸ میں قرآن مجید کو انسانی تصنیف قرار دینے کی نفی کی گئی اور ارشاد وارد ہوا: "قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا" کہ دے کہ اگر ساری دنیا کے انس وجن جمع ہو جائیں قرآن کی مثل لانے کے لئے اپنی ساری صلاحیتیں اور طاقتیں خرچ کرے تب بھی قرآن کی مثل نہیں بنا سکتے۔ خواہ اس کام کے لیے وہ ایک دوسری کی مدد کے لئے آخری حد تک کیوں نہ جائے۔

53 ۔ بائبل، کتاب پیدائش: ۲۹، ۳۰

54 ۔ عہد نامہ قدیم، کتاب الاحبار، باب : ۲۰، آیت : ۱۷

55 ۔ بائبل، کتاب پیدائش، باب:۹، آیت: ۳
56 ۔ کتاب پیدائش، باب:۱۹
57 ۔ بائبل، کتاب الاحبار، باب: ۱۸، آیت: ۱۸
58 ۔ بائبل، کتاب الاحبار، باب ۷، آیت ۱۸
59 ۔ بائبل، کتاب پیدائش، باب:۱۹
60 ۔ انجیل متی: ۱۹، ۱۵
61 ۔ المائدۃ۵: ۳
62 ۔ الاحزاب۳۳: ۴۰
63 ۔ خالد سیف اللہ رحمانی، قاموس الفقہ، ج۱، ص ۳۲۳، ۳۲۲

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

معاشرتی معاملات میں کفارہ کا اسلامی تصور: فقہاء مفسرین کی آراء کا تجزیاتی مطالعہ

(An Islamic Concept of "Atonement" In Social Relation
(An Analytical Study of Jurisprudents Opinions)

حافظ محمد ارشد اقبال
پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

Allah sent the Prophet (P.B.U.H) with a comprehensive divine system which is a means of worldly welfare and salvation in Hereafter. Man has been given the status of crown of creation, among all creatures and has been made answerable for all deeds in shariah. However, crimes and sins are part of human nature, due to human fallibility. Due to sinful man becomes disappointment. Allah has facilitated man in such condition by blessing him with a deed, which if done masks his signs. It is called atonement and it has the status of both religious and economic worship. Thus atonement is a means bestowed by Allah. Allah has made certain deeds obligatory as a way of atonement to dispel the evil impact of the sign committed. These include: setting a slave free, observing fasts, and feeding the poor and the hungry. The atonement for breaking an oath and dhihar as to feed the destitute. Or provide them with clothes or is to set a salve free. Atonement is also obligatory for intentionally breaking a fast of sacred Ramdan and to ensure continuity of human life. Similarly, in Ihram, atonement is also enjoined not only for hunting during the Hujj but also on providing assistance in it. How ever the jurists differ about the performance of atonement in setting a salve faree, on the amount of food to be fed and the continuous observance of fasting. So conclude man reforms himself by getting rid of sins through atonement.

KEY WORD. Atonement, sins, setting a slave free, continuous observance of fasting, poor and needy, Destitute

ہدایات ربانی کا سلسلہ الہامی کتب و صحائف کی شکل میں حضرت آدمؑ سے جاری ہوا اور اس کی تکمیل آخری آسمانی کتاب قرآن مجید کی صورت میں ہوئی جو دین اسلام کی بنیاد ہے۔اسلام کی مکمل اتباع اور پیروی کے لیے اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایک خاص مقصد حیات (عبادت ورضائے الٰہی) کے ساتھ دنیا میں مبعوث فرمایا۔اس

لیے انسان ہر حال میں شریعت کے تمام احکام کا مکلّف ہے۔ تاہم بتقاضائے بشریت خطاء اور نسیان انسانی فطرت کا حصہ ہے۔ بعض اوقات انسان دنیا کی ظاہری رنگینیوں میں کھو کر اپنے خالق و مالک کی رضاء کے خلاف کسی خطاء یا گناہ کا ارتکاب کر بیٹھتا ہے۔ خطاء بھی دو قسم کی ہے: ایک وہ غلطی جو بغیر ارادہ کے انسان سے سہواً سرزد ہو جاتی ہے جس کی تلافی توبہ، استغفار اور نیک اعمال کو بجالانے سے ہوتی ہے، دوسری وہ غلطی جو انسان اپنی خواہش کے تابع ہو کر عملاً کر بیٹھتا ہے اور گناہگار ہو جاتا ہے۔ غلطیوں اور گناہوں کے ارتکاب سے اس پر مایوسی کے بادل چھا جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں اللہ رب العزت نے سہولت کے طور پر انسان کو وہ عمل عطاء کیا جس کی ادائیگی سے گناہوں پر پردہ آ جاتا ہے اس عمل کو قرآن مجید میں کفارہ کا نام دیا گیا۔ کفارہ کے ذریعے انسان گناہوں سے تائب ہو کر اپنی اصلاح کرتا ہے اور عبادت و کار خیر کے ذریعے گناہ کے اثر کو روح پر سے دھو دیتا ہے اور شرمساری و ندامت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف نہ صرف رجوع کرتا ہے بلکہ آئندہ کے لیے اس کا نفس ایسی غلطیوں کے اعادے سے محفوظ رہتا ہے۔ پس کفارہ انسان کے لیے اللہ کی رحمت کے حصول کا ذریعہ اور گناہوں کی تلافی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَأُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ سَيِّـَٔاتِهِمۡ﴾1 (میں ان کے گناہ دور کر دوں گا) اور خدا اپنے بندے سے چاہتا بھی یہی ہے کہ اس کا ہر بندہ صغیرہ و کبیرہ گناہوں سے پاک ہو کر اس کی طرف لوٹے۔ گناہوں سے چھٹکارا اللہ کی رحمت، اور اس کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کر کے ہی ممکن ہے۔ کفارہ بھی اسی کا بتایا ہوا طریقہ ہے جس کے ذریعے برائیاں دور کر دی جاتی ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لِيُكَفِّرَ ٱللَّهُ عَنۡهُمۡ أَسۡوَأَ ٱلَّذِي عَمِلُواْ﴾2 (تاکہ خدا ان سے برائیوں کو دور کر دے جو انہوں نے کیں)

یعنی انسان کفارہ کی ادائیگی سے دوبارہ اللہ کا قرب حاصل کر لیتا ہے اور اس ذوق و شوق سے نیک اعمال بجالاتا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔ کفارہ گناہ کو زائل کر دیتا ہے اور مٹا دیتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اِنَّ الۡحَسَنٰتِ يُذۡهِبۡنَ السَّيِّاٰتِ" 3 (کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں)

پس قرآن مجید میں جن افعال پر کفارے کو لازم کیا گیا ہے ان میں عمداً روزہ ساقط کرنے کا کفارہ، قتل خطاء کا کفارہ، قسم توڑنے کا کفارہ، حالت احرام میں شکار کرنے کا کفارہ اور ظہار کا کفارہ ہے۔ پس مذکورہ کفارات کے احکام و مسائل درج ذیل کتب فقہ (الہدایہ، بدائع الصنائع، المبسوط، المغنی، الفقہ الاسلامی و ادلتہ، کتاب الفقہ

علی المذاہب الاربعہ، قوانین الاسلام اور دیگر کتب) کی مختلف جلدوں کے ابواب و اوراق میں مختلف عنوانات سے موجود ہیں لیکن فقہی تفاسیر کے حوالے سے کفارہ کے متعلق یکجا مواد کسی مقالے میں موجود نہیں لہٰذا کفارہ واس کی اقسام کے متعلق چاروں مکاتب کے فقہاء مفسرین کی آراء کا تجزیہ وخلاصہ پیش کرنے کے لیے یہ مقالہ تحریر کیا گیا ہے۔ مقالہ کی ابتداء میں موضوع کا تعارف، کفارہ کا مفہوم، قرآن و حدیث میں کفارہ کی اہمیت، کفارہ کا وجوب اور اقسام کو بیان کیا گیا ہے پھر مذکورہ بالا کفارہ کے متعلق فقہاء مفسرین کی آراء کے تجزیاتی مطالعہ کے ذریعے خلاصہ پیش کر کے نتائج مرتب کیے گئے ہیں۔

مندرجہ بالا کفارات کی وضاحت سے پہلے کفارہ کا معنی و مفہوم اور تعریف حسب ذیل ہے:

کفارہ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم

اہل لغات نے کفارہ کے متعدد معنی تحریر کیے ہیں۔علامہ ابن منظور افریقی "کَفَّارہ کا معنی چھپانا یا ڈھانپنا" لکھتے ہیں:

"یُقَالُ کَفَرْتُ الشی اَکْفُرَہ بکسر الفاء ای استرتہ وکل شی غَطّٰی شیًا فقد کَفَرَ"[4]

اسماعیل بن حماد الجوھری لکھتے ہیں: "اذا سفت الریح التراب علیہ حتی غَطّتہ"[5]

سید مرتضٰی زبیدی کے نزدیک " کفارہ ثواب کا موجب بنتا ہے اور گناہوں کو ایسے زائل کر دیتا ہے کہ گو یا گناہ تھا ہی نہیں "[6]۔

کفارہ اسم فاعل واحد مونث کا صیغہ ہے۔ جس کا معنی پاک کرنے والا اور گناہوں کا ازالہ کرنے والا ہے۔

اردو دائرہ معارف اسلامی میں 'کفارہ' تاوان اور تلافی کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ یعنی گناہوں کے بدلے میں عمل خیر کر کے گناہوں پر پردہ ڈال دینا۔[7]۔

کفارہ کی تعریف

ڈاکٹر احمد فتح بہنسی لکھتے ہیں:

" کفارہ فعالہ کے وزن پر ہے اور یہ ایسا عمل ہے جو انسان کے گناہوں کو زائل کر دیتا ہے۔اور اس کو ندامت و شرمندگی سے بچانے کا ذریعہ بنتا ہے"[8]

عبد القادر عودہ نے فرائض کی عدم ادائیگی پر مقررہ سزا کو کفارہ کہا ہے:

"الکفارۃ ھی العقوبۃ المقررۃ فی الشریعۃ علی المعصیۃ عن آتیاتا "[9]

پس کفارہ کے معنی و مفہوم و تعریفات سے واضح ہے کہ بندے کا گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے اللہ سے جو تعلق منقطع ہو جاتا ہے کفارہ اس تعلق کو بحال کرنے کا ذریعہ ہے۔ چونکہ انسان غلطی کا پتلا ہے۔ اس لیے کفارہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کی غلطیوں کو مٹانے اور انسان کی قلبی بے چینی و بے سکونی کی کیفیت کو ختم کر کے تعلق باللہ کو استوار کرنے کا ذریعہ ہے۔

کفارہ کی اقسام

چونکہ کفارہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم کی خلاف ورزی پر عائد کیا ہے اس لیے کفارہ (دینی و مالی سزا) کو عبادت کا درجہ بھی حاصل ہے۔ جب کفارہ کسی ایسے کام پر مقرر کیا جائے جو گناہ نہ ہو۔ تو یہ خالص عبادت ہے اور اگر یہ کسی گناہ والے کام پر عائد ہو جائے تو یہ مالی سزا ہے۔ قرآن مجید میں دلالۃ النص سے جن امور پر کفارہ ادا کرنے کی تلقین کی گئی ہے وہ پانچ کفارات (کفارہ صوم، کفارہ قتل خطا، کفارہ یمین، کفارہ صید المحرم، اور کفارہ ظہار) ہیں [10]۔ ان کفارات کا مختصر تعارف و فقہاء مفسرین کی آراء حسب ذیل ہیں

1۔ کفارہ صوم

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کا مقصد عبادت قرار دیا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَا خَلَقْتُ ٱلْجِنَّ وَٱلْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ﴾ [11] (اور ہم نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا) انسان اپنی عبدیت و بندگی کا اظہار اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری اور احکام و عبادات کی بجا آوری سے کرتا ہے عبادات میں روزے کو اسلام کے عمود و شعائر سے تشبیہ دی گئی ہے روزہ انسان کے روحانی و نفسانی خواہشات کے علاج کا واحد ذریعہ ہے اور یہ وہ نیک عمل ہے جس کی جزا کا وعدہ اللہ نے خود کیا جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے:

((**الصوم لی وانا اجزی به**)) [12] (روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا)

رمضان المبارک میں روزے کی حالت میں کوئی ایسا فعل کرنا جس سے روزے کی روح مجروح ہو جائے یا قصداً (بغیر کسی جواز کے) رمضان کا روزہ توڑ دینا تو اس پر کفارہ لازم آ جاتا ہے کیونکہ اس نے روزوں والے مہینہ کی بے حرمتی کی ہے۔ تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ روزہ کو توڑ کر کفارے کا سبب بننے والی اہم چیز دانستہ جماع کرنا اور عمداً کھانا پینا ہے جبکہ شافعی و حنبلی فقہاء صرف جماع کرنے کو کفارے کا سبب قرار دیتے ہیں [13]۔ پس بلا عذر شرعی رمضان المبارک کے فرض روزہ کو ترک کرنے پر کفارہ عائد کیا گیا ہے کسی منتی یا نفلی روزہ توڑنے پر کفارہ نہیں۔ جیسا کہ حدیث مبارکہ میں ہے۔

((عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال جاء رجل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال هلكت يا رسول الله قال وما أهلكك؟ قال وقعت علي امرأتي في رمضان. قال هل تجد ما تعتق به رقبة. قال لا. قال فهل تستطيع أن تصوم شهرين متتابعين قال لا. قال صلى الله عليه وسلم فهل تجد ما تطعم به ستين مسكينا؟ قال لا ثم جلس فأتي النبي صلى الله عليه وسلم بفرق فيه تمر فقال تصدق بهذا فقال اعلي أفقر مني؟ فما بين لابتيها أهل بيت أحوج إليه منا؟ قال فضحك النبي صلى الله عليه وسلم حتي بدت أنيابه ثم قال إذهب فأطعمه أهلك))[14]

(حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی اے رسولؐ میں ہلاک ہو گیا۔ آپؐ نے پوچھا کس چیز نے تجھے ہلاک کیا ہے؟ اس نے کہا میں نے رمضان میں (روزے کے ساتھ) اپنی بیوی سے ہمبستری کر لی ہے۔ آپؐ نے پوچھا کیا تم ایک غلام آزاد کر سکتے ہو؟ اس نے کہا نہیں۔ آپؐ نے پوچھا تم دو ماہ کے مسلسل روزے رکھ سکتے ہو۔ اس نے کہا نہیں۔ آپؐ نے پوچھا کہ تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو۔ اس نے کہا نہیں وہ بیٹھا رہا اتنے میں آپؐ کی خدمت اقدس میں کھجوروں کی ایک ٹوکری آئی آپؐ نے فرمایا اسے لے جا کر صدقہ کر دو۔ اس نے کہا مجھ سے بڑھ کر ضرورتمند کون ہے؟ ان دونوں قبیلوں کے درمیان کوئی گھرانہ ایسا نہ ہو گا جو میرے گھر سے زیادہ محتاج ہو یہ سن کر آپؐ ہنس پڑے یہاں تک کہ آپؐ کے دندان مبارک نمایاں ہو گئے پھر آپؐ نے فرمایا اچھا جاؤ اسے اپنے گھر والوں کو کھلا دو)

پس اگر کوئی شخص بغیر کسی شرعی عذر (مرض، سفر یا شیخ فانی) کے رمضان المبارک کا روزہ رکھ کر توڑ دیتا ہے تو حدیث رسولؐ کے مطابق ایسے شخص کو تین صورتوں میں کفارہ دینا پڑے گا۔

۱۔ غلام آزاد کرنا ۲۔ دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا ۳۔ ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا

تمام فقہاء کا اجماع ہے کہ روزہ توڑنے کے کفارے میں ترتیب کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ تخیر کو نہیں جیسے کفارہ ظہار اور کفارہ یمین میں ہے کہ کفارہ ادا کرنے والا جس صورت میں چاہے کفارہ ادا کر سکتا ہے۔

ا۔ غلام آزاد کرنا

امام شافعیؒ کفارہ صوم میں مومن غلام آزاد کرنے کا حکم لگاتے ہیں جس طرح کفارہ یمین اور کفارہ ظہار میں مومن کی شرط لگاتے ہیں اور کفارہ صوم کو کفارہ قتل خطاء پر قیاس کرتے ہوئے مومن غلام آزاد کرنے کی دلیل دیتے ہیں۔[15]

جبکہ احناف مومن کی شرط اس لیے نہیں لگاتے کیونکہ نص میں مطلق رقبہ کا ذکر ہے۔

علامہ ابو بکر جصاص لکھتے ہیں "روزہ کے کفارہ میں مطلق غلام آزاد کیا جائے گا۔ مؤمن کی شرط تو کفارہ قتل خطاء میں ہے کفارہ صوم، کفارہ ظہار اور کفارہ یمین میں غلام آزاد کرنے کا جو حکم ہے وہ مطلق ہے۔ اس میں مؤمن وغیر مؤمن دونوں شامل ہیں۔ صرف مؤمن غلام کی شرط لگانا درست نہیں۔"[16]۔

۲۔ روزے رکھنا

اگر روزہ توڑنے والا غلام آزاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تو پھر وہ دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے فقہاء نے روزوں کے تتابع میں اختلاف کیا ہے۔ "جمہور فقہاء (شوافع، مالکیہ واحناف) مسلسل دو ماہ کے روزے رکھنے کے قائل ہیں اور واضح کرتے ہیں کہ تسلسل کے منقطع ہونے سے رکھے گئے روزے نفل شمار ہونگے اور پھر از سر نو روزے رکھنے ہونگے۔[17] جبکہ حنبلی فقہاء کی دلیل ہے کہ اگر کسی شرعی عذر سے روزہ جھوٹ جاتا ہے یعنی، مرض کے آنے سے، سفر کے درپیش ہونے سے یا حیض و نفاس کے آنے سے تو اس سے تسلسل نہیں ٹوٹے گا۔ اور روزے نئے سرے سے رکھنے کی ضرورت نہیں ہے[18]۔

۳۔ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا

اگر مکلّف دو ماہ کے تسلسل کے ساتھ روزے رکھنے سے عاجز ہے تو پھر کفارے کی آخری صورت ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانے پر عمل کرنا ہوگا۔ فقہاء نے کھانا کھلانے کی مقدار میں اختلاف کیا ہے۔

شافعی فقہاء کے نزدیک ساٹھ مسکینوں کو اتنا ہی دیا جائے جتنا صدقہ فطر میں دینا درست ہے۔ اور شوافع کے نزدیک کھانا درست حالت میں ہو۔ گھن لگا، خراب، بھیگا ہوا پرانی گندم دینا درست نہیں۔ اور ہر مسکین کو ایک مد جو نبیؐ کے مد کے مطابق ہے دیا جائے گا[19]۔

جبکہ احناف کے نزدیک مسکین کو دیا جائے والا طعام اتنا ہو کہ مسکین صبح و شام سیر ہو کر کھا سکے۔ یا دو وقت کا کھانا ہو ایک سحری کا اور دوسری افطاری کا یعنی دو مد یا نصف صاع گندم یا آٹا یا ستو دے یا ہر مسکین کو ایک صاع جو یا کھجور یا کشمش دے[20]۔

اور مالکی فقہاء کے نزدیک ہر محتاج کو ایک مد مد نبوی کے مطابق دیا جائے اور وہ مد اوسط درجہ کے ہاتھوں سے ہو۔ اور کفارہ دینے والے کے شہر کی بیشتر غذا ہو اور ایسے لوگوں کو ہر گز نہ دیا جائے جن کا بار نفقہ اس پر لازم ہو[21]۔

حنبلی فقہاء بھی ہر محتاج کو ایک مد گندم دینے کے قائل ہیں اور کفارہ دینے والے پر یہ شرط لگاتے ہیں کہ اس تقسیم میں اس کے اصول وفروع شامل نہ ہوں۔ کیونکہ اصول وفروع کا نفقہ تو اس پر واجب ہے[22]۔

2۔ قتل خطاء کا کفارہ

نزول قرآن کا ایک مقصد لوگوں کو سلامتی اور سکون مہیا کرنا ہے جس کی تکمیل کے لیے آپ ﷺ کو رحمت العلمین بنا کر مبعوث کیا گیا (وَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ إِلَّا رَحۡمَةٗ لِّلۡعَٰلَمِينَ)23

آپ ﷺ کی ہستی اور آپ ﷺ کا لایا ہوا نظام باعث فلاح ونجات اخروی کا ذریعہ ہے۔ قبل از بعثت انسانی حقوق کو پامال کرنے کا رواج کسی سے مخفی نہیں۔ خصوصاً انسان کے قتل کا تو عام رواج تھا۔ حتی کہ معصوم بچیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ رسول ﷺ کی بعثت اور اسلام کی نعمت سے اس قبیح رسم کا خاتمہ ہوا اور انسان کو انسانی جان کا احترام سکھایا گیا۔ بنیادی انسانی حقوق کا جو تصور قرآن نے دیا اس کی رو سے ایک انسان کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل اور ایک انسانی جان بچانے کو پوری انسانیت کی جان بچانے کے مترادف ٹھہرایا گیا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(مَن قَتَلَ نَفۡسَۢا بِغَيۡرِ نَفۡسٍ أَوۡ فَسَادٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ ٱلنَّاسَ جَمِيعٗا وَمَنۡ أَحۡيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحۡيَا ٱلنَّاسَ جَمِيعٗاۚ﴾[24]

کتاب وسنت میں قتل جیسے بُرے فعل کی شدید مذمت کی گئی ہے اور انسانی جان کو عزت وتکریم سے نوازا گیا ہے

(وَلَقَدۡ كَرَّمۡنَا بَنِيٓ ءَادَمَ)25 (اور ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی ہے)

شریعت نے قتل عمد میں قصاص کو لازم کیا ہے 26 جبکہ قتل خطاء میں کفارے کی وضاحت اس آیت مبارکہ میں کی گئی ہے۔

(وَمَا كَانَ لِمُؤۡمِنٍ أَن يَقۡتُلَ مُؤۡمِنًا إِلَّا خَطَـٔٗا۔۔۔عَلِيمًا حَكِيمٗا)[27]

پس مذکورہ بالا آیت مبارکہ میں قتل خطاء کے کفارہ کی تین صورتیں بیان کی گئی ہیں۔

1۔ مؤمن غلام آزاد کرنا 2۔ دیت 3۔ دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا

ا۔ مؤمن غلام آزاد کرنا

امام شافعیؒ لکھتے ہیں کہ "قتل خطاء کے کفارہ میں مؤمن غلام کا آزاد کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ یہ نص سے ثابت ہے۔ چونکہ قاتل نے خطاءً مسلمان شخص کو قتل کیا ہے اس لیے غلام مسلمان ہو کافر نہ ہو اور قاتل پر دیت بھی لازم ہو گی جو سنت رسول کے مطابق ورثاء کے سپرد کی جائے گی "[28]۔ امام شافعیؒ دیت کی وضاحت میں لکھتے ہیں:

> "انّ علی قاتل المومن دیته مسلمته الی اهله وابان علی لسان نبی ان رسول الله قضیٰ فی الدیته المسلم مائة"[29]
>
> یعنی دیت جو مقتول کے ورثاء کے سپرد کی جائے گی آپ ﷺ سے دیت کی مقدار کی وضاحت بھی موجود ہے۔

علامہ قرطبیؒ دیت کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں: **"الدية ما يعطى عوضا عن دم القتيل الى وليه"**[30]

امام ابن العربی واضح کرتے ہیں:

> "اللہ تعالیٰ نے قتل خطاء کے کفارے کو گناہ کے طور پر نہیں بلکہ عبادت کے طور پر واجب کیا ہے اور غلام کا مومن اور ایمان والا ہونا ضروری ہے اور اس کے ایمان کا اظہار اس کے صوم وصلوت سے ہوگا خواہ وہ غلام چھوٹا یا بڑا ہو"[31]

علامہ ابو بکر جصاص قتل خطاء کے کفارے میں مومن رقبہ کی آزادی پر عمر کی قید نہیں لگاتے کیونکہ بچے کی پیدائش کے وقت فطرت پر ہونے کا ثبوت حدیث سے ثابت ہے۔[32] جیسا کہ رسول ﷺ کا یہ ارشاد ہے:

> ((کل مولود یولد علی الفطرة فابواه یهودانه وینصرانه))[33]

لہٰذا اللہ تعالیٰ نے صوم وصلوت کی شرط نہیں لگائی اس لیے مطلق لفظ پر شرط کی زیادتی جائز نہیں کیونکہ نص پر زیادتی نسخ کا موجب بنتی ہے۔

محمد علی صابونیؒ کفارہ کے وجوب کی بحث میں امام شافعیؒ کے اس قول کہ "قتل عمد میں بھی کفارہ واجب ہے" کے جواب میں لکھتے ہیں:

" لان الکفارات عبادات ولیس یجوز لاحد ان یفرض فرضا یلزمه عبادالله الابکتاب او سنة او اجماع ولیس مع من فرض علی القاتل عمدا کفارۃ حجة من حیث ذکرت "[34]

(پس کفارات عبادات کا درجہ ہیں اور یہ جائز نہیں کہ کوئی شخص اسے اپنی طرف سے فرض کرے فرض تو کوئی چیز کتاب وسنت اور اجماع سے ہوتی ہے)

۳۔ کفارہ یمین

انسان انفرادی واجتماعی زندگی میں شریعت کے تمام امور کا مکلّف ہے۔ خواہ معاشرتی زندگی کے روابط ہوں یا معاشی معاملات کا لین دین، عائلی زندگی کے مسائل ہوں یا سماجی زندگی کے پہلو، سیاسی بصیرت ہو یا جنگی حکمت عملی ، قرآن وحدیث ہر پہلو سے انسان کی راہنمائی کرتا ہے۔ تاہم معاشرتی زندگی یا مالی معاملات کے لین دین میں انسان قسموں کا سہارا لے کر عہد وپیمان کا اقرار کرلیتا ہے اور بسااوقات بتقاضائے بشریت اپنے کیے ہوئے عہد وپیمان کی پاسداری نہیں کر پاتا اور گناہگار ہو جاتا ہے۔ جس کا ازالہ شریعت نے کفارہ کی صورت میں کیا ہے۔ قرآن مجید میں مختلف مقامات پر انسان کو تنبیہ کی ہے کہ روزمرہ کے معاملات میں بلاضرورت قسمیں نہ اٹھائے جیسا کہ عہد جاہلیت میں قسمیں اٹھانے کا رواج عام تھا۔

﴿وَأَقۡسَمُواْ بِٱللَّهِ جَهۡدَ أَيۡمَـٰنِهِمۡ﴾[35] (اور یہ لوگ خدا کی سخت قسمیں کھاتے تھے)

بعض لوگ بات بات پر قسم اٹھاتے ہیں گویا قسم اٹھانا ان کی زندگی کا معمول اور تکیہ کلام بن گیا تھا۔ قسم کو عربی میں یمین کہتے ہیں

یمین کی جمع ایمَن ولَیمَان ہے۔ یمین کے لغوی معنی قوت وطاقت، سعادت، دایاں ہاتھ اور قسم کے ہیں۔ دائیں ہاتھ کو یمین اس لیے کہتے ہیں کہ وہ قوت وطاقت کا مظہر ہوتا ہے. برخلاف بائیں ہاتھ کے وہ کمزور ہوتا ہے[36]۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَأَخَذۡنَا مِنۡهُ بِٱلۡيَمِينِ﴾ [37] (اور ہم پکڑ لیتے ہیں اس کا دایاں ہاتھ)

قرآن میں یمین کی تین اقسام بیان کی گئی ہیں: 1۔ یمین لغو ۲۔ یمین غموس 3۔ یمین منعقدہ

امام شافعیؒ کے نزدیک یمین کی دو اقسام ہیں۔

"وعند الشافیعه: قالو تنقسم الیمین الی قسمین لغو ومنعقده"[38]

جبکہ جمہور آئمہ (احناف ،مالکیہ وحنابلہ) کے نزدیک یمین کی تین اقسام ہیں ۔یمین لغو، یمین غموس اور یمین منعقدہ

" شریعت نے جن قسموں کو معتبر جان کر احکامات مرتب کیے ہیں ان کی تین اقسام ہیں یمین غموس ، یمین لغو اور یمین منعقدہ جس پر کفارہ ہے" [39] تمام فقہا کا اتفاق ہے کہ یمین لغو اور یمین غموس پر کوئی کفارہ نہیں جبکہ یمین منعقدہ پر کفارہ ہے۔

علامہ سید سابق لکھتے ہیں:

"والیمین المنعقدہ ھی الیمین التی بقصدھا الحالف ویصمم علیھا، فھي یمین متعمدۃ مقصودہ "[40]

(یمین منعقدہ وہ قسم جس کا کھانے والا باقاعدہ ارادہ کرتا اور اسے پختہ کرتا۔اس کو یمین متعمدہ اور مقصودہ بھی کہتے ہیں)

اور فقہاء کا اجماع ہے کہ قسم توڑنے پر کفارہ واجب ہے خواہ حالف عمدا یا سہوا قسم توڑے کیونکہ فقہاء کے نزدیک کفارہ کی شرط حنث ہے۔ علامہ سید سابق لکھتے ہیں کہ " شرط کی موجودگی کفارے کو لازم کرتی ہے جیساکہ علت کی موجودگی حکم کو ثابت کرتی ہے ہاں البتہ خطاء اور نسیان سے حنث ختم نہ ہوگا"[41]۔ جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے

((ان اللہ تجاوز لی عن امتی الخطأء والنسیان وما استکر ھوا علیہ))[42]

یمین منعقدہ پر کفارے کا وجوب قرآن کی نص سے ثابت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ ٱللَّهُ بِٱللَّغْوِ فِيٓ أَيْمَٰنِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ ٱلْأَيْمَٰنَ ۖ فَكَفَّٰرَتُهُۥٓ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَٰكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ ۖ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَٰثَةِ أَيَّامٍ ۚ ذَٰلِكَ كَفَّٰرَةُ أَيْمَٰنِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ۚ وَٱحْفَظُوٓا۟ أَيْمَٰنَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمْ ءَايَٰتِهِۦ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ﴾[43]

اسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی کفارے کا حکم اور اہمیت واضح ہے۔ صحیح مسلم میں ہے:

آپ ﷺ نے فرمایا" جب تم کسی بات پر قسم اٹھاؤ پھر اس کے علاوہ چیز کو اس سے بہتر خیال کر و تو اپنی قسم کا کفارہ دیکر اس بہتر چیز کو کر لو" [44]

مذکورہ بالا آیت میں یمین منعقدہ پر کفارہ کی تینوں صورتوں کا ذکر کر کے حانث کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ان تینوں صورتوں میں سے جس کے ذریعے چاہے کفارہ کی ادائیگی کرے۔ ۱۔ کھانا کھلانا ۲۔ کپڑے پہنانا ۳۔ غلام/لونڈی آزاد کرنا

ان تینوں امور پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں : ۴۔ تین دن کے روزے رکھنا

۱۔ کھانا کھلانا

کفارہ یمین میں مسکینوں کو کھانا کھلانے کی حد بندی کر دی گئی ہے کہ مسکینوں کی تعداد دس ہونی چاہیے اور وہ فقیر محتاج ہوں جن کو طعام کی اشد حاجت ہو۔ امام شافعیؒ طعام کو زکوۃ اور صدقہ الفطر پر قیاس کرتے طعام مسکین کے حوالے کر دینے کے قائل ہیں :

"قال الشافعي رحمه الله ويجزي بكفارة اليمين مد بمد النبي صلى الله عليه من حنطة " [45]

امام ابن العربی مالکی لکھتے ہیں :

"اللہ تعالیٰ نے یمین کے کفارے میں حانث کو تینوں چیزوں کا اختیار دے کر روزے کا ذکر کیا ہے اور کھانے سے آغاز فرما کر اس کو افضل قرار دیا ہے۔ کیونکہ اس وقت حجاز کے شہروں میں اس کی حاجت بہت زیادہ تھی اور لوگوں میں سیرابی کم تھی۔ اس لیے کھانا افضل ہے"۔[46]

علامہ قرطبیؒ آیت ﴿وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ﴾[47] کے تحت مساکین کے طعام کی وضاحت کرتے ہیں کہ "طعام کا مساکین کی ملکیت میں دینا ضروری ہے تاکہ وہ اس میں تصرف کر سکیں[48]۔ علامہ ابو بکر جصاص تملیک کے بغیر طعام کا جواز پیش کرتے ہیں کہ " احناف دونوں صورتوں کو جائز قرار دیتے ہیں یعنی صبح و شام سیر ہو کر کھانا کھلانا یا مساکین کو طعام کا مالک بنا دینا"[49] جبکہ امام مالک و امام شافعیؒ کے نزدیک ہر مسکین کو ایک مُد[50] کھانا دیا جائے گا۔

۲۔ کپڑے پہنانا

ملا احمد جیون امیٹھویؒ رقمطراز ہیں :

" طعام کی نسبت کسوۃ میں مالک بنانا ضروری ہے۔ کیونکہ کسوۃ بکسر کاف کا معنی ہے کپڑا اور کسوۃ بفتح کاف کا معنی ہے کپڑے پہننا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کھانے میں فعل

(کھانے کھلانے) کو کفارہ قرار دیا اور یہاں عین (کپڑے) کو پس ضروری ہے کہ یہاں کپڑا کفارہ بنے نہ کہ اس کا نفع اور یہ چیز مالک بنانے سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ عاریتا دے دینے سے اور امام شافعی کے طعام میں مالک بنانے کے قول کے خلاف ہماری یہی دلیل کافی ہے"[51]

محمد صدیق حسن خان کے نزدیک قسم کے کفارے میں مسکین کا آدھا بدن ڈھانپنے والا کپڑا ہی کافی ہے ماسوائے عورتوں کے کہ ان کو دو کپڑے دیے جائیں۔ ایک کرتہ اور اوڑھنی۔

"والکسوة في الرجال، نصف علی مایکسو البدن ولو کان ثوبا واحدا، وھکذا في کسوة النساء وقیل الکسوة للنساء درع وخمار وقیل المراد بالکسوة ماتجزي به الصلاة"[52]

۳۔ غلام آزاد کرنا

قسم کے کفارے میں حانث کے لیے تیسری صورت (او تحریر رقبہ) ہے۔

امام شافعیؒ کفارہ یمین کو کفارہ قتل خطاء پر قیاس کرتے ہوئے مؤمن رقبہ کی شرط لگاتے ہیں اگرچہ وہ عیب دار ہی کیوں نہ ہو۔

"وإذأ أعتق في کفارة الیمین لم یجزہ إلا رقبة مؤمنة ویجزي کل ذي نقص بعیب لایضر بالعمل اضرارا"[53]

علامہ غلام رسول سعیدیؒ احناف کے مؤقف کی وضاحت کرتے ہیں کہ

"امام ابو حنیفہؒ کا اصول یہ ہے کہ جب مطلق اور مقید دو الگ الگ احکام میں ذکر کیے جائیں تو مطلق کو مفید پر محمول نہیں کیا جاتا اور جس حکم میں کوئی چیز مطلق ذکر کی گئی ہے وہاں اس کے اطلاق پر عمل ہوگا اور جہاں اس کو مقید کیا گیا ہے۔ وہاں اس کی تقیید پر عمل ہوگا"[54]

صاحب نیل المرام لکھتے ہیں کہ " اکثر علماء کے نزدیک ہر قسم کا غلام آزاد کرنا درست ہے البتہ وہ عیوب سے پاک ہو۔ بعض اوقات عیوب غلام سے منفعت لینے میں رکاوٹ بنتے ہیں" [55]۔

پس احناف کا مؤقف واضح ہے کہ کفارہ یمین میں مطلق رقبہ کا ذکر ہے اس لیے مطلق رقبہ میں مؤمن یا کافر دونوں آسکتے ہیں۔

۴۔ تین روزے رکھنا

کفارہ یمین میں پہلے تینوں امور پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں حانث کے لیے کفارہ ادا کرنے کی آخری صورت تین روزے رکھنا ہیں (**فمن لم یجد فصیام ثلاثۃ ایام**) امام شافعیؒ لکھتے ہیں:

"قسم کے کفارہ کے روزوں میں نیت لازمی شرط ہے اور روزوں کے تسلسل میں قید نہیں۔ تاہم حانث ہر طریقے سے عاجز ہو کر روزوں کی طرف آئے گا"[56]

علامہ علیمی مقدسی حنبلیؒ روزوں میں تتابع کی شرط کو لازمی قرار دیتے ہیں۔ اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

"فصيام ثلاثة أيام متتابعات عند أبي حنيفة وأحمد وقال مالك والشافعي في الأظهر لا يجب التتابع"[57]

یعنی احناف کے نزدیک تین روزے مسلسل رکھنے ہونگے۔

۴۔ کفارہ صید المحرم

اسلامی عبادات میں حج ارکان اسلام کا پانچواں رکن ہے اور یہ ہر صاحب استطاعت مرد و عورت پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے۔ فقہاء نے حج کو افضل عبادت اس لیے قرار دیا ہے کہ یہ مالی اور بدنی دونوں عبادات کا مظہر ہے۔ حج میں تمام عبادات کی روح شامل ہے۔ دوران سفر حج میں گھر سے روانگی سے واپسی تک نماز کے ذریعے قرب خداوندی حاصل ہوتا ہے۔ حج کے دوران گناہ اور برائیوں سے اجتناب کرنا اپنے اندر روزے کی سی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ حج کے لیے مال خرچ کرنا زکوۃ سے مشابہت رکھتا ہے۔ حج کے سفر کی صعوبت و مشقت جہاد کا رنگ پیدا کرتی ہے۔ قرآن مجید میں اس کا ذکر مفرد بھی اور عمرہ کے ساتھ ملا کر بھی کیا گیا ہے۔ جیسا کہ حج کی فرضیت کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: (وَلِلَّهِ عَلَى ٱلنَّاسِ حِجُّ ٱلْبَيْتِ مَنِ ٱسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا)[58]

(اور لوگوں پر اللہ کے لیے اس کے گھر بیت اللہ کا حج فرض ہے جو اس گھر جانے کی طاقت رکھتا ہو)

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ہے: ﴿وَأَتِمُّواْ ٱلْحَجَّ وَٱلْعُمْرَةَ لِلَّهِ﴾[59] (اور حج اور عمرہ اللہ کے لیے پورا کرو)

پس حج و عمرہ کی ادائیگی کو ایک مخصوص لباس (احرام) کے ساتھ مشروط کیا گیا ہے۔ جب بندہ پختہ عزم و نیت کے ساتھ احرام باندھتا ہے تو اس پر کچھ پابندیاں عائد ہو جاتی ہیں جن میں سے ایک صید البر (خشکی کا شکار کرنا) بھی ہے۔

صید شکار کرنا، شکار۔ یہ صاد یصید کا مصدر ہے۔ جس کا معنی ہے شکار کرنا۔

سید مرتضی زبیدی رقمطراز ہیں:

" الصيد: كل وحش صيد وقد يقع الصيد على نفسه تمسة بالمصدر كقوله تعالیٰ ﴿لا تقتلو الصيد وانتم حرم﴾ "[60]

امام الکیا الہراسی لکھتے ہیں:

" فدل مطلق الصيد على تحريم اصيطاد كل ما يصطاد من بري او بحري غير مأكول "[61]

علامہ ابو بکر جصاص کے نزدیک صید وہ متوحش جانور ہے۔ جو انسانوں سے دور بھاگنے والا ہو۔ اس میں حلال و غیر حلال کی کوئی تخصیص نہیں اور یہ ایسے جانور ہیں جو انسانوں کو ایذا دیں [62]۔

پس حالت احرام میں شکار کو حرام کرنے کی وجہ یہ ہے کہ محرم کا مقصد خانہ کعبہ کی زیارت ہے جس کا ادب و احترام محرم پر فرض ہے۔ اس لیے حدود حرم و حالت احرام میں شکار کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اسے ہلکی بات خیال کرنا نہیں چاہیے۔ حقیقتاً اس کا مقصد اتباع اور پیروی کے ذریعے تمہاری آزمائش کرنا ہے۔ اس تکرار کے بعد یہ تنبیہ کی گئی ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر شکار کرے گا تو اس کو اس شکار کرنے کا بدلہ یا کفارہ دینا پڑے گا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے (وَمَن قَتَلَهُۥ مِنكُم مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ ٱلنَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِۦ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ هَدْيًۢا بَٰلِغَ ٱلْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّٰرَةٌ طَعَامُ مَسَٰكِينَ أَوْ عَدْلُ ذَٰلِكَ صِيَامًا)[63]

اگر کوئی شخص بتقاضائے بشریت حالت احرام میں ہونے کے باوجود عمداً شکار (خشکی کا شکار) کر بیٹھتا ہے تو ایسے شخص پر اپنے کیے ہوئے فعل عمد کا کفارہ تین صورتوں میں لازم کیا گیا ہے۔

1۔ شکار شدہ جانور کی مثل جانور قربان کرنا یا 2۔ شکار شدہ جانور کی قیمت کے عوض مسکین کو کھانا کھلانا یا

3۔ فی کس مسکین کو کھانا کھلانے کے مساوی روزے رکھنا۔

جمہور فقہاء (احناف، مالکیہ اور شوافع) کے نزدیک آیت میں کلمہ او تخییر کے لیے استعمال ہوا ہے کہ وہ ان تینوں صورتوں میں کسی ایک صورت میں کفارہ ادا کر سکتا ہے جبکہ حنابلہ کی دلیل ہے کہ کلمہ او ترتیب کے لیے ہے۔ لہٰذا محرم کو کفارہ کی ادائیگی کے لیے ترتیب کو مد نظر رکھ کر کفارہ دینا پڑے گا۔

1۔ شکار شدہ جانور کی مثل جانور قربان کرنا

امام شافعیؒ کے نزدیک آیت کا ظاہر قیمت نہیں مثل ہے کیونکہ مثل چوپایوں میں ہوتی ہے اور پرندوں میں اس کی قیمت ہے۔

امام شافعیؒ لکھتے ہیں: " قال الشافعی من قتل من الدواب الصید شیاً جزاہ بمثلہ من النعم لان اللہ تعالیٰ یقول (فجزاءٌ مثل ما قتل من النعم) والمثل لا یکون الا الدواب الصید۔ فاما الطائر فلا مثل لہ ومثلہ قیمتہ "[64]

علامہ قرطبیؒ نے مثل میں دیے جانے والے جانوروں کا تندرست اور بے عیب ہونا ضروری قرار دیا ہے۔

"فیجزی ما کان من الدواب بنظیرہ فی الخلقۃ والصورۃ، واقل ما یجزی عند مالک ما استیسر من الھدی" [65]

علامہ علیمی مقدسی حنبلی لکھتے ہیں:

"یجب علیہ ما یقرب من الصید المقتول شبھا بہ من حیث الخلقۃ"[66]

(اس پر واجب ہے کہ مارے جانے والے شکار کا قریب ترین جانور بدلے میں دے جو اسکی خلقت میں مشابہ ہو۔)

احناف کی دلیل یہ ہے کہ مثل قدر و قیمت اور معنی میں برابر ہونے کے ہے نہ کہ مشابہت میں اس لیے مثل کی جگہ قیمت کا اعتبار کیا جائے گا۔[67]

علامہ ابو بکر جصاص واضح کرتے ہیں کہ مجبوری کے تحت ہی قیمت نہیں بلکہ مثل کی موجودگی میں بھی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا۔

"قد اتفقوا أن القيمة مرادةٌ بهذا المثل فيما لا نظير ه له من النعم فوجب ان تكون هي المرادة"[68]

پس احناف کے نزدیک مثل سے اس جانور کی نظیر مراد نہیں بلکہ شکار شدہ جانور کی قیمت مراد ہے۔

ملا احمد جیون امیٹھویؒ لکھتے ہیں کہ " اللہ نے خود کہا کہ اس مثل کا فیصلہ تم میں سے دو صاحب عدل کریں گے فیصلہ کرنے کے لیے نظر و فکر اور اجتہاد کی ضرورت ہوتی ہے اور مشاہدہ چیزوں کا کیا جاتا ہے۔ پس غور فکر اور اجتہاد تو قیمت متعین کرنے میں ہی ہو سکتا ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ لفظ مثل یا صورت کے لیے بولا جاتا ہے یا معنوی مثل کے لیے (قیمت کے لیے) جو چیز خلقت میں ایک جیسی ہو اس پر عرف کا اطلاق نہیں ہوتا"۔[69]

۲۔ مساکین کو کھانا کھلانا

محرم کے لیے کفارے کی دوسری صورت مساکین کو کھانا کھلانا ہے۔ شوافع کے نزدیک شکار کیے جانے والے جانور کی قیمت کا اعتبار کر کے کھانا کھلایا جائے گا۔ امام شافعی لکھتے ہیں کہ " محرم کو یہ اختیار اللہ نے دیا ہے۔ اس لیے مثل کی قیمت درہموں میں لگا کر اس سے طعام خریدا جائے اور مکہ کے مسکینوں پر صدقہ کر دیا جا ئے یا اس نوع کا اناج نکالا جائے جیسے صدقۃ الفطر میں ہوتا ہے یعنی گندم، جو، کشمش اور کھجور وغیرہ[70]۔

امام شافعی طعام کو مکہ کے مساکین کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں کہ " کفارہ میں دیا جانے والا طعام پر صرف مکہ کے مساکین کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں، کہ کفارہ میں دیے جانے والے طعام پر صرف مکہ کے مسا کین کا ہی حق ہے۔ بصورت دیگر کفارہ ادا نہ ہو گا۔ کیونکہ یہ بھی تو مکہ کے ساتھ مخصوص ہے "[71]۔

امام الکیا الہراسی لکھتے ہیں کہ " شکار کی قیمت کا تعین درہموں میں لگا کر کھانا خریدا جائے گا پھر ہر مسکین کو آدھا صاع کھانا دیا جائے گا[72]۔

علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ " یہ کفارہ شکار کرنے کی وجہ سے محرم پر آیا ہے۔ اور شکار کی قیمت کا تعین کر کے اس سے طعام خرید کر مساکین میں تقسیم کیا جائے گا۔ کہ ہر مسکین کو ایک مد کھلایا جائے۔ اور یہ مد مسکین کے سیر ہو نے کے لیے ہے۔[73]

علامہ جصاص لکھتے ہیں: " پس سب کا اتفاق ہے کہ جن جانوروں کی نظیر نہیں ان میں طعام کا اعتبار شکار کی قیمت کے ساتھ ہو گا تو پھر یہی حکم شکار کی نظیر کی موجودگی میں بھی ہونا چاہیے کیونکہ مذکورہ آیت شکار کی د ونوں صورتوں پر مشتمل ہے[74]۔

علامہ جصاص مزید لکھتے ہیں:

"مساکین کو دیے جانے والے طعام کی تخصیص کسی خاص جگہ کے ساتھ نہ کی جائے۔ وہ کہیں بھی کھلایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ امام ابو حنیفہ کا قول ہے کہ محرم جس جگہ طعام کا صدقہ دینا چاہیے اس کے لیے ایسا کرنا جائز ہے۔ کیونکہ آیت (**او کفارہ طعام مساکین**) میں تمام مساکین کے لیے عموم ہے۔ اس لیے کسی خاص جگہ کے مساکیں کی تخصیص کرنا درست نہیں"[75]

۳۔ روزے رکھنا

محرم کے لیے کفارے کی تیسری صورت روزے رکھنا ہیں۔ اور یہ روزے مساکین کو دیے جانے والے طعام کی مقدار کے برابر ہونگے۔

علامہ قرطبیؒ واضح کرتے ہیں کہ چونکہ روزہ کا ذکر کھانے کے بعد آیا ہے۔ اس لیے اس کا اندازہ کھانے سے ہی ہو سکتا ہے۔

"وعند اصحابنا یصوم عن کل مد یوما و ان زاد علی شهرین او ثلاثة"[76]

علامہ ابو بکر جصاص واضح کرتے ہیں کہ محرم طعام کے ہر نصف صاع کی بجائے ایک روزہ رکھے اور محرم کو یہ بھی اختیار ہے کہ چاہے تو کچھ دن روزہ رکھ لے اور چند مسکینوں کو کھانا کھلادے

" و قال ا صحابنا ان شاء المحرم صام عن کل نصف صاع من الطعام یوما وان شاء صام عن بعض و اطعم بعضا "[77]

ملا احمد جیون امیٹھویؒ لکھتے ہیں:

"محرم اگر روزہ رکھنا چاہے گا تو ہر مسکین کے حصہ میں جتنا طعام آئے گا۔ اس کے بدلے ایک روزہ رکھے گا کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد (او عدل ذلک صاما) کے مطابق ہے۔ یہ طعام کی یہ مقدار صدقۃ الفطر کے برابر ہے۔ یعنی نصف صاع گندم یا مکمل صاع جو یا کھجور اور اگر یہ مقدار میں کم ہوں تو محرم کو اختیار ہے کہ یہ کم مقدار صدقہ و خیرات کر دے یا اس کے بدلے ایک دن کا مکمل روزہ رکھ لے"[78]

۵۔ کفارہ ظہار

اسلام زندگی کے ہر شعبے میں اعتدال وتوازن قائم کرتا ہے۔ حسن معاشرت ہو یا عائلی زندگی کے مسائل ، معاشی تنگی ہو یا سیاسی بحران، عصبیت کا دور دورہ ہو یا زمانہ جہالت کے رسوم ورواج اسلام نے ہر دور میں ہر قوم کی ضرورت کے مطابق رہنمائی کی ہے۔

قبل از اسلام لوگ اپنی ازدواجی زندگی میں مختلف قبیح رسوم و رواج کی پیروی کرتے تھے۔ اُن کا مقصد صرف اور صرف اپنی بیوی کو مختلف حیلوں بہانوں سے تنگ کرنا ہوتا تھا۔ کبھی شوہر اپنی بیوی کو ماں سے تشبیہ دے دیتا تو کبھی وہ اپنی بیوی کے قریب نہ جانے کی قسمیں کھالیتا۔ اور ایسا کرنے سے وہ اپنی بیوی کو اپنے اوپر ابدی طور پر حرام سمجھنے لگتا تھا۔ یعنی ایلا اور ظہار زمانہ جاہلیت میں طلاق سمجھے جاتے تھے۔ قرآن کے نجما نجما نزول کے ساتھ ساتھ ان قبیح رسومات کا بھی خاتمہ ہوتا گیا۔ مومنوں پر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی بعثت، شرعی احکامات کی پیروی، ظاہر و باطن کا تزکیہ اور کتاب (قرآن مجید) وحکمت کی تعلیم کو ایک عظیم احسان گردانا[79]۔

قرآن وحدیث میں عائلی زندگی کے تمام پہلو، نکاح، طلاق، عدت، خلع، ظہار اور ایلا کے احکامات کی وضاحت کر کے زمانہ جاہلیت کی رسومات کا نہ صرف خاتمہ کیا گیا ہے۔ بلکہ کامیاب ازدواجی زندگی کے نمایاں پہلوں کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ تعلیمات نبوی کی بدولت جن قبیح رسومات کا خاتمہ ہوا ان میں ایک ظہار بھی ہے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ظہار کو طلاق کہا جاتا تھا:

" الظهار مصدر مأخوذ من الظهر مشتق من قول الرجل اذا ظاهر امراته (أنت على كظهر امى) و كان الظهار فى الجاهلية الطلاق۔ فلماء جاء الاسلام نهو عنه واوجبت الكفارة على من ظاهر من امرأته "[80]

سید مرتضٰی زبیدی نے بطن کے مخالف چیز کو (کمر، پشت، ریڑھ) کو ظہر کا نام دے کر اسم ظرف مکان کے معنوں میں لیا ہے۔

" الظهر من كل شىء خلاف البطن و هو من الاسمآء التى وضعت موضع الظروف" [81]

علامہ جرجانیؒ ظہار کے مفہوم کو واضح کرتے ہیں:

" الظهار هو تشبيه زوجته او ما عبر به عنها او جزء شائع منها بعضو يحرم نظره اِلَيه من اعضاء محارمه نسبا او رضاعا كامه وبنته واخته " [82]

زمانہ جاہلیت کی طرح ظہار کی بدولت بیوی مرد کے لیے مستقل حرام نہیں ہوتی بلکہ اصلا نکاح باقی رہتاہے اور مردوزن کی دوبارہ قربت کے لیے کفارے کی شرط کو لازمی قرار دیا گیاہے۔ جب تک مرد کفارہ ادانہ کرے اس پر عورت سے صحبت اور بوس وکنار کرنا حرام ہے۔ حضرت خولہؓ بنت ثعلبہ کے بار بار استفسار پر اللہ تعالیٰ نے ظہار کے کفارے کے متعلق حکم نازل فرمایا۔

(وَالَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِن نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُواْ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا ۚ ذَٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِۦ ۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا ۖ فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا)[83]

کفارہ ظہار کی تینوں صورتیں بالترتیب حسب قدرت انسان پر لازم ہیں اس میں انسان اپنی مرضی نہیں کر سکتا۔

ا۔ غلام آزاد کرنا۔ 2۔ دوماہ کے مسلسل روزے رکھنا 3۔ ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا

ظاہر (ظہار کرنے والا) ان صورتوں میں سے کسی ایک صورت میں کفارہ ادا کرکے عود کر سکتاہے اور اپنی کہی ہوئی بات واپس لے کر اپنی بیوی کی قربت حاصل کر سکتاہے۔ فقہاء مفسرین نے کفارہ کی ان تینوں صورتوں میں جو آراء بیان کی ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

ا۔ غلام آزاد کرنا

تمام فقہاء مفسرین کا اتفاق ہے کہ اگر مظاہر غلام آزاد کرنے کی قدرت رکھتا ہو تو اس پر ظہار کے کفارے میں کامل غلام آزاد کرنا ضروری ہے۔ غلام آزاد کرنے کی صورت میں بقیہ دونوں صورتیں دوماہ کے مسلسل روزے اور ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا ختم ہوجائیں گی۔ تاہم رقبہ کے مؤمن یا کافر ہونے میں فقہاء مفسرین کا اختلاف ہے۔

امام شافعیؒ کفارہ ظہار میں بھی مؤمن کی شرط لگاتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وقال الشافعی لایجزیه تحریر رقبه علی غیر دین الا سلام۔"[84]

امام شافعیؒ اپنے مؤقف کی ایک اور دلیل پیش کرتے ہیں:

" کما شرط اللہ تعالیٰ العدل فی الشهادة فی مو ضعین واطلق الشهود فی ثلاثة مواضع "[85]

یعنی اللہ تعالیٰ نے قرآن میں دو مقامات پر گواہ کے ساتھ عدل کی شرط لگائی ہے۔ جبکہ تین مقامات پر صرف گواہ کا تذکرہ کیا ہے۔ آیا کہ تین مقام پر گواہ کا عادل ہونا ضروری نہیں اسی طرح رقبہ سے مراد رقبہ مؤمنہ ہے۔

علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں:

" ای فعلیه اعتاق رقبة یقال حررته ای جعلته حرا ثم هذه الرقبه یجب ان تکون کامله سلمه من کل عیب "[86]

علامہ علیمی مقدسی حنبلی لکھتے ہیں:

" والکفارة علی الترتیب یجب علیه عتق رقبة سلیمة من العیوب الفاحشة "[87]

پس ظہار کے کفارہ میں مومن وغیر مؤمن رقبہ دونوں کو آزاد کرنا جائز ہے کیونکہ نص میں اللہ تعالیٰ نے مطلق غلام کا ذکر کیا ہے۔

علامہ ابو بکر جصاص واضح کرتے ہیں کہ " قرآن وحدیث میں مطلق غلام (کافر/مؤمن) کے آزاد کرنے کا حکم ملتا ہے قرآن کی نص (**فتحریر رقبة**) ظاہر کرتی ہے کہ اس میں مؤمن کے ساتھ کافر بھی آسکتا ہے۔اور جب ظہار کرنے والے حضرت اوس بن صامتؓ سے ارشاد فرمایا (**اعتق رقبة**) تو یہاں بھی آپ ﷺ نے مؤمن اور کافر غلام کی کوئی قید نہیں لگائی تھی پس کفارہ ظہار کو کفارہ قتل پر قیاس کرنا ٹھیک نہیں ہے "[88]۔

ملا احمد جیون امیٹھویؒ رقمطراز ہیں:

> "آیت کریمہ میں لفظ "رقبہ" ذکر کیا گیا ہے اور مطلق حق وصف میں اپنے
> اطلاق پر رہتا ہے لہٰذا مؤمن غلام ہو یا کافر غلام دونوں میں سے کسی ایک کا آزاد کرنا
> جائز ہوگا اور "مطلق" حق ذات میں فرد کامل کی طرف لوٹتا ہے" [89]

۲۔ دوماہ کے مسلسل روزے

ظہار کے کفارے کی دوسری صورت دوماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: (فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا)[90]

آپ ﷺ نے حضرت اوس بن صامت اور سلمہ بن صخرؓ کو غلام پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں دوماہ کے مسلسل روزے رکھنے کی تلقین کی[91]۔

علامہ قرطبیؒ واضح کرتے ہیں کہ صوم ظہار کے درمیان کی گئی وطی سے ہر حال میں تتابع باطل ہو جائے گا۔

" اذاوطی المظاهرفی خلال الشهرین نهارا بطل التتابع بکل حال ووجب علیه ابتداء الکفارة "[92]

یعنی امام مالکؒ کے نزدیک ہر حال میں تتابع باطل ہو جائے گااور اس پر ابتداء سے کفارہ واجب ہو جائے گا۔

جبکہ "امام شافعیؒ کے نزدیک رات کاوقت تتابع کو باطل نہیں کرتا کیونکہ رات روزے کا محل نہیں"[93] علامہ علیمی مقدسی حنبلی لکھتے ہیں " مظاہر جب کفارۃ ظہار کے روزے رکھے گا تو اس دوران رمضان، عیدین، ایام تشریق کے روزے تتابع باطل نہیں کرتے جبکہ جمہور کے نزدیک ظہار کے روزوں کے دوران دیگر قسم کے روزے تتابع کو باطل کر دیتے ہیں "۔[94]

۳۔ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا

ظہار کے کفارے کی تیسری صورت ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ارشاد باری تعالی ہے۔

(فَمَن لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ فَإِطۡعَامُ سِتِّينَ مِسۡكِينًا)[95]

شافعی فقہاء لکھتے ہیں کہ :

" کفارہ ظہار میں طعام کی صورت میں ہر مسکین کو ایک صاع گندم یا نصف صاع کھجور یا جو دیا جائے۔ "[96]

امام ابوالحسن علی الماوردی امام شافعیؒ اصول کی وضاحت کرتے ہیں کہ "جب مطلق مقید کی جنس سے ہو تو مطلق کو مقید پر محمول کر دیا جاتا ہے"[97] یعنی ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانے سے پہلے بیوی سے ہمبستری کرنا ایسے ہی ممنوع اور حرام ہے جیسا کہ غلام آزاد کرنے سے پہلے یا ساٹھ روزے رکھنے سے پہلے حرام ہے

علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ مسکین کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانا واجب ہے اور افضل رسول کے حساب سے دو مد ہیں۔

" لکل مسکین مدان بمد النبی□ وافضل ذلک فواجب قصد الشبع "

98

علامہ علیمی امام احمد کا نقطہ نظر واضح کرتے ہیں کہ کفارے میں وہی چیزیں دی جاءیں دی جاتی ہیں جو فطرانے دی جاتی ہیں۔

" وقال احمد المخرج فی الکفارۃ مایخرج فی الفطرۃ،وھوالبر، والشعیر، ودقیقھما، اوسویقھما، وھو بر او شعیر یحمص، ثم یطحن، والتمر، والزبیب، والاقط"[99]

علامہ ابو بکر جصاصؒ حنفی مذہب کو راجح قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"فقال اصحابنا والثوری لکل مسکین نصف صاع بر او صاع تمر او شعیر"[100]

علامہ ابو بکر جصاصؒ واضح کرتے ہیں کہ ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے یعنی ہر مسکین کو ایک صاع یا ساڑھے تین سیر صاع آئے گا۔

علامہ ابن قدامہ لکھتے ہیں:

"ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا تسلسل اس لیے ضروری نہیں کہ اللہ نے بھی تسلسل کی قید نہیں لگائی۔"[101]

ملا احمد جیون لکھتے ہیں:

"ساٹھ مسکینوں کا طعام اللہ تعالی نے مطلق ذکر فرمایا ہے اس کے ساتھ من قبل ان یتماسا کی قید نہیں لگائی لہٰذا کھانا کھلانے کو روزہ رکھنے اور غلام آزاد کرنے کے کفارے پر محمول نہ کیا جائے۔ کیونکہ مطلق اپنے اطلاق پر رہتا ہے اور اس کو مقید پر محمول نہیں کیا جائے گا"[102]

صاحب ہدایہ کی رائے بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اطعام کے ساتھ من قبل ان یتماسا کی شرط نہیں لگائی۔ لہٰذا امام ابو حنیفہؒ اور دیگر آئمہ کے نزدیک دوران اطعام وطی سے نئے سرے سے کھانا دینے کی ضرورت نہیں[103]۔

نتائج تحقیق

1. فقہاء مفسرین کا اتفاق ہے کہ بغیر کسی جواز کے رمضان المبارک کا روزہ توڑنے پر کفارہ واجب ہوتا ہے۔
2. حنفیہ ومالکیہ کے نزدیک روزہ کو توڑ کر کفارے کا سبب بننے والی اہم چیز دانستہ جماع کرنا اور عمداً کھانا پینا ہے۔

3. قتل خطاء کے کفارے میں مطلق غلام کا ذکر نہیں۔ بلکہ غلام کے ساتھ مؤمن کی قید لگا کر واضح کیا گیا ہے غیر مسلم کافر، مجوسی، یہودی وغیرہ آزاد نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ آزاد کیا جانے والا غلام صحیح سالم، بے عیب اور ایمان والا ہو۔
4. قسم توڑنے کے کفارے میں حانث کو تین امور (کھانا کھلانا، کپڑے پہنانا یا غلام آزاد کرنا) میں سے کسی ایک صورت میں کفارہ ادا کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ ان امور پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں تین دن کے روزے رکھنا ہیں۔
5. جمہور فقہاء مفسرین کے نزدیک حالت احرام میں شکار کرنے کی تینوں صورتوں میں محرم کو اختیار ہے وہ جس میں چاہے کفارہ ادا کرے جبکہ حنبلی فقہاء ترتیب کو مد نظر رکھتے ہیں۔
6. شافعی فقہاء کفارے کی دوسری صورت طعام کو مکہ کے مساکین کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں جبکہ احناف کے نزدیک طعام تمام مساکین کیلئے عموم کی حیثیت رکھتا ہے۔
7. حنفی فقہاء مفسرین صید المحرم کے کفارے میں روزے اور طعام کو ملا کر رکھنے کے قائل ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے طعام کو روزے کے مساوی اور مثل قرار دیا ہے۔ اور یہ صرف کفارہ صید المحرم میں ہے کفارہ یمین میں نہیں۔
8. احناف کے نزدیک ذمی کا ظہار اس لیے معتبر نہیں کہ نص میں خطاب مسلمانوں سے ہے۔

حوالہ جات و حواشی

1۔ آل عمران 3: 195

2۔ الز مر 35:39

3۔ ہود ۱۱: ۱۱۴

4 ۔ الافریقی ، جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور ، لسان العرب ، دار احیاء التراث العربی بیروت،۱۹۸۸، ج5 ،ص 148

5۔ الجوہری، ابو نصر اسماعیل بن حماد ، الصحاح فی اللغة، دارالحدیث القاہرہ 2009/1430 ، ص 3 100 تا 4 100

6 ۔ زبیدی ،سید مرتضیٰ ،تاج العروس ، ،ج14، باب الراء ،ص 40 ۔ 44

7۔ اردو دائرہ معارف اسلامی، ج ۱۸ ،ص 336

8۔ احمد فتح بہنسی ڈاکٹر ،القصاص فی فقہ الاسلامی ، مترجم سید عبدالرحمن بخاری، مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور ، ص 194

9 ۔ عودہ، عبدالقادر ، التشریع الجنائی الاسلامی ، دارالکتب العربی بیروت ، ج1،ص 483،

10۔ رشدی ،محمد بسام ، المعجم المفہرس لمعا نی القرآن الکریم ، دارالفکر معاصی بیروت، ج 1،ص

1000
11۔ الذاریات ۵۱ :۵٦
12۔ نیشا پوری ، امام مسلم بن حجاج ، جامع صحیح مسلم،باب فضل الصیام،ج۲، ص۸۰۷، حدیث ۱۱۵۱
13۔ وہبۃ الزحیلی ،ڈاکٹر ، الفقہ الاسلامی وادلتہ، ج ۳ ، ص ۱۸ ۔۲۲
14۔ بخاری ، امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل ، جامع صحیح البخاری، کتاب الصوم ،باب اذ جامع فی رمضان، دارالسلام للنستر والتوزیع الریاض ۱۹۹۰ ،ص ۱۵ ،حدیث ۱۹۳٦
15۔ شافعی ، امام محمد بن ادریس ،احکام القرآن للشافعیؒ، دار القلم بیروت لبنان ، ج ۱، ص ۱۰۸-۱۰٦
16۔ الجصاص،امام ابو بکر احمد بن علی الرازی ،احکام القرآن ، دارا حیاءالتراث العربی بیروت ۱۴۰۵ھ ، ج۱، ص ۴۷۷
17۔ کاسانی ، علامہ ابوبکر بن مسعود علاؤ الدین ،بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع، دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۹۸٦ء ، ج۲، ۹۳
18۔ ابن قدامہ، ابو عبداللہ بن احمد بن محمد، المغنی، دار الکتاب العربی بیروت لبنان ، ج۳، ص، ۱۲-۱۲۷
19۔ الشربینی، علامہ شمس الدین محمد بن الخطیب،مغنی المحتاج إلى معرفة معانی ألفاظ المنہاج، ، دار المعرفہ بیروت لبنان، 1418ھ/ 1997م.، ج۱، ۴۳۱-۴۲۹
20۔ ابن الہمام ، علامہ کمال الدین ،شرح فتح القدیر،دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان ج۲، ص ۷٦-۷
21۔ الشرح الصغیر ج۱، ص ۲۰۹-۲۰۷
22۔ ایضا
23 ۔ الانبیاء 21 :۱۰۷
24 ۔ المائدہ 5 : 32
25 ۔ بنی اسرائیل 17 :70
26۔ البقرہ ۲: 178
27 ۔ النساء 4: 92
28۔ شافعی ، امام محمد بن ادریس ،احکام القرآن للشافعیؒ، دار القلم بیروت لبنان ،ج 1 ،ص 282
29 ۔ شافعی ، امام محمد بن ادریس ،احکام القرآن للشافعیؒ، دار القلم بیروت لبنان ،ج 1 ،ص 282
30۔ قرطبی، علامہ ابو عبد اللہ، الجامع لاحکام القرآن ،ج ۷، ص ۱۰-۱۴
31۔ ابن العربی ، امام ابوبکر محمد بن عبداللہ ،احکام القرآن، دارالکتب العلمیہ العربی بیروت لبنان، 1431 ھ/ 2000م ، ج1 ، ص404
32۔ الجصاص،امام ابو بکر احمد بن علی الرازی ،احکام القرآن ، دارا حیاءالتراث العربی بیروت ۱۴۰۵ھ ، ج3، ص 198
33 ۔ بخاری ، امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل ،جامع صحیح البخاری ،باب فی اولاد المشرکین،ج2،ص100،حدیث 1385
34 ۔ الصابونی، محمد علی ،روائع البیان تفسیر آیات الأحکام من القرآن ، مکتبہ الغزالی دمشق شام، 1400ھ/ 1980م ،ج1 ،ص 500
35۔ النور ۲۴ :۵۳
36۔ لوئس معلوف ،المنجد، مترجم:مولانا عبد الحفیظ بلیاوی، خزینہ علم وادب الکریم مارکیٹ اردو

بازارلاہور.،ص148،

37۔ الحاقہ ٦٩ :٣٥

38 ۔ الجزیری ، عبدالرحمن ، کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ، داراحیاءالتراث العربی بیروت، لبنان١٤٣٤ھ/٢٠٠٣ء ،
ج2، ص61

39 ۔ عبید اللہ بن مسعود، شرح وقایہ، طبع کراچی، ج2، ص230 ،

40 ۔ السید سابق ،فقہ السنہ، ، دارالحدیث القاہرۃ مصر، 1425ھ/ 2004م ، ص 887

41 ۔ ایضا ، ص 888

42 ۔ البیہقی ،احمد بن حسین ابوبکر ،السنن الکبری، ، تحقیق:محمد عبد القادر ،دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان١٤٢٤ھ/٢٠٠٣ء، ج٧،ص٥٨٤،حدیث١٥٠٩٤

43 ۔ المائدہ 89:5

44 ۔ جامع صحیح مسلم،باب ندب من حلف یمینا،ج ٣،ص١٢٧٢،حدیث ١٦٥٠

45۔ احکام القرآن للشافعیؒ ، ج٢، ص ١١٢

46 ۔ احکام القرآن لا بن العربی ، ج٢،ص ١٥٧

47۔ الانعام 6:14

48۔ احکام القرآن ،لا بن العربی ، ج٢، ص ١٥٨

49 ۔ احکام القرآن للجصاص، ج٣، ص ١١٧

50 ۔ *مد ایک پیمانہ ہے جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل یعنی اسی تولے اور اہل مجاز کے نزدیک* $1\frac{1}{3}$ *رطل ہے۔*

51 ۔ امیٹھوی ، ملا احمد جیون ،التفسیرات لاحمد یہ فی بیان الآیات الشرعیۃ ، ص ٤٠٣

52۔ محمد صدیق حسن خان ،نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام، ص٢١٨

53۔ احکام القرآن للشافعی ، ج ٢، ص ١١٤

54۔ سعیدی ،علامہ غلام رسول ،تبیان القرآن ، ج٣، ص٢٩٥

55۔ نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام ،ص٢١٨ مطبع رحمانیہ مصر

56۔ احکام القرآن للشافعی، ج٢،ص١١٤

57۔ علامہ علیمی مقدسی حنبلی ، فتح الرحمن فی تفسیر القرآن ، ج ٢، ص ٣٣٧

58۔ آل عمران 97:3

59۔ البقرہ 196:2

60۔ تاج العروس، ج 18 ،ص 302-306

61۔ الکیا الہراسی ،عماد الدین محمد الطبری ،احکام القرآن، ج 3، ص 104

62۔ احکام القرآن للجصاص، ج٣، ص132

63۔ المائدہ 5 : 95

64۔ احکام القرآن للشافعی ، ج 1، ص 122

65۔ قرطبی ،امام ابو عبداللہ ،الجامع لاحکام القرآن، ج 8، ص 195

66۔ علامہ علیمی مقدسی حنبلی ، فتح الرحمن فی تفسیر القرآن ،ج2،ص 243

67۔ طحاوی ،علامہ ابو جعفر احمد بن محمد ،احکام القرآن ، ج2، ص 277

68۔ احکام القرآن للجصاص، ج 4،ص 134

69۔ التفسیرات الاحمد یہ فی بیان الایات الشرعیہ، ص 524

70۔ احکام القر أن للشافعی ، ج ۱، ص ۱۲۹
71۔ ایضا
72۔ الکیا الہراسی ،عماد الدین محمد الطبری ،احکام القرآن، ج 3، ص ۱۱۳
73۔ الجامع لاحکام القرآن، ج 8 ، ص 203-204
74۔ احکام القرآن للجصاص ، ج 4، ص 140
75۔ ایضاً ،ص141
76۔ الجامع لاحکام القرآن ، 8 ، ص 206
77۔ احکام القرآن للجصاص ، ج4، ص 142
78۔ التفسیرات الاحمدیہ فی بیان الایات الشرعیہ، ص 524
79۔ آل عمران 164:3
80 ۔ لسان العرب، ،ج 4 ، ص 528
81 ۔ تاج العروس، ج12، ص 479
82 ۔ جرجانی ،علامہ علی بن محمد سید شریفؒ ،معجم التعریفات، دارالفضیلۃ قاہرہ جدیدہ ، ص 122
83 ۔ سورۃ المجادلہ 4،3:58
84 ۔ احکام القرآن للشافعی ،ج۱، ص 236
85 ۔ احکام القرآن للشافعی ،ج۱ ، ص 236
86 ۔ الجامع لاحکام القرآن ، ج 20، ص 298
87 ۔ فتح الرحمن فی تفسیرالقرآن ، ج 6،ص 554
88۔ احکام القرآن للجصاص ، ج ۵ ، ص ۳۱۲
89 ۔ التفسیرت الاحمدیہ فی بیان الایات الشرعیۃ ، ص 918
90۔ المجادلہ 58: 4
91۔ البیہقی، ابوبکر احمد بن حسین، السنن الکبری، ج ۷ ، ص۶۳۲
92 ۔ الجامع لاحکام القرآن ، ج30 ، ص 402
93۔ احکام القران للشافعی، ج ۱ ، ص ۲۳۶
94 ۔ فتح الرحمان فی تفسیر القرآن ، ج6، ص554
95 ۔ المجادلہ 4:58
96 ۔ مغنی المحتاج، ج3، ص366
97 ۔ الماوردی ،امام ابوا لحسین علی بن محمد حبیب ،الحاوی الکبیر ، دارلفکر بیروت 1414ھ ،ج13، ص446
98 ۔ الجامع لاحکام القرآن ، ج20،ص 301
99 ۔ فتح الرحمان فی تفسیر القرآن ، ج6، ص555
100 ۔ احکام القرآن للجصاص ، ج5، ص313
101 ۔ ا بن قدامہ ،محمد بن احمد ،المغنی مع الشرح الکبیر ، دارالفکر بیروت، ج8، ص607
102 ۔ التفسیر ات الاحمدیہ فی بیان الایات الشر عیہ ، ص920
103۔ المر غینا نی ،ابو الحسن علی بن ابو بکر ،الہدایہ، ، ج 2، ص 110

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

حقِ مریض اور اس کے اسرار و رموز کی حفاظت: اسلامی احکامات و تعلیمات

(Right of Patient and Protection of His Privacy: Islamic Rulings & Teachings)

*** حافظ شوکت علی**
لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ ایچی سن کالج، لاہور
****ڈاکٹر محی الدین ہاشمی**
پروفیسر/چیئرمین، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ و ثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

It is the innate desire of every healthy person to lead an honorable, healthy and safe life, and no one should hurt or provoke others to act against their wishes. Islam satisfies our desires and guarantees the sanctity of life, freedom of thought and action and the peaceful satisfaction of human needs. But we may need the help of our colleagues. As in medical and reconstructive surgery, a Surgeon may have to touch or dissect an innocent body to protect it from certain diseases and conditions. We are also advised to take care of our companions after death and not to speak ill of them or reveal their secrets in their lives or after death. Therefore, it is advisable not to slander, spy on others or pursue the secrets of those around us. In cosmetic applications, plastic surgery and medical practices one can find some other top secrets, but such secrets should not be shared or revealed for any purpose. Persons convicted of a crime may be punished according to the nature of the damage. In some cases, doctors and their supporters are excluded. Since the secret in question may be linked to the national interest, such secrets may be disclosed to the competent authorities only in the public interest.

انسان کو اللہ تعالیٰ نے آزادی بدن اور حریت فکر دی ہے، اور اسے اپنی زندگی آزادی کے ساتھ گزارنے کا حق دیا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے:

﴿وَقُلِ اعۡمَلُوۡا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمۡ وَرَسُوۡلُهٗ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ﴾ [1]

(اور آپ کہہ دیجیے کہ تم عمل کرو، عنقریب اللہ اس کا رسول اور مومن تمھیں دیکھ لیں گے)

لیکن آزادی فکر و عمل میں رہنمائی دی گئی ہے کہ وہ بذات اپنے ارادہ نیت سے صالح بنیں اور نیک عمل کریں:

﴿وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾[2] (اور نیک اعمال کرو)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا﴾[3]

(اے ایمان والو! بہت سی بدگمانیوں سے بچو، بلاشبہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں، اور تم جاسوسی نہ کرو)

اسی طرح حدیث میں آیا ہے:

"اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا"[4]

(شک و شبہ کرنے سے بچو، کیونکہ شک کرنا بڑا جھوٹ ہے۔ ٹوہ میں رہنے اور ایک دوسرے کے بھاؤ پر بڑھا کر بھاؤ لگانے سے بچو، اور ایک دوسرے سے حسد نہ رکھو)

اسی طرح کسی دوسرے شخص کے گھر میں اس کی اجازت کے بغیر داخل ہونے سے بھی روکا گیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا﴾[5]

(اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ، جب تک کہ اجازت نہ لے لو، اور وہاں کے رہنے والوں کو سلام نہ کر لو)

ایک دوسرے کے رازوں کی حفاظت کرنا اور خفیہ امور کے پیچھے نہ لگنا ہر مسلمان کی ذمے داری ہے۔ ہر چھوٹے کو اس فرض کا خیال کرنا ضروری ہے۔

حضرت عمرؓ کے بارے میں آیا ہے کہ ایک دفعہ رات کی تاریکی میں انہیں مدینہ منورہ کے ایک مقام کچھ لوگوں کے بارے میں شک گزرا وہ چھپ کر شراب نوشی کر رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے دیوار سے جھانکا اور انہیں دھر لیا۔ انہوں نے آپؓ پر اعتراض کیا کہ "پہلے آپؓ نے تین جرم کیے ہیں۔" پہلا یہ ہے:

"تَجَسَّسْتَ عَلَيْنَا"

آپؓ نے ہماری ٹوہ لگائی ہے اور جاسوسی کی ہے۔ دروازے کے ذریعے آنے کی بجائے دیوار پھلانگی ہے، اسی طرح سلام کہے بغیر پل پڑے۔ حضرت عمرؓ نے کہا: اپنی عمر دیکھیں اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی دیکھیں! انہوں نے کہا: اگر ہم نے ایک نافرمانی کی ہے: تو آپؓ نے تین نوعیت کی نافرمانی کی، آپؓ نے جاسوسی کی، دروازے کی بجائے دیوار سے جھانکا اور سلام کہے بغیر پل پڑے۔[6]

اسرار اور خفیہ امور، معنی و مفہوم

سر اور راز کیا ہے؟ عربی مصادر میں راز اور مخفی امور کے لیے مادہ "س ر ر" سے ''سِرّ'' اور "خ ف ی" سے ''خفی'' استعمال کیے گئے ہیں۔ جیسا کہ قرآن کریم میں آیا ہے:

﴿فَإِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى﴾[7]

(یقیناً وہ پوشیدہ اور پوشیدہ تر بات کو جانتا ہے)

''السّرّ'' کی جمع ''السَّرائر'' ایسی چیز جسے آپ پوشیدہ اور مخفی رکھیں۔ 'اظہار' اور 'اعلان' کرنا اس کی ضد استعمال کیے گئے ہیں۔[8]

اس طرح ''السِّرّ'' ہر اس چیز اور معاملے پر بولا جاتا ہے، جسے انسان دوسروں سے مخفی رکھنا چاہے۔[9]

قرآن کریم میں ''السِرّ'' کی ضد "اعلان" آئی ہے۔

﴿الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً﴾[10]

(وہ لوگ جو اپنے مال رات اور دن، چھپے اور کھلے خرچ کرتے ہیں)

اور ''جھر''

﴿وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ﴾[11]

(اور تم اپنی بات کو چھپاؤ، یا اسے بلند آواز سے کرو (برابر ہے)۔آئی ہیں۔

''السّرّ'' کا اصطلاحی مفہوم

اس لفظ کے اصطلاحی مفہوم کو مجمع الفقہ الاسلامی نے اس طرح دیا ہے: "اس سے مراد وہ سب امور ہیں جسے کوئی شخص دوسرے فرد کو پہلے یا بعد میں اعتماد میں لے کر پوشیدہ طور پر پہنچائے۔ اس میں عرف عام کے مطابق ایسے قرائن اور شواہد کا ہونا ضروری ہے۔ جو کسی امر کو پوشیدہ اور خفیہ رکھنے پر دلیل ہوں، جس طرح کہ کچھ اس طرح کے انسانی خصوصیات اور عیوب و نقائص کا ہونا جنہیں کوئی فرد لوگوں سے چھپانا چاہتا ہو۔"[12]

السر کی جدید تعریف

دور حاضر کے بعض علماء نے ''السِرّ'' کی تعریف یہ کی ہے:

"اس سے مراد ہر ایسی بات کو خفیہ رکھنا ضروری ہے جسے اگر پوشیدہ نہ رکھا جائے تو نقصان اور ضرر ہونے کا قوی احتمال ہو۔"[13]

اختلاف الفاظ کے ساتھ اس طرح کی دیگر الفاظ میں تعریفات کی گئی ہیں، ''سِرّ'' اور "خفیہ امور" کے معنی

و مفہوم کی تحدید کرنے میں مختلف معیار مد نظر رکھے گئے ہیں۔ مثلاً

۱۔ ضرر اور نقصان

بعض علماء نے راز اور خفیہ امور کو پوشیدہ رکھنے کا معیار ضرر اور نقصان قرار دیا ہے، جیسا کہ بعض نے ایسا راز افشاء کرنے کو ممنوع قرار دیا ہے، جن کے افشاء کرنے سے نقصان اور ضرر ہو:

"کل ما یضر افشاؤہ بسمعة مودعه أو کرامته"[14]

(ہر ایسا امر جس کا افشاء کرنا شہرت یا عزت و توقیر کو نقصان دے)

قانون کے بعض ماہرین نے بھی قانونی لحاظ سے اسرار اور رموز کے افشاء کرنے کی ممانعت کا معیار ضرر ہی قرار دیا ہے۔[15]

۲۔ ارادہ

بعض نے اسرار و رموز کا معیار صاحب السر کا نظریہ اور ارادہ قرار دیا ہے، لیکن اس نظریہ کو قبول نہیں کیا گیا۔[16]

۳۔ نوعیت اسرار و رموز

بعض کے نزدیک ایک اسرار اور رموز بذات خود ہی دلیل ہیں کہ انھیں افشاء نہ کیا جائے۔

۴۔ شرعی مصالح

بعض نے شرعی مصالح کو اسرار و رموز کا معیار قرار دیا ہے۔ اگر کوئی شرعی مصلحت ملحوظ نہ ہو تو ایسے راز کو چھپانا ضروری نہیں، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

" إِنَّ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، الرَّجُلَ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهِ، وَتُفْضِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا"[17]

(لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے ہاں بدترین شخص قیامت کے دن وہ ہوگا جو اپنی زوجہ کے پاس جائے اور وہ اس کے پاس جائے، پھر وہ اس کا راز عام کرنے لگے)

جیسا کہ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے کسی کام کے لیے بھیجا۔ میں اپنی والدہ کے پاس رکا تو انہوں نے آنے کی وجہ پوچھی، میں نے عرض کیا: ((إِنَّهَا سِرٌّ)) "وہ تو ایک راز ہے۔" تو وہ کہنے لگیں:

"لَا تُحَدِّثَنَّ بِسِرِّ رَسُولِ اللهِ أَحَدًا"[18]

(رسول اکرم ﷺ کا راز افشاء نہ کرنا)

ترجیح:......ان نظریات میں شرعی مصلحت زیادہ معتبر اور جامع ہے۔ قانونی لحاظ سے بھی یہی معیار مسلم ہے۔ کاسمیٹک سرجری میں معالج، فیشن اور بیوٹی کے سنٹر کے متعلق راز اور افشاء سِرّ کو دیکھا جائے تو شرعی مصلحت اور معیار کا

اطلاق موزوں تر نظر آتا ہے۔ کاسمیٹک سرجری کے اداروں، فیشن اور بیوٹی سے متعلق افراد سے عورتوں کے متعلق راز افشاء ہوتے ہیں، جبکہ شرعی اعتبار سے یہ اسرار افشاء قطعاً حرام ہے۔ جیسا کہ آیا ہے:

"الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ"[19]

(مجلس وملاقات امانت ہیں)

انواعِ اسرار ورموز

مصدر کے اعتبار سے اسرار کی تین اقسام ہیں:

۱۔ازدواجی اسرار: خاوند کی اور بیوی کی آپس میں لباس کی سی ہے۔

﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ﴾[20] (وہ آپ کا لباس اور آپ ان کا لباس ہیں)

ازدواجی زندگی کے راز افشاء کرنا حرام ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے: "اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ"[21]

حدیث سے استدلال کرتے ہوئے امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ "ازدواجی زندگی کے متعلق مرد وزن کا راز افشاء کرنا حرام ہے۔"

۲۔ پیشہ ورانہ اسرار ورموز

پیشہ ورانہ اور فنی مہارت کے لیے مصادر میں عمل، المِهْنَة جمع، مِهَن تحریک، خدمة وغیرہ کے الفاظ آئے ہیں۔[22]

اسلام میں حلال اور جائز ذرائع والے تمام پیشے جائز رکھے گئے ہیں۔ ہر پیشہ کے مخصوص اسرار اور رموز کے مطابق ان کی حفاظت کرنا۔ یہ پیشہ اختیار کرنے والوں کی ذمے داری اور فرض ہے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ إِلَّا ثَلَاثَةَ مَجَالِسَ: سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ، أَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ، أَوْ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ"[23]

(مجلس کی باتیں امانت ہیں، سوائے تین قسم کی مجلس کی باتوں کے، ناحق قتل کرنے، بدکاری کرنے یا غاصبانہ طور پر کسی شخص کی جگہ پر قبضہ کرنے کے بارے میں مجلس کی باتوں کا راز رکھنا امانت نہیں)

اسی طرح حضرت انسؓ کے اس واقع سے بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کسی کام سے بھیجا، ان کی والدہ نے کام پوچھا تو حضرت انسؓ نے وضاحت کی کہ یہ ایک راز کی بات ہے تو آپ کی والدہ نے فرمایا:

"لَا تُحَدِّثَنَّ بِسِرِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا"[24]

(اللہ کے رسول ﷺ کا راز افشاء نہ کرنا)

کسی شخص کے اسرار اور رموز کا افشاء کرنا مذموم عمل ہے۔ ایک نوع کی خیانت ہے، اور دوسری چغل خوری بھی ہے جیسا کہ امام ماوردیؒ فرماتے ہیں: "کسی شخص کے اسرار کا افشاء کرنا اپنے اسرار و رموز افشاء کرنے سے بھی قبیح ہے۔"[25]

"بلکہ کسی شخص کے اسرار افشاء کرنا اس کا خون کر دینے کے مترادف ہے۔"[26]

البتہ بعض علماء نے پیشہ ورانہ اسرار و رموز کو ضرر اور نقصان کے ساتھ محدود کیا ہے۔ ان کے مطابق:

"اَنَّ السِّرَّ هُوَ مَا يَضُرُّ اِفْشَاءُهُ بِسُمْعَةِ مُوَدِّعِهِ وَ كَرَامَتِهِ"[27]

(راز وہ ہے جس سے متعلق کسی شخص کی عزت اور شہرت کو نقصان پہنچے)

۳۔ طبّی اسرار

جراحت ابدان اور علاج معالجہ میں معالج اور اس کے معاونین کو مریض کے بعض ایسے اسرار اور رموز سے واقف ہو سکتے ہیں جو کہ دیگر تمام لوگوں سے مخفی اور پوشیدہ ہوں۔ جیسے "طبّی تشخیص میں وہ مرض کے خفیہ اور پردہ والے اعضاء دیکھ سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں طبیب اور اس کے معاونین کا فرض یہ ہے کہ وہ شرعی آداب اور تعلیمات کا لحاظ کریں" [28]

طبّی اسرار میں صرف مریض یا علاج مرض ہی شامل نہیں بلکہ اس میں طبّی تشخیص، ایکسرے، نسخہ کا اجراء اور دیگر تمام تصاویر شامل ہیں جن تک معالج اور اس کے معاونین کی رسائی ہوتی ہے۔[29]

البتہ ایسی معلومات جو براہ راست طبّی تحقیق اور علاج معالجہ سے متعلق نہ ہوں ان کے افشاء کرنے یا نہ کرنے سے کوئی مضائقہ نہیں۔[30]

طبّی اسرار و رموز تاریخ میں

مریض کے طبّی اسرار و رموز رکھنے کا اولیں حوالہ معروف معالج اور طبیب بقراط یونانی کا آتا ہے۔ بقراط (۴۶۰۔ ۳۷۳ ق م) نے اپنے دور میں مریض کے طبّی اسرار کی حفاظت کا اہتمام کیا۔[31]

مریض کے طبّی اسرار و رموز کی حفاظت کرنے کے بارے میں ابن ابی صبیعہ نے نقل کیا ہے: "بقراط نے اوقات علاج میں مریض کے متعلق معلوم ہونے والے امور کی بابت خاموش رہنے کا حکم دیا ہے۔"[32]

اس احتیاط کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ڈاکٹر اور اس کے معاونین مریض کی ایسی باتیں بھی جان جاتے ہیں جن کی بابت اولاد، آباء اور بھائی بہنوں کو بھی علم نہیں ہوتا۔ اس لیے اطباء سے لوگوں کے اسرار و رموز کی حفاظت کرنے کا عہد لیا جاتا ہے۔[33]

مریض کے اسرار و رموز کی حفاظت کرنے کا عہد جنیوا کے اعلامیے ۱۹۴۷ء میں درج کیا گیا ہے: "معالج کے لیے ضروری ہے کہ وہ یہ اقرار کرے کہ "میں مریض کی زندگی اور بعد از وفات اس کے اسرار و رموز کی حفاظت کروں گا۔"

"I will respect the secrets which are confided in me, even after the patient had died''.[34]

طب اور جراحت میں رہنما اصول

قواعد طب اور اخلاقی ذمے داریوں کے بارے میں ابو بکر الرازیؒ نے اپنی کتاب اخلاق الطبیب میں ایک معالج اور طبیب کے بارے میں یہ اخلاق عالیہ بتائے:

"یَا بُنَیَّ اَنَّہٗ یَنْبَغِی لِلطَّبِیْبِ اَنْ یَّکُوْنَ رَفِیْقًا بِالنَّاسِ حَافِظًا لِغَیْبِهِمْ، کَتُوْمًا لِاَسْرَارِهِمْ، لَاسِیَمَا مِنَ الْمَرَضِ مَا یَکْتُمُہٗ مِنْ اَخَصِّ النَّاسِ بِہٖ، مَثَل: اَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَوَلَدِہٖ وَاِنَّمَا یَکْتُمُوْنَہٗ خَوَاصَّھُمْ وَیَفْشُوْنَہٗ اِلَی الطَّبِیْبِ ضرورۃً"[35]

(میرے بیٹے! ایک طبیب کو چاہیے کہ وہ لوگوں کا ہمدرد اور رفیق بنے، ان کے غائبانہ امور کی حفاظت کرے، اسرار و رموز کو چھپانے والا ہو، خصوصاً اپنے (مخدوم) مریضوں کے اسرار پردہ رکھے، بعض افراد کو ایسا مرض ہو سکتا ہے جسے وہ اپنے خواص اور قریبی افراد سے خفیہ رکھتے ہوں، جیسے والد، ماں، بھائی وغیرہ، طبیب کو وہ ضرورت (علاج) کے پیشِ نظر بتاتے ہوں)

اسی طرح حکیم جالینوس یونانی نے اپنے شاگردوں کو یہ نصیحت کی کہ

"وہ لوگوں کی باتیں ایک دوسرے کے سامنے نہ کرتے پھریں۔"[36]

بقراط اطباء سے حلف لیتا کہ "وہ محرم افراد سے غضِ بصر کریں، اسرار اور رموز افشاء نہ کریں۔"[37]

طبّی اسرار اور رموز کیا ہیں: طبّی اسرار و رموز کے مفہوم کے تعین میں اختلاف واقع ہوا ہے۔ جیسے

"کل ما یمس طمأنینة المریض وشرفه وعائلته"[38]

(ہر ایسا راز ہے جس میں مریض کا اطمینان و سکون مضمر ہو یا مریض کی یا اس کے اہل و عیال کی عزت و تکریم اس راز سے وابستہ ہو)

اور بعض نے کہا ہے "ہر وہ چیز جس سے کوئی معالج دوران طبّی عمل یا اس کے ذریعے سے جان پائے اور اس کے افشاء کرنے میں مریض یا اس کے اہل و عیال کے مقام و مرتبہ کے خلاف ہو۔"[39]

جب کہ بعض کی رائے یہ ہے:

"مَا یُعَهِّدُ بِهِ الْمَرِیْضُ إِلَی الطَّبِیْبِ عَلٰی أَنَّهٗ سِرٌّ وَلَوْ کَانَ مَعِیْبًا أَوْ مزریًّا بِالشَّرَفِ"[40]

(ایسی بات راز ہو گی جس کا کوئی مریض معالج کو عہد دے کہ یہ راز ہے، چاہے ایسی بات اچھی ہو یا بری، اس طرح مختلف الفاظ میں دیگر تعریفات بھی کی گئی ہیں۔ ان تعریفات کو دیکھا جائے تو "ہر ایسی بات جس سے کسی معالج کو طبّی عمل کے ذریعے سے علم ہو اور اس کے چھپانے میں مریض یا اس کے خاندان کی مصلحت مضمر ہو)[41]

اسرار و رموز کی بابت ابن ابی صبیعہ کی یہ رائے جامع ہے:

"هُوَ کُلُّ مَا لَا یُنْطَقُ بِهٖ خَارِجًا"[42]

(ہر بات جس کا سرِ عام اظہار نہ کیا جا سکے وہ راز ہے)

طبّی اسرار و رموز کی شرائط

کون سے ایسے اسرار و رموز ہیں جن کا طبیب سے راز رکھنا مطلوب ہے؟ کسی مریض کے اسرار کی بابت ایک طبیب دوست، ہمسایہ اور دیگر مختلف حیثیتوں میں بعض باتوں سے واقف ہو سکتا ہے، مگر یہ وہ طبّی عمل میں شامل نہیں، لہٰذا ان کا حکم بھی مختلف ہو گا۔ کسی امر کے لیے اسرار اور رموز کے حکم میں شامل ہونے کے لیے شرائط درج ذیل ہیں:

۱۔ ڈاکٹر اور معالج کو یہ معلومات طبّی عمل کے ذریعے سے حاصل ہوں۔[43]

اس میں ایسی معلومات شامل نہ ہوں گی جن سے طبیب کسی دیگر ذریعے سے واقف ہو یا کسی اور واسطہ سے اس کے علم میں آئیں۔

۲۔ یہ اسرار و رموز پوشیدہ رکھنے میں مریض کی مصلحت اور اس کا فائدہ مضمر ہو۔[44]

۳۔ ایسا امر لوگوں میں پہلے سے عام اور معروف نہ ہو۔[45]

۴۔ طبیب کو یہ معلومات بطور دوست، ہمسایہ یا بطور مہمان کے حاصل نہ ہوں۔[46]

افشاء اسرار و رموز

اسرار و رموز میں اصل تو کتمان اور رموز کا خفیہ رکھنا ہے، کیونکہ راز جب افشاء ہوا تو وہ راز نہیں، جیسا کہ حضرت علیؓ کا قول ہے۔

"سِرُّکَ أَسِیْرُکَ، إِذَا تَکَلَّمْتَ صِرْتَ أَسِیْرًا"[47]

(آپ کا راز آپ کا اسیر ہے جب تک کہ آپ اس کا اظہار نہ کریں، اگر یہ افشاء کر دیا تو آپ اس کے اسیر اور قیدی بن گئے)

اسرار و رموز کا افشاء نہ کرنا صبر کی ایک علامت ہے جب کہ ایسی قوم جس میں اسرار و رموز کو افشاء کر دے وہ کبھی

کامیاب نہیں ہو سکتی۔[48]

اسرار و رموز رکھنے میں نجات ہے جیسا کہ حضرت عقبہ بن عامرؓ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا: "نجات کیا ہے۔" تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"اَمْسِکْ عَلَیْکَ لِسَانَکَ وَلْیَسَعْکَ بَیْتُکَ وَاَبْکِ عَلٰی خَطِیْئَتِکَ"[49]

(اپنی زبان اپنے قابو میں رکھیں، آپ کا گھر آپ کے لیے کافی ہونا چاہیے، اور اپنی غلطیوں پر رویا کریں)

افشاء اسرار و رموز کی مختلف صورتیں

اسرار و رموز میں اصل تو کتمان سر ہی ہے، البتہ اس کے افشاء کی مختلف صورتیں ہیں۔

۱۔ **صورت جرم**:......افشاء اسرار بعض اوقات جرم بھی ہو سکتا ہے جیسے "طبیب کا ایسی معلومات اور اسرار کا افشاء کرنا جو اسے مریض کی طبّی تشخیص اور علاج معالجہ کے دوران حاصل ہوں۔" [50]

کاسمیٹک سرجری اور زینت و جمال کے مختلف طریقے اپنانے میں ماہرین اپنے زائرین (Customers) کے اجسام کی تفصیلات سے اچھی طرح واقفیت حاصل کر لیتے ہیں، یہ معلومات عام کرنا جرم ہے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ کو ایک مخنث کو گھر سے نکال دینے کا حکم دیا، کیونکہ اس مخنث نے ام سلمہؓ کے بھائی جناب عبداللہؓ کو بتایا کہ "اگر طائف فتح ہو گیا تو میں تمھیں بنت غیلان کے حسن و جمال کے بارے میں بتاؤں گا۔"[51]

زینت و جمال کے معلومات براہ راست حاصل ہوں یا کسی شخص کی زبانی یا ایکسرے (X-ray) اور تصاویر سے حاصل ہوں ان اسرار و رموز اور معلومات کا عام کرنا ممنوع ہے۔ اسی طرح عورتوں کو دیگر عورتوں کے جسمانی اوصاف اپنے خاوندوں کو بتانے سے روکا گیا۔ دور حاضر میں پردہ رکھنا زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ کیمرہ اصل سے بڑھ کر خوبصورت اور حسین و جمیل تصویر پیش کرتا ہے۔

عورتوں کا ہم جنس سے پردہ کرنا: اسلام نے اہل ایمان عورتوں کو ہم جنس مسلم اور غیر مسلم دونوں سے پردہ رکھنا چاہیے۔ اسی طرح میاں بیوی ایک دوسرے کے راز افشاء نہ کریں اور ایسا خاوند جو اپنی اہلیہ کے اسرار عام کرے اسے بدترین اس لیے قرار دیا گیا کہ وہ راز افشاء کرتا ہے۔[52]

۲۔ صورت جواز

بعض اوقات معالج یا دیگر افراد سے مصلحت عامہ کے پیش نظر افشاء اسرار کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے، تاکہ کسی مجرم کو ثبوت اور شہادت کے ساتھ سزا دی جا سکے یا کسی معصوم شخص سے حد ختم کی جا سکے۔ مصلحتِ عامہ کے پیش نظر افشاء اسرار کی یہ صورتیں ہو سکتی ہیں:

ا۔ **ولادت اور وفات:** کسی بچے کی ولادت کے سلسلے میں اگر طبیب راز افشاء کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ جیسا کہ عقیقہ کے سلسلے میں آیا ہے۔

"مَعَ الْغُلَامِ عَقِيقَةٌ فَأَهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا وَأَمِيطُوا عَنْهُ الْأَذَى"[53]

(بچے کے ساتھ اس کا عقیقہ بھی ہے، اس کی طرف سے خون بہاؤ اور اس سے تکلیف دہ چیز (بال) دور کرو)

اس سے ائمہ ثلاثہ نے اخذ کیا ہے کہ عقیقہ کرنا مندوب عمل ہے۔[54]

امام احمدؒ نے عقیقہ کرنے کو مسنون اور بعض نے واجب قرار دیا ہے۔ جب کہ دیگر علماء نے ولیمہ کی طرح اسے واجب قرار نہیں دیا۔[55]

اعلان وفات

کسی شخص کی وفات کا افشاء راز کرنا حرام نہیں، جیسا کہ نجاشی کی وفات کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے اعلان کیا۔

"نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى"[56]

(رسول اللہ ﷺ نے جناب نجاشیؓ کی وفات کا اس کی وفات کے دن اعلان کیا)

آپ ﷺ نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔ اس طرح کسی شخص کی ولادت یا وفات کے بارے میں راز افشاء کرنا گناہ نہیں۔

شہادت طبیب

بعض جرائم کے سلسلے میں طبیب سے شہادت مطلوب ہو سکتی ہے۔ اسی طرح دیگر کئی ایک معاملات میں ماہرین جلد کی شہادت معتبر ہو سکتی ہے، جیسے ثبوت اور شہادت نہ ہونے کی صورت میں پوسٹ مارٹم (Post-Mortem or autopsy) کیا جاتا ہے۔[57] اسی طرح تحقیق یا عدالتی معاملات میں کسی ماہر جلد کی شہادت بھی معتبر ہو سکتی ہے۔

اس صورت میں راز افشاء کرنا درست ہے۔

نبی کریم ﷺ کے سامنے لوگ اختلافی معاملات لے کر پیش ہوتے، اور آپ ﷺ شہادت پر فیصلہ کرتے، صحابہ کرامؓ میں سے بھی بعض فتویٰ دیتے تھے۔ اگر قاضی اور عدالت کے مطالبے پر شہادت دینا جرم نہیں۔ چاہے طبیب اور اس کے معاونین ہوں یا زینت و جمال سے متعلق دیگر افراد ہوں، وہ اگر گواہی دیں تو ان کی شہادت قبول کی جائے گی۔ ایک محتسب حلف لے کر شہادت یا دیگر طریقوں سے درست نتیجہ تک پہنچتا ہے۔[58]

متعدی امراض کی تشہیر

متعدی امراض ایڈز، طاعون یا پھلبہری وغیرہ جیسی اور وباء پھیلنے کے اندیشہ کے پیش نظر طبیب اور زینت وجمال کے ماہرین کا مرض اور مریض کے بارے میں افشاء راز کرنا جرم نہ ہوگا۔ دور حاضر میں تھلیسمیا، ایڈز، جلدی الرجی اور دیگر متعدی امراض ہیں۔ان کے بارے میں تشہیر کرنا اور افشاء راز کرنے کا مقصد مصلحت عامہ ہے لہٰذا اس طرح کا افشاء راز جرم نہیں۔ جیسا کہ مجلس مجامع الفقہ الاسلامی کے منعقدہ اجلاس (۱۴۱۴ھ۔ ۱۹۹۳ء برونائی دارالسلام) نے طے کیا کہ متعدی امراض کی صورت میں افشاء راز کرنا واجب ہے۔[59]

البتہ ایسے امراض جو متعدی نہ ہوں ان کا راز افشاء کرنا درست نہیں۔ متعدی امراض کے بارے میں علماء فرماتے ہیں، ''جذام (Leprosy) کا مریض عموماً لوگوں میں نہ آئے، اگر خاص کسی فرد کے پاس جانا ہو تو اسے پہلے مطلع کرے۔ اگر وہ اجازت دے تو درست ہے، انتظامیہ ایسے لوگوں کو ایک جگہ رکھے، جیسا کہ نبی کریم ﷺ اور خلفاء نے کیا تھا۔''[60]

تاکہ معاشرہ میں دیگر افراد کو متعدی امراض سے محفوظ رہیں۔[61]

غلط گواہی اور شہادت

جھوٹی شہادت دینا اور قبول کرنا دونوں سے روکا گیا ہے بلکہ ایسے شخص سے لوگوں کو بچانا ضروری ہے۔ اسلام میں اکبر الکبائر میں سے ایک ''شهادة الزور''، بھی ہے۔قرآن کریم میں ہے:

﴿فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ﴾[62]

(بتوں کی پلیدگی سے بچیں اور جھوٹے قول سے بچیں)

اسی طرح نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟» ثَلَاثًا «الْإِشْرَاكُ بِاللهِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَشَهَادَةُ الزُّورِ'' [63]

(کیا میں تمھیں اکبر الکبائر (گناہوں) سے آگاہ نہ کروں؟ یہ الفاظ تین دفعہ دہرائے: اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا اور جھوٹی بات کرنا)

جب کہ ایک روایت کے مطابق ''جھوٹی شہادت دینا۔''[64]

یہی وجہ ہے کہ اگر قصداً جھوٹی شہادت دینا ثابت ہو جائے تو اکثر اہل علم کے نزدیک اس شخص کو تعزیری سزا ہوگی اور اس کی تشہیر کی جائے گی۔[65]

اس بارے میں مذکور ہے کہ:

''اُذْكُرُوا الْفَاسِقَ بِمَا فِيهِ كَيْ يَحْذَرَهُ النَّاسُ''[66]

(فاسق آدمی کا اس طرح ذکر کرو کہ لوگ اس سے بچیں)

امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ اس طرح کے شخص کی تعزیر یہ ہے کہ اسے لوگوں کے سامنے بازار میں مسجد میں بلایا جائے اور کہا جائے:

"هٰذَا شَاهِدُ الزُّوْرِ فَاحْذَرُوْهُ" [67]

(یہ شخص جھوٹی گواہی دینے والا ہے، اس سے بچ کر رہیں)

معاجنین کہتے ہیں: "ایسے شخص کو کوڑے لگانا بھی تعزیر میں شامل ہے۔"

گمراہ کن تصانیف اور بدعت کا پرچار کرنے والے

بدعت کا پرچار کرنے والوں اور گمراہ کن تصانیف کرنے والوں کے اسرار افشاء کرنا جرم نہیں۔ جیسا کہ امام غزالیؒ فرماتے ہیں: "فاسق اور بدعتی علماء کے فسق اور بدعت سے بچنے کے لیے افشاء راز کرنا ضروری ہے۔"[68]

البتہ شرط یہ ہے کہ ایسے لوگوں کی تشہیر کرنے میں حقیقت سے تجاوز نہ کیا جائے اور ان لوگوں پر الزام عائد نہ کیا جائے اور ان کی حسد کی وجہ سے تذلیل یا تحقیر نہ کی جائے۔[69]

ارکان افشاء اسرار

افشاء اسرار میں مختلف لوگ مجرم ٹھہرائے جا سکتے ہیں۔ جیسے طبّی اسرار و رموز میں طبیب کے معاون تمام ایسے افراد جو مریض کے علاج اور تشخیص میں کردار ادا کریں، اسی طرح ماہرین زینت و جمال اور ان کے معاون وفراد جو عمل زینت و جمال میں کسی طرح بھی کردار ادا کریں۔ یہ سب یا ان میں سے کوئی رکن بھی ارتکاب افشاء اسرار کر سکتا ہے، لہٰذا ان میں سے کسی شخص کو افشاء راز کے بارے میں ذمے دار ٹھہرایا جا سکتا ہے۔[70]

افشاء اسرار اور سزا

افشاء اسرار ایسا جرم ہے جس کی سزا پر ظاہراً کوئی نص وارد نہیں، قاعدہ یہ ہے:

"لا جريمة ولا عقوبة إلا بنص"[71]

(جرم اور سزا دونوں دلیل کی بنیاد کر ہوتے ہیں)

اور "تعزیزی سزا میں کسی جرم کی کوئی خاص نص ہے اور نہ اس کی کوئی صفت مقرر کی گئی ہے۔[72]

قاضی جرم اور مجرم کی نوعیت کے اعتبار سے کم یا زیادہ سزا مقرر کر سکتا ہے۔[73]

تعزیزی سزا کا مقصد جرم کی روک تھام ہے، لہٰذا اس میں قاضی اور والی گناہ اور لوگوں کی نوعیت کے اعتبار سے کم یا زیادہ سزا دے سکتے ہیں۔[74]

جیسا کہ تعزیر کی یہ تعریف کی گئی ہے:

"هو تأديب على ذنوب لم تشرع فيها الحدود"[75]

(ایسے جرائم پر تادیبی سزا جس میں کوئی حد مقرر نہ کی گئی ہو)

بعض جرائم پر سزا مقرر نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اموال، معاشرہ اور ضرر کی نوعیت مختلف ہو سکتی ہے، لیکن اس معاملہ میں قانون بنانے میں مکمل آزادی نہیں دی گئی۔ تعزیری قانون اسلام کے قانون جرم اور سزا کی حکمت کے موافق ہونا ضروری ہے۔

تعزیزی سزا کی نوعیت

تعزیری سزا میں درج ذیل نوعیت میں سے کوئی ایک ہو سکتی ہے۔

۱۔ قانون کی مخالفت کرنے پر تعزیز۔

۲۔ مصلحت عامہ کی خاطر تعزیر۔

۳۔ معصیت اور نافرمانی پر تعزیر۔[76]

ان تینوں انواع کی تعزیرات کا لحاظ رکھا گیا ہے اور مختلف سزائیں مقرر کی گئی ہیں:

مخالفت قانون پر تعزیر:

قرآن وحدیث میں بہت سے قوانین وضع کیے گئے، جیسے:

﴿وَلَا تَجَسَّسُوْا﴾[77] "اور جاسوسی نہ کرو۔"

﴿فَاعْدِلُوْا﴾[78] "ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پورا کرو۔"

مگر ایسے قوانین کی مخالفت پر کوئی سزا نہیں دی گئی۔ لیکن مختلف وضعی قوانین میں اس بابت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔

۲۔ مصلحت عامہ میں تعزیری سزا

مصلحت عامہ ملحوظ رکھتے ہوئے مختلف نرم یا سخت سزائیں دی گئیں۔ امیر اور حاکم کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ تحقیق کے لیے تہمت لگے افراد کو روک لے۔[79] جیسے ایک شخص پر تہمتِ سرقہ لگی تو نبی کریم ﷺ نے اسے روک لیا لیکن جب ثابت ہو گیا کہ وہ شخص اس تہمت سے بری ہے تو آپ ﷺ نے اسے جانے دیا۔[80]

جب کہ ایک روایت کے مطابق نبی کریم ﷺ نے بنی غفار کے دو آدمیوں کو چوری کی تہمت پر روکا۔ پھر ایک شخص کو جانے دیا اور وہ دونوں اونٹ لے آیا اور اس کے بعد آپ ﷺ نے دونوں کو آزاد کر دیا۔[81]

اسی طرح ایک دفعہ کسی شخص کو آپ ﷺ نے کسی تہمت پر روک لیا:

"أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا فِي تُهْمَةٍ"[82]

(نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کو تہمت لگنے پر رک لیا)

۳۔ معصیت اور نافرمانی پر سزا

معصیت پر تعزیری سزا میں ہر قسم کی معصیت شامل ہے، چاہے وہ معصیت خالق کی ہو یا مخلوق میں سے کسی شخص کا حق مارنے کا معاملہ ہو۔[83]

بعض اقسام معصیات اور جرائم ایسے ہیں جن کی سزا مقرر ہے، جیسے قتل چوری وغیرہ لیکن بہت سی معصیت کی اقسام میں کوئی سزا مقرر نہیں، ان امور میں تعزیزی سزا دی جاسکتی ہے۔ بعض فقہاء نے حد کے ساتھ تعزیر لگانا بھی درست قرار دیا ہے۔ جیسے چور کا ہاتھ کاٹنا حد ہے اور امام احمدؒ کے نزدیک اس کے گلے میں لٹکانا تعریر ہے۔[84] البتہ بعض فقہاء کی رائے یہ ہے کہ حد کے ساتھ تعزیر جمع نہیں ہو سکتی۔[85]

کاسمیٹک سرجری اور زینت و جمال کے امور

کاسمیٹک سرجری اور زینت وجمال میں بہت سے ایسے طبّی طریقے دور حاضر میں استعمال کیے جارہے ہیں جن کی دور اولیٰ میں اس طرح کے طبّی طریقوں زینت وجمال کرنے کی مثال نہیں ملتی۔ بعض معاملات براہ راست حدود کے ذیل میں آسکتے ہیں جیسے کسی عطائی کا کاسمیٹک سرجری کرنا، جس سے مریض کی موت واقع ہو جائے تو اس صورت میں حد کا اطلاق کیا جاسکتا ہے۔ بہت سی ایسی صورتیں ہیں کہ لوگ انھیں دیکھتے ہوئے جھانسے میں آجاتے ہیں۔ جیسے خاص ماڈل اور کردار کی شکل اختیار کرنے کی سعی لاحاصل کرنا۔ ایسی صورت میں لوگوں کا وقت اور پیسہ دونوں برباد ہوتے ہیں۔ جب انھیں اپنی توقع کے مطابق نتائج نظر نہیں آتے تو انہیں مزید مایوسی ہوتی ہے۔ اسی طرح کاسمیٹک کمپنی اور زینت وجمال کی اشیاء تیار کرنے میں اصول وضوابط کی پابندی نہیں کرتے اسی طرح دیگر کئی صورتوں میں مصلحتِ عامہ کے تحت اصول وضوابط متعارف کرائے گئے ہیں تاکہ مستند طبیب ہی کاسمیٹک سرجری سرانجام دے۔ اسی طرح مصلحتِ عامہ کی خاطر سزائیں بھی تعزیراً تجویز کی جاسکتی ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

1 التوبۃ۹: ۱۰۵

2 السبا۳۴: ۱۱

3 الحجرات۴۹: ۱۲

4۔ البخاری،محمد بن اسماعیل البخاری،الجامع الصحیح،الریاض: دارالسلام للنشر والتوزیع،۱۹۹۵م ط۱۔ کتاب الادب، باب يَا اَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوا جْتَنِبُوْا كثيراً مَّنِ الظَّنِّ، ح ٦٠٦٦۔مسلم،مسلم بن الحجاج أبو الحسن القشيري النيسابوري۔الرياض: دارالسلام للنشر والتوزيع،۱۹۹۵م ط۱۔کتاب البروالصلة والآداب، باب تحريم الظن والتجسّس، ح ٦٧٠١۔

5۔ النور۲۴: ۲۷

6- الخلوتی،إسماعيل حقي بن مصطفى الإستانبولي الحنفي الخلوتي۔ تفسیر روح البيان ۔بيروت: دار الفكر۔ ۔ ج ٦ ص ٩٩۔ الواقدی، ابو عبداللہ محمد بن عمر بن واقد۔ فتوح الشام، بیروت: دار الکتب العلمیۃ، ١٤١٧ھ ۔ ١٩٩٧ء۔ ج ٢ ص ١٠١۔

7- طٰہٰ ۲۰:۷

8- ابن منظور،محمد بن مكرم بن منظور الأفريقي المصري۔ لسان العرب۔بيروت: دار صادر،ط١۔ ج ۴ ص ٣٥٦۔

9- مصطفیٰ ابراہیم، الزیات احمد، حامد عبدالقادرإبراهيم مصطفى ۔ أحمد الزيات ۔ حامد عبد القادر ۔ محمد النجار۔: دار الدعوة، المعجم الوسيط۔ ج ١ ص ۴٢٦۔

10- البقرۃ۲: ۲۷۴

11- الملک۶۷: ۱۳

12- مجمع الفقہ،قرارات وتوصیات مجمع الفقہ الاسلامی، منظمۃ المؤتمر الاسلامی، الدورۃ الثامنۃ۔ ص ۲۷۰۔

13- ادول، شریف۔ کتمان السر وافشاؤہٗ فی الفقہ الاسلامی۔ عمان: دارالنفائس للنشروالتوزیع، ۱۴۱۸ھ، ۱۹۹۷م، ط، ن۔ ص ١٦۔

14- بیومی، عبدالفتاح حجازی۔ المسؤلیۃ الطبیۃ بین الفقہ والقضاء۔ الاسکندریۃ: دارالفکر الجامعی، ۲۰۰۸م، ط ۱۔ ص ۱۰٦۔

15- عسیلان، اسامۃ بن عمر۔ الحمایۃ الجنائیۃ السر المہنۃ فی الشریعۃ الاسلامیۃ والقوانین الوضعیۃ وتطبیقاتھا فی بعض الدول العربیۃ۔ الریاض: جامعۃ نایف العربیۃ للعلوم الامنیۃ، ۱۴۲۴ھ، ۲۰۰۴ م، ط ۱۔ ص ۳۸۔

16- الخضری، یا سر بن ابراہیم، افشاء الاسرار الطبیۃ والتجاریۃ، مقالۃ الدکتورۃ۔ الریاض: جامعۃ الامام محمد بن سعود، ۱۴۳۳ھ ص ۲۹۔

17- مسلم، صحیح مسلم,کتاب النکاح، باب تحریم افشاء سرالمرأۃ ، ح ۳٦۱۵۔

18- مسلم، صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابۃ، باب من فضائل انس بن مالک، ح ٦۳۲۸۔

19- ابو داؤد، سليمان بن الأشعث السجستاني۔ سنن ابی داؤد۔ الریاض: دارالسلام للنشر والتوزیع،۱۹۹۵م ط۱۔ ، کتاب الادب، باب فی نقل الحدیث، ح ۴۸۷۰۔

20- البقرہ۲: ۱۸۷

21- النووی، أبو زكريا يحيى بن شرف بن مري النووي۔ بيروت: دار إحياء التراث العربي،۱۳۹۲ھ،ط۲۔ ج ۱۰۔ ص ۲۵۰۔ابن حجر، احمد عبد الحیلم بن تیمیہ۔ الحرانی ابو العباس۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری۔ بیروتَ دارالمعرفہ ۱۳۷۹ح،ط۲۔ ج ۹۔ ص ۴۲۸۔ وزارۃ الاوثافاوالشئون الاسلامیۃ۔ الموسوعۃ، الفقہیہ الکوتیۃ۔ج ۵ ص ۲۹۳۔

22- لویس معلوف۔ المنجد فی اللغۃ والا علام، بیروت: دار المشرق، ۱۹۸۰، ط ۱۔ ص ۷۷۸۔

23- ابوداؤد، سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی نقل الحدیث۔ ح ع۴۸٦۹۔

24- احمد، أحمد بن حنبل أبو عبدالله الشيباني۔مسند الإمام أحمد بن حنبل۔القاہرہ: مؤسسة قرطبة۔ ج ۳ ص ۱۷۴۔ ح ۱۲۷۸۴۔

25- الماوردی،أبوالحسن علي بن محمد بن حبيب البصري البغدادي۔۔كتاب آداب الدنيا والدين ۔بيروت: دارالمنہاج،۱۴۳۴ھ۔۲۰۱۳م،ط۱۔ ص ۲٦۷۔

26- ایضاً

27- احمد کامل۔ الحماية الجنائية للاسرار المهنية، ص ۳۹۔ شریف بن اوول ادریس۔ کتمان السرّ واخفاءه ۔ بیروت: دار النفائس، ۱۴۸۱ھ ۔ ۱۹۹۷ م، ط۱، ص ١٦۔

28- الشنقیطی، احکام الجراحۃ الطبیۃ والآثار المترتبۃ علیھا۔جدہ: مکتبۃ الصحابہ،۱۲۱۵ھ۔۔۱۹۹۲م،ط۱۔ ص ۳٦۹۔

29- الخضیری، یاسر بن ابراہیم۔ افشاء الاسرار الطبیۃ والتجاریۃ۔ ص ۸۲۔

30- اسامۃ قاید۔ المسؤلیۃ الجزائیۃ، للطبیب عن افشاء سرالمہنۃ دراسۃ مقارنہ۔ القاہرۃ: النہضۃ العربیۃ، ۱۹۸۷م، ط ۱ ۔ ص ۳۲۔

31- شریف بن ادول ادریس۔ کتمان السرّ واخفاءہ ۔ بیروت: دار النفائس، ۱۴۸۱ھ ۔ ۱۹۹۷ م، ط۱۔ ۔ ص ۵۰۔

32- احمد بن القاسم، ابن ابی صبیعہ، عیون الانباء فی طبقات الاطباء۔ بیروت: دار مکتبۃ الحیاۃ، قسم البقراط، ت۔ن ص ۴۵۔

33- ابن ھبل، مھذب الدین، ابوالحسن علی بن احمد البغدادی۔ المختارات فی الطب، معطبۃ جمعیۃ المعارف العثمانیہ۔ ۱۳٦۲ھ، ط۱۔ ج۱ص ۴۔

34 "Declaration of Geneva": http://www.cirp/liberary/ethies/geneva- (Accessed on: 10-02-2017)

35- الرازی، اخلاق الطبیب۔ القاہرہ، دارالتراک، ۱۳۹۷ھ۔ ۱۹۷۷م، ط۱، ص ۲۷، ۲۸۔

36- موسوعۃ الاعجاز العلمی، ص ۵۸۴۔ الرازی،ابو بکر محمد بن زکریا الرازی۔ اخلاق الطبیب۔القاہرہ: دار احیا ئ التراث العربی، ھ۔۱۹۷۷م،ط۱، ۔ ص ۳۰۔

37- موسوعۃ الاعجاز العلمی،۱۳۹۷ ص ۵۸۴۔ الرازی، اخلاق الطبیب المسلم ۔ ص ۳۰۔

38- ادول، شریف بن ادریس، کتمان السر وافشاءہ فی الفقہ الاسلامی ۔ ص ۳٦۔

39- محمود، محمود مصطفی۔ مدی المسئولیۃ الجنائیۃ للطبیب،اذا افشی سراً من اسرار مہنتہ۔ دراسۃ مقارنۃ مجلۃ القانون والاقتصاد۔ کلیۃ الحقوق، ۱۹۴۹م،ص ٦٦٠، العدد الخامس ۔

40- ایضاً، ص ٦۵۹۔

41- الخضری، یاسر بن ابراہیم، افشاء الاسرار الطبیۃ والتجاریۃ، دراسۃ مقارنۃ ۔ ص ۸۰۔

42- ابن ابی صبیعہ، عیون الانباء فی طبقات الاطباء۔بیروت: دار مکتبۃ الحیاۃ۔ص ۴۵۔ Avaiable at: http://www.al-mostafa.com (Accessed on: 15-02-2017)

43- رحمۃ، شارف، المسئولیۃ الاداریۃ عن الاخطاء الطبیۃ، بسکرۃ: جامعۃ محمد۔ص ۱۱۔ Available at: www.ahlalhadeeth.com/vb/attachments.php/. (Accessed on: 10-1-2017)

44- نجیدہ، علی حسین۔ التزامات الطبیب فی العمل الطبیی۔ القاھرۃ: دارالنھضۃ العربیۃ، ۱۹۹۲، ط ۔ن۔ ص ۱۵۷، ۱۵۸۔

45- محمد علی، جمال عبدالرحمن- السرالطبی- جامعة القاہرہ، ٢٠٠٢م، ص ٣٥- ٣٧، بحوالہ: افشاء الاسرار الطبیة والتجاریة، دراسہ فقھیہ مقارنة--ص ١٠٩، ١١٠-

46- نجیدة، علی حسین، التزامات الطبیب فی العمل الطبی,ص ١٦٢-

47- الماوردی، ادب الدنیا والدین- بیروت: دار اقرأ ١٤٠٥ھ- ١٩٨٥م، ط ٤- ص ٣١٥-

48- ادول، شریف بن ادریس، کتمان السر واخفاؤہ، ص ١٠٨-

49- الترمذی، سنن الترمذی,کتاب الزھد، باب ما جاء فی حفظ اللسان، ح ٢٤٠٦-

50- اسامةقاید، المسؤلیة للطبیب عن افشاء سر المھنة-ص ٣٢-

51- البخاری، الجامع الصحیح، کتاب اللباس، باب اخراج المتشبھین بالنساء من البیوت، ح ٥٨٨٦-

52- مسلم، صحیح مسلم، کتاب الادب، باب تحریم افشاء سرالمرأة، ح ٣٦١٥-

53- البخاری، الجامع الصحیح، کتاب العقیقة، باب اماطة الاذیٰ عن الصبی فی العقیقة، ح ٥٤٧١- ابوداؤد، سنن ابی داؤد، کتاب الضحایا، باب فی العقیقة، ح ٢٨٣٩- النسائی، سنن النسائی، کتاب العقیقة، باب العقیقة عن الغلام، ح ٤٢٢٥-

54- ابن قدامہ،أبو محمد موفق الدين عبد الله بن أحمد بن محمد ، الشهير بابن قدامة المقدسي-المغني في فقه الإمام أحمد بن حنبل الشيباني-القاہرہ:مکتبة القاہرہ،١٣٨٨ھ-١٩٠٦٨م،ج ١١ ص ١٢٠-- الماوردی،العلامة أبو الحسن الماوردی-کتاب الحاوی الکبیر - بیروت:دار الفکر-ت ن-ج ١٩ ص ١٥٠-

55- ابن قدامہ، المغنی- ج ٢٢ ص ٣-

56- البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الجنائز، باب الرجل ینعی الی اہل المیت، ح ١٢٤٥-

57- "Post-mortem": http://health.spectator.co.uk. (Accessed on 24-2-2017)

58- عبدالکریم، الزیدان- اصول الدعوة- بیروت: مؤسسة الرسالة، ١٤٠٨ھ، ١٩٨٧، ط ٣- ص ١٧٧-

59- لجنة العلماء، فتاوی مجامع الفقھیہ، السرفی المھن الطبیة، مجلة البحوث الفقھیہ المعاصرہ، رجب، شعبان، رمضان ١٤١٤ھ- جنوری، فروری، مارچ ١٩٩٤م- جلد ٢٠-

60- ابوالحسن علی بن محمد- الاختیارات العلمیہ- ص ٤٤١-

61- ابن رشد،أبو الوليد محمد بن أحمد بن رشد القرطبي ،البيان والتحصيل والشرح والتوجيه والتعليل لمسائل المستخرجة-بیروت- دار الغرب الإسلامي،١٤٠٨ھ-١٩٨٨م،ط٢،ج٩ ص ٤٠٩- ٤١١-تحقیق: د محمد حجي وآخرونالباجی-سليمان بن خلف بن سعد بن أيوب الباجي-مصر: مطبعة السعادہ،١٣٣٢ھ،ط١،- ج ٩ ص ٣٩٣- الزرقانی، شرح الزرقانی علی الموطأ- ج ٤ ص ٤٤٧- الھیثمی، تحفة المحتاج- ج ٤ ص ٣٢٨- السیوطی، الاشباہ والنظائر- ج ٢ ص ٤٢٨- ابن القیم، زاد المعاد- ج ٤ ص ١٣٤- الزرعی، محمد بن ابی بکر ایوب، مفتاح دارالسعادة و منشور الایة العلم و الارادة- بیروت: دار الکتب العلمیة، ت- ن، ط- ن- ج ٢ ص ٣٦٦- البھوتی،منصور بن یونس بن صلاح الدین ابن حسن بن إدریس البھوتی-شرح منتھی الارادات-بیروت: عالم الکتب،١٤١٤ھ-١٩٩٣م،ط١، ج ٥ ص ٣١٥-

62- الحج٢٢:٣٠

63- البخاری- الجامع الصحیح، کتاب الشھادت، باب ما قیل فی شھادة الزور- ح ٢٦٥٣-

64۔ مسلم، صحیح مسلم,کتاب الایمان، باب بیان الکبائر واکبرھا، ح ۲۵۵۔

65۔ ابن قدامہ، المغنی۔ ج ۲ ص ۱۵۰۔ الماوردی، الحاوی الکبیر۔ ج ۲۰ ص ۳۹۲۔ الکاسانی، بدائع الصنائع۔ ج ٦ ص ۲۸۹۔

66۔ ابن بطال، ابوالحسن علی بن خلف بن عبدالملک۔ شرح الجامع الصحیح۔ الریاض: مکتبۃ الرشد، ۱۴۲۳ھ ، ۲۰۰۳م، ط ۲۔ ج ۹ ص ۲۴۷۔

67۔ الکاسانی، بدائع الصنائع، بیروت: عالم الکتب،۱۴۱۴ھ۔۱۹۹۳م،ط۱، ج ۵ ص ۳۱۵۔ ج ۱۴ ص ۴۰۴۔

68۔ الغزالی،ابو حامد محمد بن محمد الغزالي۔ احیاءعلوم الدین۔بیروت: دارالمعرفۃ ۔ت ن۔ ج ۳ ص ۳۰۲۔

69۔ القرافی، أبو العباس أحمد بن إدريس الصنهاجي القرافي ۔أنوار البروق في أنواء الفروق۔بيروت: دار الكتب العلمية،۱۴۱۸ھ۔۱۹۹۸م،ط ن۔۔ ج ۴ ص ۲۰۸۔ الکنوی، الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل۔ حلب: مکتب المطبوعات الاسلامیہ، ط ۳، ۱۴۰۷ ھ ۔ ص ۳۸۴۔

70۔ *الاراشی، حسن زکی*- مسؤلیۃ الاطباء والجراحین المدینۃ فی التشریع المصری والقانون المقارن۔ *القاہرۃ: دارالنشر للجامعات المصریۃ، ت۔ ن۔ ص ۴۱۹، بحوالہ افشاء الاسرار الطبیہ، , ص ۱۳۷۔ مصطفٰی، محمود محمود*، مدی المسؤلیۃ الجنائیۃ للطبیب اذا افشی سراً من اسرار مھنتہ۔ *ص*۲٦۱۔

71۔ عبدالقادرعودۃ ۔ التشریع الجنائی الاسلامی۔ بیروت: دار الکتاب العربی۔ت ن۔ط۱،ج ۱ ص ۱۵۸۔دکتور وھبہ الزحیلی، الفقہ الاسلامی وادلّتہ، دمشق: دارالفکر۔ ت، ن۔ ج ۷ ص ۲۵۵۔

72۔ عودۃ، عبدالقادر، التشریع الجنائی۔ ج ۱ ص ۱۵۸۔

73۔ ادول، شریف بن ادریس، کتمان السر واخفاؤہ۔ ص ۱۵۹۔

74۔ الشربینی،محمد الخطیب الشربینی۔ مغنی المحتاج الی معرفۃ الفاظ المنہاج۔بیروت: دار الفکر،ت ن۔ ج ۵، ص ۵۲۴۔ ابن تیمیہ، تقي الدين أبو العباس أحمد بن عبد الحليم بن تيمية الحراني ۔مجموع الفتاوی۔دار الوفا،۱۴۲٦ھ۔۲۰۰۵م،ط۳، ج ۲۸، ص ۳۴۳۔ الزیلعی،فخر الدين عثمان بن علي الزيلعي۔تبيين الحقائق شرح القاہرہ: دار الکتب الاسلامی،۱۳۱۳ھ۔ ج ۳ ص ۲۰۸۔ عودۃ، عبدالقادر، التشریع الجنائی الاسلامی۔ ج ۱ ص ۱۲٦، ج ۱ ص ۱۲٦۔

75۔ الماوردی،أبو الحسن علي بن محمد بن محمد بن حبيب البصري البغدادي۔ الاحکام السلطانیۃ۔القاہرہ: دارالحدیث۔ت ن۔ ج ۱ ص ۴۷۷۔الکاسانی، بدائع الصنائع۔ ج ۷ ص ٦۳۔ درویش، محمد بن درویش، اسنی المطالب۔ ج ۴ ص ۱٦۱۔

76۔ عودۃ، عبدالقادر، التشریع الجنائی الاسلامی۔ ص ۱۲۸۔

77۔ **الحجرات۴۹: ۱۲**

78۔ **الانعام: ۱۵۳**

79۔ الماوردی، الاحکام السلطانیۃ۔ ج ۱ ص ۳۲۳۔

80۔ ابن فرحون، تبصرۃ الحکام فی اصول الاقضیۃ ومناھبح الاحکام،القاہرۃ: المکتبۃ الازہریۃ، ۱۴۰٦ھ، ۱۹۸٦م،ج ۲ ص ۱۴۲۔

81۔ لجنۃ العلماء، الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ۔ ج ۱٦ ص ۲۸٦۔

82۔ ابوداؤد، سنن ابی داؤد,کتاب القضاء، باب فی الحبس فی الدین، ح ٣٦٣٠۔

83۔ الرعینی، الحطاب، شمس ابوعبداللہ محمد بن محمد۔ مواهب الجیل، بیروت: دارعالم العربی، ۱۴۲۳ھ، ۲۰۰۳م۔ ج ۳ ص ۳۵۰۔ الدردیر، ابوالبرکات احمد بن محمد، الشرح الکبیر۔ ج ۱۰ ص ۳۴۷۔ ابن عابدین،محمد امین بن عمربن عبد العزیزعابدین،حاشیۃ ابن عابدین۔بیروت: دار الفکر۔۱۴۱۲ھ۔۱۹۹۲م۔ج ۳ ص ۲۵۱۔

84۔ ابن قدامہ، المغنی۔ ج ۱۰ ص ٢٦٦۔ : شيخ الإسلامزكريا الأنصاري ۔أسنى المطالب في شرح روض الطالب،بیروت: دار الكتب العلمية۔۱۴۲۲ھ۔۲۰۰۰م،ط۱۔ ج ۴ ص ۱۶۲۔

85۔ ابن القيم ،محمد بن أبي بكر أيوب الزرعي أبو عبد الله ابن القيم الجوزية،إعلام الموقعين عن رب العالمين ،بیروت: دار الجیل،۱۹۷۳م۔ ج ۲ ص ۲۲۱۔ الانصاری۔ اسنی المطالب۔ ج ۴ ص ۱۶۲۔

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

بینکاری کا تعارف، اسلامی بینکاری کی ضرورت واہمیت اور پاکستان میں اس کا مستقبل

(Introduction of Banking, Need and importance of Islamic banking and its future in Pakistan)

***نور احمد خان ڈھڈی**

پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

****ڈاکٹر علی اصغر چشتی**

پروفیسر/چیئرمین شعبہ حدیث وسیرت، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

Archaeology from the ancient World shows that the conventional banking is evolved from usury based money lending(مہاجنی)business. It was imitated by the Jews in the 14th century in Italy but the Christen involved in it in 16th century. Due to a number of important innovations the size of this business has dramatically increased throughout the Globe and it occupied a very important place in modern busy and tidy life. Many severe financial crises faced by it provoked a debate to search out new alternatives. The Muslim community never welcomed this Raba based business and was in favour of its Islamization. Therefore, experiments on Interest-Free Banking were made throughout the Islamic World which lead to establish Islamic Banking. Now, these institutions are seen everywhere in the world. Pakistan Islamized the banking system in 1980s but the Supreme Court of Pakistan declared it un-Islamic in 1999 and called upon the government to Islamize the economy immediately. So, Islamic banking was re-started in 2002. Since then, it is spreading with more than 25% growth rate and has occupied more than 10% market share inspite of it is facing some important challenges i.e. competing parallel huge conventional banking, the deficiency of trained Islamic professionals, disharmony among Ulema regarding its operations/ products, deficiency of awareness about this industry etc. As these problems will be rectified a rapid growth of these Institution shall be achieved. Therefore, future of Islamic banking seems to be very bright in Pakistan. This research article comprises of a brief introduction of conventional banking, its types, products and services etc. It also include a brief introduction of Islamic Banking, its products and its importance. The article is concluded with its spreading aspects and future growth expectations in Pakistan.

Key words: Bank, Islamic, Financial, Banking, conventional

بینک اور بینکاری کا مفہوم

بینک (Bank) انگریزی زبان کا لفظ ہے جو فرانسیسی لفظ Banque سے ماخوذ ہے-دراصل یہ قدیم اطالوی لفظ Banca اور قدیم اعلی جرمن زبان کے لفظ Benc سے مستعار لیا گیا ہے-اس کا لغوی مفہوم ڈیسک، بینچ یا میز ہے-اٹلی کی نشاط ثانیہ کے دوران فلورینٹائن[1] شہر میں زر مبادلہ کے کاروبار سے وابستہ افراد کاؤنٹر کو سبز کپڑے سے ڈھانپے ہوئے بینچ پر سجاتے تھے اور اسی نسبت سے اس کاروبار کو بینکاری[2] جبکہ اس کاروبار سے منسلک افراد کو بینکار[3] کہا جانے لگا-[4] بینک مالیاتی ثالث کے طور پر ڈپازٹ وصول کرتا ہے اور قرض کے توسط سے کھلی منڈی میں براہ راست یا بالواسطہ سرمایہ کالین دین کرتا ہے، یا پھر مختلف قسم کے کاروباروں میں اس (سرمایہ) کو استعمال میں لاتا ہے-دراصل یہ زائد سرمایہ کے حامل گاہکوں اور سرمایہ کے ضرورت مند گاہکوں[5] کے درمیان ثالث کی خدمات سرانجام دیتا ہے[6]- دور حاضر میں بینک رقوم کی وصولی کیلئے حکومت سے لائسنس یافتہ ہوتے ہیں اور عموماً کمرشل یا انوسٹمنٹ طرز پر مرکزی بینک کے قواعد وضوابط کے مطابق کام کرتے ہیں-ان پر ابتدائی سرمایہ لگانے والے افراد یا ادارے، ان کے مالک ہوتے ہیں- صارفین مختلف کھاتوں میں یہاں رقوم جمع کرواتے ہیں جنہیں ان رقوم پر کم شرح سے سود ادا کیا جاتا ہے-بینک اس سرمایہ کو زیادہ شرح سود پر قرض دے کر منافع کماتے ہیں- چنانچہ ان کی آمدنی کا اہم ترین ذریعہ وصول شدہ سود ہوتا ہے گو کہ دیگر وظائف وخدمات پر وصول شدہ فیس بھی ان کی آمدن کا ایک اہم جزو بنتی ہے-[7] بینکاری ایکٹ سنگاپور[8] کےمطابق بینکاری سے مراد ایسا کاروبار ہے جس میں کرنٹ یا ڈپازٹ اکاؤنٹ میں رقوم کی وصولی کے علاوہ گاہکوں[9] کے چیکوں کی ادائیگی ووصولی کی جاتی ہے اور ضرورت ہو تو گاہکوں کو پیشگی رقوم کی ادائیگی بھی کی جاتی ہے-بینکاری میں دیگر ایسے کاروبار بھی شامل تصور کئے جاتے ہیں جو اس ایکٹ کے مقاصد پر پورا اترتے ہوں اور اتھارٹی نے ان کی اجازت دے رکھی ہو-ہانگ کانگ بینکاری آرڈیننس[10] کےمطابق بینکاری میں کوئی ایک یا دونوں معمول شامل ہوں گے: اول گاہک سے کرنٹ، ڈپازٹ، بچت یا دوسرے مشابہہ اکاؤنٹ سے رقوم وصول کرنا جن کی دوبارہ ادائیگی مطالبہ پر یا (تین ماہ) سے کم عرصہ میں کی جانا ہو----یا پھر اس سے کم مدت کے نوٹس پر کی جاتی ہو-دوئم گاہک یا ان کی طرف سے چیکوں کی ادائیگی اور وصولی کرنا ہو-

مالیاتی اداروں کی اقسام اور ان کا باہمی فرق

بینکاری کا ایک مالیاتی ادارے[11] کی حیثیت سے آغاز زرعی قرضوں کے اجراء سے ہوا-البتہ رقوم واشیاء کی باحفاظت منتقلی جیسے وظائف کے اضافہ سے اس کو استحکام حاصل ہوا-اس کاروبار کو بہت زیادہ اہمیت اس وقت حاصل ہوئی جب بڑی صنعتوں کے قیام اور ریاستوں کی قومی ضرورتوں کی تکمیل کیلئے بڑی رقوم کی فراہمی

ایک مسئلہ بن گئی تو بینکوں نے مختلف ترغیبات سے سرمایہ کی فراہمی کا یہ کام ممکن الحصول کر دکھایا-اس کاروبار کو اب تیزی سے دسعت حاصل ہوتی گئی-چنانچہ اسے بہتر انداز میں چلانے کیلئے مزید اختصاص کے حامل معاون مالیاتی اداروں (مثلاً انوسٹمنٹ، ٹرسٹ، بیمہ کمپنیوں وغیرہ) کی ضرورت پڑی-یہ مالیاتی ادارے زیادہ تر قرض، سٹاک، بانڈز، رہن، کرایہ داری یا لیزنگ، بیمہ پالیسی وغیرہ میں لوگوں کا سرمایہ لگانے لگے-یہ ادارے حجم میں بینکوں سے کم مگر تعداد کے اعتبار سے زیادہ ہوتے ہیں-اس کے علاوہ نوعیت و ساخت اور دائرۂ کار کے حوالے سے مختلف ممالک کے مالیاتی و لوکل حالات، تنظیمی ڈھانچے، وظائف کی انجام دہی اور ملکی قوانین کے اختلاف کے باعث بھی یہ مالیاتی ادارے کئی اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں-اس کے باوجود انہیں درج ذیل بنیادوں پر باہم ممیّز و ممتاز کیا جاسکتا ہے:

1-کریڈٹ یونین (Credit Union): باہمی تعاون بنیاد پر کام کرنے والے یہ ادارے ارکین کی ملکیت ہوتے ہیں جو باہم منافع میں شرکت کرتے ہیں-ان کے مالکان ایسے لوگ اور گروہ ہوتے ہیں جو جغرافیائی کمیونٹی، مذہبی یا ثقافتی پس منظر کے حوالے سے منظّم ہوں-یہ ادارے عموماً صوبائی حکومتوں کے تحت کام کرتے ہیں-[12]

2-ٹرسٹ کمپنیاں(Trust Companies): یہ مالیاتی ادارے دوسرے افراد یا اداروں کے اثاثہ جات کا بطور متولی انتظام سنبھالتے ہیں- یہ رقوم کی وصولی کے علاوہ مارٹ گیج، چیکنگ اکاؤنٹس اور قرض جیسی سہولیات بھی فراہم کرتے ہیں-گویا وفاقی ادارے کی حیثیت سے یہ بینک سے مماثل بعض مالیاتی کام بھی سرانجام دیتے ہیں-[13]

3-**بیمہ کمپنیاں**: شروع میں بیمہ کا کام بینکوں میں ہوتا تھا مگر کاروبار میں تنوع آجانے سے اس کام کی ادائیگی کیلئے مخصوص ادارے وجود میں آگئے جنہیں بیمہ کمپنیز کا نام دیا گیا-اس کاروبار میں اب اشیاء کے بیمہ کے علاوہ انسانی ضرورت کی ہر چھوٹی بڑی چیز مثلاً صحت، بچوں کی شادی، تعلیم، انسانی اعضاء وغیرہ کا بیمہ بھی ہوتا ہے-[14]

4-**میچوئل فنڈز** (Mutual Funds): کئی سرمایہ کار مل کر ایک ایسے فنڈز کا (pool) بناتے ہیں جسے سٹاکس، بانڈز، نقود کی مارکیٹ یا دوسرے مماثل اثاثہ جات میں سرمایہ کاری پر لگایا جاتا ہے-اس فنڈ کو (money manager) چلاتے ہیں جو عموماً مروجہ بینک ہوتے ہیں -اس کا منافع شرکاء میں سرمایہ یونٹس کے مطابق تقسیم کردیا جاتا ہے-[15]

بینکاری کی انواع واقسام

بینکاری نے وقت اور مصالح کی بنیاد پر کئی نئے وظائف و خدمات کا اپنا حصہ بنانا شروع کردیا جن سے بینک مالکان کو نہ صرف گاہکوں کو بہتر انداز میں راغب کرنے کے مواقع ملے بلکہ اس کاروبار کو وسعت اور تنوع بھی حاصل ہوا-جدید سائنسی ترقی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دخول کی بنا پر بینکاری کو درج ذیل اقسام میں منقسم کیا جاتا ہے:

1- ریٹیل بینکاری (Retail Banking): اس بینکاری کے وظائف و خدمات سے عام شہری با آسانی استفادہ کرسکتے ہیں کیونکہ ریٹیل بینک دیگر بینکوں، کارپوریشنوں اور کمپنیوں سے بہت ہی کم لین دین کرتے ہیں-[16] عام لوگوں یا چھوٹے کاروباری افراد سے براہ راست معاملات کرنے کی وجہ سے اسے Consumer Banking بھی کہا جاتا ہے-[17]

2- کاروباری بینکاری (Business Banking): اس طرز بینکاری سے کاروباری افراداور اداروں کے علاوہ کمپنیز کو خصوصی وظائف کی دستیابی ممکن بنائی جاتی ہے مثلاً قرض کی فراہمی، رقوم رکھوانے اور بچت جیسی خدمات مہیا کی جاتی ہیں- مخصوص بینکاری وظائف و خدمات کے باعث یہ بینک اپنی علیحدہ شناخت کے حامل ہوتے ہیں-

3- وسیع تجارتی بینکاری (Corporate Banking): اس کے زیادہ تر گاہک کارپوریٹ ادارے ہوتے ہیں[18] گلاس سٹیگال ایکٹ[19] کے ذریعے کمرشل بینکاری کی جگہ کارپوریٹ بینکاری کا آغاز کیا گیا-اس میں سرمایہ بہت حد تک غیر محفوظ ہونے کی بنا پر وظائف وخدمات کی دستیابی کے قوانین کارپوریشنوں کے نقطۂ نظر سے بنائے جاتے ہیں-[20]

4- نجی بینکاری (Private Banking): بہت زیادہ آمدنی والے افراد یا خاندانوں کو دولت کی تنظیم کیلئے بینکاری کی یہ سہولت دستیاب کی جاتی ہے-اس کیلئے کم از کم سرمایہ کی حد پچاس ہزار سے پانچ لاکھ امریکی ڈالر ہے[21]-

5- سرمایہ کارانہ بینکاری (Investment Banking): اس میں افراد، کارپوریشنوں اور حکومتوں کو ضمانتوں پر کیپیٹل مہیا کیا جاتا ہے[22] یا بطور وکیل سیکیورٹی کا اہتمام کیا تا ہے یا دونوں کام سرانجام دیئے جاتے ہیں-[23]

6- یک دفتری بینکاری(Unit Banking): حکومت کسی بینک کو محدود کردے[24] یا اس کی شاخیں کم ہوں تو یہ ہیڈ کوارٹر میں یا دیگر بینکوں سے کارپوریٹ تعلق سے بینکاری سرانجام دے تو یونٹ بینکاری کہلاتی ہے-[25]

7- شاخ جاتی بینکاری (Branch Banking): اس بینکاری کا آغاز انگلینڈ سے ہوا-اس میں بینک کا نیم خود مختار صدر دفتر قواعد و ضوابط جاری کرتا ہے جن کے تحت تمام شاخیں اپنے معمولات انجام دیتی ہیں-[26]ان بینکوں کی شاخوں کا جال (network) عموماً ملکی و بین الاقوامی سطح پر ہوتا ہے-عالمی سطح پر اس بینکاری کو 1920 سے پزیرائی ملی-[27]

8- مخلوط بینکاری: جب بڑے بینک محدود ہوں تو مختلف بینک باہم مل کر جال (network) قائم کر لیتے ہیں-ان میں سے کچھ بینک تو قومی سطح پر رہ کر کام کرتے ہیں جبکہ باقی بینک مقامی یا علاقائی سطح پر کاروبار کرتے ہیں[28]

9- ڈاک بینکاری (Mail banking):اس میں ڈاک کے ذریعے deposits ہوتے ہیں اور الیکٹرانک میل ٹرانسفر (EMT) سے رقوم کی منتقلی ہوسکتی اور یہ کام الیکٹرانک نوٹیفکیشن کے ذریعے سرانجام پاتا ہے-

10- موبائل بینکاری(Mobil Banking):اس بینکاری کے وظائف سرانجام دینے کیلئے ایس ایم ایس پیغامات، موبائل ویب کیلئے(Android)،آئی فون یا (Blackberry devices) استعمال ہوتے ہیں- گھر سے دور جہاں کمپیوٹر کی سہولت میسر نہ ہو تو وہاں بھی اس بینکاری کے توسط سے اکاؤنٹ بیلنس کی نگرانی، کھاتوں کے درمیان رقوم کی منتقلی، بلوں کی ادائیگی اور اے ٹی ایم کا تعین کیا جاسکتاہے-یہ بینکاری ہر جگہ اور ہر وقت دستیاب ہوتی ہے-

11- آن لائن بینکاری(Online Banking): بینکاری کے وظائف انٹرنیٹ کے ذریعے سرانجام پانے کی بنا پر اسے انٹرنیٹ یا ویب بینکاری بھی کہا جاتا ہے جیسا کہ رقوم کا جمع کرنا، منافع کی ادائیگی اور بلوں کی وصولی وغیرہ-

12- ٹیلیفون بینکاری(Telephone Banking): اس میں گاہک مطلوبہ سہولت کیلئے ٹیلیفون آپریٹر سے درخواست کرتا ہے جسے بینک خودکار Attendant سے دستیاب کرتا ہے مثلاً بیلنس معلومات، رقوم کی منتقلی وغیرہ-

13- وڈیو بینکاری (Video Banking): یہ بینکاری اے ٹی ایم مشین سے مماثل مشینوں سے دور بیٹھے وڈیو کانفرنس سے لیس بینک کی شاخ سے انجام پاتے ہیں-اس میں فیس ٹو فیس گفتگو کی سہولت بھی دستیاب ہوتی ہے-

بینکاری کے معیاری قرض اور سرمایہ کاری کے قرض آلات

بینکوں میں مالکان کا ذاتی سرمایہ بہت کم ہوتا ہے مگر وہ بینکاری کی مختلف ترغیبات سے عامۃ الناس کو متوجہ کر لینے کی بنا پر بینک کے سرمایہ میں کئی گنا اضافہ کر لیتے ہیں-مروج بینکوں کی آمدن کا بڑا حصہ قرض پر حاصل ہونے والے سود پر مشتمل ہوتا ہے-اب کئی انواع کے قرض رائج ہو چکے ہیں جن میں سے درج ذیل زیادہ اہم ہیں-

پرسنل لون (Personal Loans): یہ قرض ذاتی استعمال کیلئے دیا جاتا ہے مثلاً میڈیکل، بچوں کی تعلیم، گھریلو ضرویات کیلئے وغیرہ-قرض کو محفوظ بنانے کیلئے رہن اور ضمانت کا طریق کار اختیار کیا جاتا ہے-[29]

1- ایکوئیٹی لون (Equity Loans): گاہک کو یہ قرض اثاثہ پر ثانوی رہن کے عوض دیا جاتا ہے-یہ قرض ڈوبنے سے محفوظ رہتا ہے اور اس پر شرح سود کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے-یہ قرض دو طرح کا ہوتا ہے مثلاً اوپن اینڈ میں قرضدار جب قرض ادا کر دیتا ہے تو مذید قرض لے سکتا ہے جبکہ کلوز اینڈ، میں مزید قرض نہیں لے سکتا-[30]

2- کاروباری لون (Business Loans): کاروباری قرض کی بنا پر یہ کمرشل لون بھی کہلاتا ہے-اس پر نسبتاً کم قدغنیں ہوتی ہیں اور قرض دہندہ کو کچھ مزید فوائد دیئے جاتے ہیں تاکہ اس کی کاروباری لاگت کم ہو سکے-

3- ٹرم لون (Term Loans): عام طور پر یہ آمدن پیدا کرنے والے اثاثوں، مثلاً مشین و آلات وغیرہ خریدنے کیلئے ورکنگ کیپٹل کے طور پر دیئے جاتے ہیں تاکہ قرض کی ادائیگی کیلئے رقوم کا بہاؤ ممکن بنایا جا سکے-متبدل شرح سود کے اس قرض کی مدت ایک سے دس سال ہوتی ہے جس کی ادائیگی طے شدہ شیڈیول کے تحت انجام پاتی ہے-[31]

4- مارٹ گیج (Mortgage): اس (debt instrument) کی ڈیٹ ہولڈر معاہدہ کے مطابق ادائیگی کی ذمہ داری لیتا ہے-قرض خواہ کے پاس قرضدار کا اثاثہ رہن ہونے کی وجہ سے اسے مارگیج لون کہا جاتا ہے-[32]

5- میزانائن فنانسنگ (Mezzanine Financing): اس قرض (instrument) کو عموما کمپنیوں کی توسیع کیلئے (Financing) کی غرض سے استعمال کیا جاتا ہے-اس میں قرض دار بروقت یا مکمل قرض ادا نہ کرسکنے کی صورت میں قرض دہندہ کو حق دیتا ہے کہ وہ ڈیٹ کیپٹل کو ملکیت یا ایکوئیٹی مفاد میں تبدیل کرلے-

6- پراجیکٹ فنانسنگ (Project Financing): یہ سرمایہ کاری مختلف اثاثوں کا مجموعہ ہوتی ہے جس میں قرض کی ادائیگی کا انتظام پراجیکٹ مکمل ہونے پر نقود کے بہاؤ پر منحصر ہوتا ہے-[33]

7- گردشی کریڈٹ (Revolving Credits): اس قرض میں بینک و کمپنی یا فرد و ادارے کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے جس میں ایک خاص قرض کی دستیابی کا معاہدہ کیا جاتا ہے جسے قرض خواہ (بینک یا کمپنی) قرض دار (فرد یا ادارے) کو مطالبے پر ادا کرنے کا پابند ہوتا ہے[34] جبکہ بینک و کمپنی قرض کی زیادہ سے زیادہ حد متعین کردیتا ہے-[35]

بینکاری کے معیاری وظائف وخدمات

جدید سائنسی ایجادات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دخول سے بینکوں کے معمولات کی انجام دہی میں سرعت کے ساتھ ان کے وظائف کا دائرہ بہت وسیع ہوگیا ہے[36] جن میں سے درج ذیل زیادہ اہم ہیں-

1-کرنٹ اکاؤنٹ (Current Account): یہ سہولت بلا سود یا بہت کم شرح سود پر مہیا کی جاتی ہے- کھاتہ

دار کسی بھی وقت چیک یا دیگر طریقوں سے اپنی رقم وصول کرسکتا ہے- فقہی اصطلاح میں یہ بینک کے نام قرض ہوتا ہے- مقابلے کی فضا میں کئی بینک ان کھاتوں کی رقوم پر رعائتی سود کے علاوہ دیگر خدمات مفت مہیا کررہے ہیں-[37]

2-سیونگ اکاؤنٹ (Saving Account): اس اکاؤنٹ[38] پر گاہک کو مناسب شرح پر سود ملتا ہے جبکہ محدود سطح تک اسے رقوم کی منتقلی کی اجازت بھی ہوتی ہے-اس میں عموما اختتامی مدت یا کم سے کم بیلنس کی حد نہیں ہوتی-

3-ٹائم ڈیپازٹس: ان مخصوص مدتی ڈپازٹس پر بچت کھاتہ کی نسبت زیادہ سود ادا کیا جاتا ہے-ان رقوم کو نکالنے کیلئے مدت کا تعین ہوتا ہے-ان ڈپازٹ کے عوض اسناد جاری کی جاتی ہیں جو ضمانتوں میں استعمال ہوسکتی ہیں-[39]

4- منی مارکیٹ اکاؤنٹ (Money Market Account): اس کھاتہ میں کم از کم بیلنس کی حد کے علاوہ ماہانہ سطح پر محدود چیکوں کی پابندی ہوتی ہے۔اس پر متبدل شرح سے سود ادا کیا جاتا ہے جو بچت اکاؤنٹ سے زیادہ ہوتا ہے۔ بینک سے فنڈز نکالنے پر عموما قدغن نہیں ہوتی مگر مخصوص حد سے بیلنس کم ہو تو بینک شرح سود کم کر دیتا ہے۔[40]

5- فرد کی ریٹائیرمنٹ کا اکاؤنٹ (Individual Retirement Account): ریٹائرمنٹ کیلئے بچت کی منصوبہ بندی کیلئے۔اس پر ٹیکس مراعات دی جاتی ہیں۔اس میں (Traditional) اور منقسم اکاؤنٹ زیاد معروف ہیں۔

6- چیک بکس (Cheque Book): چیک دراصل بینک کا شائع کردہ فارم ہوتا ہے جس پر کھاتہ دار بینک کو اپنے لئے یا کسی شخص یا ادارے کو اپنے کھاتہ سے ادائیگی کا حکم یا کراس چیک کے توسط رقم جمع کرنے کا حکم دیتا ہے۔

7- مختلف کارڈ: کریڈٹ کارڈ پر بینک ایک گردشی بیلنس کے ذریعے کارڈ ہولڈر کیلئے اشیاء وخدمات کے عوض تیسری پارٹی کو ادائیگی کر دیتا ہے اور اس پر سود وصول کرتا ہے۔[41] چارج کارڈ کا رکھنے والا ایک مہینے تک بلا سود رقم استعمال کرتا ہے اور مہینے کے اختتام پر اسے تمام رقم جمع کروانی ہوتی ہے ورنہ اس پر سود لگا دیا جاتا ہے۔[42] ڈیبٹ کارڈ ہولڈر اپنی جمع شدہ رقم کو ادائیگی کیلئے استعمال کرتا ہے اور ان پر سود ادا نہیں کرنا پڑتا۔[43]

10- اے ٹی ایم مشین (Automated Teller Machine): ان کے ذریعے اکاؤنٹ ہولڈر اپنے کھاتہ سے کارڈ کی مدد سے ایک خاص رقم کسی وقت بھی نکال سکتا ہے جس پر خدمت کے عوض فیس منہا کر لی جاتی ہے۔[44]

11- کال سینٹر (call centre): اس میں بینک معاملات ٹیلفون کال سے انجام دیتا ہے۔اکاؤنٹ ہولڈر اپنے کھاتہ سے متعلق ایام کار میں چوبیس گھنٹے مفت معلومات حاصل کر سکتا ہے اور ضروری ہدایات بھی دے سکتا ہے۔

12- تجارتی مراکز (business-centres): بینک مصروف کاروباری مقامات میں کھاتہ داروں کو وظائف وخدمات کی دستیابی کیلئے اپنی شاخیں یا مراکز قائم کرتے ہیں جنہیں تجارتی مراکز یا بزنس سنٹرز کہا جاتا ہے۔

13- کسٹمر ریلیشن شپ مینیجر (Customer Relationship Manager): بینک اپنے کاروبار کو

بڑھانے اور مقبول عام بنانے کیلئے زیادہ تر پرائیویٹ یا کاروباری حضرات کیلئے ان مینجرز کا تعین کرتے ہیں۔یہ مینیجر گاہکوں کے گھر یا کاروبار کے مقامات پر مل کر ان کی ضرورتوں کا اندازہ لگا کر پراڈکٹس اور خدمات کی دستیابی ممکن بناتے ہیں۔

بینکاری کو درپیش خطرات کی تنظیم کاری

خطرے کی شناخت، تجزیہ اور کنٹرول یا کم کرنے یا ختم کرنے کی منصوبہ بندی کو (Risk Management) کہا جاتا ہے۔بینکوں میں سرمایہ کے استعمال کا متعین طریقہ ہوتا ہے[45] جس میں سرمایہ کاری کی تنظیم سازی کے وقت مد نظر رکھا جاتا ہے مثلا (Cash Management)[46] میں لاگ بکس، ریموٹ ڈیپازٹس کیپچر جیسے امور کا خیال رکھا جانا۔اس طرح آمدن کی وصولی، نقود اور اثاثہ جات کو سرمایہ کاری میں شامل کیا جاتا ہے تاکہ گردش دولت و اشیاء کا عمل جاری رہے[47] اور منافع کے امکانات کو بڑھایا جائے[48] جبکہ قرض کی عدم واپسی کے رسک کو بیمہ سے کم کیا جاتا ہے۔گاہکوں کے اعتماد کیلئے بینک سرمایہ کا ایک حصہ نقود کی شکل میں محفوظ رکھا جاتا ہے اور حادثاتی صورتحال کیلئے بینک ایسے اثاثہ جات خرید لیتے ہیں جو قابل ذکر گروتھ کے ساتھ جلد فروختگی کی اہلیت رکھتے ہوں[49]۔ مارکیٹ اور حقیقی خریداری قیمت کے فرق کو (Capital Growth) کہا جاتا ہے۔[50] بینک کو درج ذیل خطرات کا سامنا ہو سکتا ہے[51]۔

1-**کریڈٹ رسک**: قرض دہندہ (بینک) کا یہ نقصان قرضدار کی نادہندگی یا معاہدے کے مطابق ادائیگی نہ کر سکنے کے باعث لاحق ہوتا ہے۔یہ رسک اس وقت زیادہ ہوتا ہے جب قرض دار رقوم کو آگے چلانا شروع کر دیتا ہے۔

2-**لیکوایڈٹی رسک**: اس خطرے کا تعلق ایسے اثاثے یا سیکیورٹی سے ہوتا ہے جسے حادثاتی نقصان سے بچنے یا مناسب منافع کیلئے مارکیٹ میں لایا جائے مگر سرعت سے فروخت نہ ہو سکے۔

3-**مارکیٹ رسک**: اس کا تعلق مارکیٹ کے دباؤ سے سرمایہ کاری یا تجارتی پورٹ فولیو کی مالیت میں کمی بیشی سے ہوتا ہے جو مارکیٹ پر اثر انداز ہونے والے عوامل سے وقوع پزیر ہوتی ہے۔

4-**آپریشنل رسک**: یہ رسک بینکاری کے کاروبار کے عملی آغاز کے ساتھ ہی معرض وجود میں آجاتا ہے۔

5-**شہرت رسک**: اس کا تعلق بینکاری کی اچھی شہرت اور اعتماد کی فضا سے ہوتا ہے۔

6-**میکرو اکنامک رسک**: اس رسک کا تعلق ان مجموعی معاشی حالات سے متعلق ہوتا ہے۔

اسلامی بینکاری کا مفہوم اور ضرورت و اہمیت

اسلامی بینکاری کو انگریزی میں Islamic banking جبکہ عربی میں 'المصرفیۃ الاسلامیہ' سے موسوم کیا جاتا ہے۔ فقہ اسلامی میں مروجہ بینکاری کی نظیر نہیں ملتی مگر جمہور علماء کے نقطۂ نظر سے اسلامی معیشت کے

اصولوں میں اس قدر وسعت اور گنجائش موجود ہے کہ مروجہ بینکاری کو اسلام کے سانچے میں ڈھال کر اسلامی بینکاری کا قیام عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ان علماء کی رائے میں اسلامی بینکاری سے مراد بینکاری کا ایسا نظام ہے کہ جس میں بینکاری کے تمام امور و معمولات اسلامی شریعہ کے مطابق انجام پذیر ہوں۔چنانچہ اس نظام بینکاری میں بینک اور گاہک کے درمیان طے پانے والے معاہدات و معاملات کی انجام دہی کیلئے لازم ہے کہ ان کی تکمیل میں شریعت کے اصولوں کی پاسداری کی گئی ہو۔[52] یا پھر اس مراد ایسا نظام بینکاری ہے جو اسلام کے فلسفہ و ثقافت اور اسلامی اقدار سے ہم آہنگ ہو۔اس میں طے پانے والے امور و معمولات اسلامی شریعہ کے اصول و ضوابط کے ماتحت و تابع ہوں اور اسے درپیش خطرات و تنظیم سازی کیلئے عصر حاضر کے مروجہ اچھی حکمرانی کے اصولوں کو استعمال کیا گیا ہو۔[53]

انسانی معاشرے میں ارتقائی عمل[54] سے گزرنے کے بعد مروجہ بینکاری مالیاتی لین کیلئے اہم ترین ضرورت کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔اس اہم کاروبار کے کثیر جہتی وظائف وخدمات کے باعث اب کسی بھی شخص کیلئے بینکوں کے بغیر کاروبار اور لین دین کرنا انتہائی مشکل ہوگیا ہے بالخصوص نائن الیون کے بعد عالمی مالیاتی لین دین کو بینکوں کے توسط سے انجام دینا مجبوری بنا دیا گیا ہے۔اب بینکاری قوانین میں اس قدر سختی لائی جاچکی ہے کہ اپنے خالص اثاثوں کے انتقال پر بھی بعض دفعہ کئی غیر متوقع سوالات کے جوابات دینے پڑتے ہیں۔مزید براں آج کے پر فتن حالات میں اپنی بچت یا زائد رقم کی حفاظت، انتقال، وصولی اور دیگر لین دین میں بینک محفوظ ترین مقامات ہیں بالخصوص بین الاقوامی تجارت کے حوالے سے کوئی تاجر اب بینکوں سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔اس کے علاوہ یہ بینک منتشر بچتوں کو جمع کر کے انہیں قومی ترقی میں لگانے کا اہم ذریعہ ہیں۔گویا اب بینک کے بغیر زندگی کا تصور ناممکن نہ سہی تو مشکل ترین ضرور بن چکا ہے۔اس پس منظر میں اسلامی بینکاری مسلمان معاشروں کی بہت بڑی ضرورت بن کر سامنے آئی ہے۔اسلامی نقطۂ نظر سے مروجہ بینکاری میں کئی قباحتیں پائی جاتی ہیں جن کو دور کئے بغیر اسلامی بینکاری کا وجود ممکن نہیں ہے کیونکہ بلا سود بینکاری اور اسلامی بینکاری باہم ایک شے نہیں ہیں بلکہ مؤخر الذکر کا مفہوم کہیں وسعت کا حامل ہے[55]۔

مروجہ بینکاری کے سلبی پہلوؤں کے باوجود اس کی عملی اہمیت کے پیش نظر علماء اسلام نے کئی شرعی تحفظات کے ہوتے ہوئے بھی عوام الناس کو حرج سے نکالنے کیلئے بینکوں سے مشروط انداز میں کرنٹ اکاؤنٹ کے ذریعے معاملات کرنے کا فتوی دیا۔مروجہ بینکاری کے انسانی زندگی میں بڑھتے ہوئے دخول کے پیش نظر علماء و مفکرین اسلام نے اس کے اسلامی متبادل کیلئے کام شروع کر دیا جس کو عالم اسلام کے اکثر دینی حلقوں میں تحسین کی نگاہ سے دیکھا گیا۔چنانچہ پاکستان سمیت تمام اسلامی ریاستوں کے معرض وجود میں آنے کے بعد امید واثق تھی

کہ اس سمت میں عملی پیش رفت میں نہ صرف مزید آسانیاں ہوں گی بلکہ یہ کام انتہائی سرعت سے آگے بڑھایا جائے گا۔استعمار سے آزادی کے باوجود اب تک کسی بھی مسلمان ریاست نے حکومتی سطح پر اقامت دین کے احیاء کی کوشش نہیں کی جس کی بنا پر کوئی مسلم ملک صحیح معنوں میں اسلامی ریاست نہیں بن سکا۔ یہاں نہ صرف استعماری نظام کی باقیات کا تاحال خاتمہ نہیں کیا جاسکا بلکہ اس عدم توجہی کے باعث عالم انسانی میں کہیں بھی صحیح اسلامی معاشرے کے خدوخال کا مشاہدہ نہیں کیا جاسکتا۔

اس تناظر میں عالم اسلام کے جمہور علماء [56] نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا۔ان کے سامنے فقط تین راستے رہ گئے تھے [57]، یہ کہ خود کو اس نظام سے الگ تھلگ کرلیں، یہ کہ اسی نظام کا حصہ بن کر اسے خوش آمدید کہہ دیں اور یہ کہ انسانی زندگی میں اس کے دخول کے پیش نظر حرج کو دور کرنے کیلئے اس کا متبادل نظام وضع کریں۔ درحقیقت پہلی صورت کو اسلام کے آفاقی و حرکی مزاج سے فرار ہے [58] جبکہ دوسری بات مسلمانوں کے اعتقاد سے میل نہیں کھاتی [59]، البتہ آخری صورتحال اسلام کے مزاج سے مطابقت رکھتی ہے کیونکہ اسلامی معاشی اصولوں سے اس کا حل ممکن تھا [60] جس سے نہ صرف مسلمانوں کی معاشی ضروریات کی تکمیل ممکن تھی بلکہ انہیں اللہ تعالی اور رسول ﷺ کے خلاف اعلان جنگ کی کیفیت سے بھی نکالا جاسکتا تھا۔تاریخ شاہد ہے کہ سود انسانی معیشت و معاشرت کیلئے زہر قاتل رہا ہے۔ اسلام نے اسے فقط حرام ہی قرار نہیں دیا بلکہ تجارت کی صورت میں اس کا نعم البدل بھی دیا ہے [61]۔ اسلامی نقطۂ نظر سے جہاں زنا کا عموم معاشرتی بگاڑ کا اظہار ہے وہیں سود کا رواج اقتصادی بگاڑ کا مظہر ہے [62]۔ مروجہ بینکاری ایک اہم ترین ضرورت کا مقام حاصل کرچکی ہے ۔بینکوں کا ایک اہم وظیفہ لوگوں کی متفرق بچتیں جمع کرنا ہے جسے ملک کی صنعت و تجارت میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ [63] گویا مروجہ بینکاری میں فقط سودی لین دین حرام و مضر ہے [64]۔ جمہور علماء کے نقطۂ نظر سے وہ اس اہم جدید کاروبار کا اسلامی متبادل دینے کے مکلّف ہیں تاکہ مروجہ بینکاری کو سود سے نکال کر شراکت و مضاربت پر لایا جائے [65] اور جدید نسل کو اس وہم باطل سے بچایا جائے کہ اسلام عصر حاضر کی مشکل کشائی سے قاصر ہے۔ [66] بلاشبہ فقہ اسلامی کا عظیم ذخیرہ [67] اس کا متبادل دینے کی بدرجہ اتم صلاحیت رکھتا ہے، کیونکہ 1400 سال پہلے مشارکہ و مضاربہ اور قرض حسنہ پر مبنی اسلامی بینکاری کے حقیقی ماڈل سے عالم انسانی متاثر ہوئی۔ [68] درحقیقت خلافت راشدہ میں قائم ہونے والا بیت المال آج کے مرکزی بینکوں سے زیادہ وسیع وظائف و خدمات کا حامل تھا [69]۔

اسلامی بینکاری میں فنانسنگ کے اہم آلات

اسلامی بینک کئی پراڈکٹس اور خدمات مہیا کررہے ہیں جن میں سے درج ذیل آلات زیادہ اہم ہیں: [70]

1-**شراکت** (Musharakah): شراکت[71] اسلامی فنانسگ کا بنیادی آلہ ہے لیکن اس کا حصہ بوجوہ بہت کم ہے۔ دو یا زیادہ فریقوں کا باہم سرمایہ ملا کر کاروبار کرنا شرکہ کہلاتا ہے۔ نفع ہو تو اسے شراکاء کے مابین پہلے سے رضامندی سے متعین شرح کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے۔ خسارہ ہو تو شراکاء کے سرمایہ کی نسبت سے ہر فریق کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ مالی شراکت کے علاوہ دیگر قسم کی شراکت داری[72] بھی ہو سکتی ہے۔

